www.dailybolan.com

MEMBER APNS — باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED حب، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

Mobile: 0336-6113760

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

فون و فیکس 0853-310203

صفحات 8 — قیمت 20 روپے

جلد 37 | جمعرات 24 ستمبر 2026، بمطابق 11 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ 285

بلوچستان، سیکیورٹی فورسز کے دہشتگردوں کیخلاف آپریشنز

19 دہشتگرد ہلاک

سیکیورٹی فورسز نے 21 ستمبر سے شعبان میں کلیئرنس آپریشن شروع کیا، کارروائی کے دوران فورسز نے دہشتگردوں کے متعدد ٹھکانوں کو موثر انداز میں نشانہ بنایا گیا

سیکیورٹی فورسز، قانون نافذ کرنیوالے ادارے ملک سے غیر ملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونیوالی دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) سیکیورٹی فورسز کی جانب سے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں آپریشنز کے دوران 19 دہشتگردوں میں جہنم واصل کر دیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق انٹیلی جنس اداروں نے ضلع کوئٹہ کے علاقے شعبان میں فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان سے وابستہ متعدد ٹھکانوں کی موجودگی کی اطلاع دی تھی، جو مقامی آبادی کیلئے خطرہ بن رہے تھے۔ مقامی آبادی کے تحفظ اور علاقے کو دہشتگردوں سے پاک کرنے کے لیے سیکیورٹی فورسز (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

نئے مالی سال کے 2 ماہ میں بیرونی قرضوں میں 23 فیصد اضافہ

جولائی تا اگست پاکستان نے ایک ارب 70 کروڑ ڈالر کی بیرونی مالی معاونت حاصل کی

گزشتہ سال اسی مدت میں ایک ارب 37 کروڑ ڈالر ملے تھے

کراچی (این این آئی) پاکستان کے نئے مالی سال کے ابتدائی 2 ماہ کے (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

امریکا ایران مذاکرات کا دوسرا روز، تہران نے شرائط واشنگٹن تک پہنچا دیں

نیویارک (این این آئی) نیویارک میں امریکا اور ایران کے درمیان (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7 پر)

وفاقی حکومت کا سول ایوارڈز کے موجودہ نظام پر نظرثانی کا فیصلہ

وزیراعظم نے سول ایوارڈز کے طریقہ کار کا جائزہ لینے کے لیے 16 رکنی کمیٹی تشکیل دے دی

کمیٹی میں سیکرٹری پارلیمانی امور، سیکرٹری تجارت اور چیئرمین ایف بی آر بھی شامل ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے سول ایوارڈز عطا کرنے کے (بقیہ 4 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم شہباز شریف سے بل گیٹس فاؤنڈیشن کا وفد ملاقات کر رہا ہے

کرم سیکٹر میں افغان طالبان کی پاکستانی سرحدی چوکیوں پر بلااشتعال فائرنگ، پاکستانی فورسز کا منہ توڑ جواب، دشمن کی توپیں خاموش کرادیں

افغان طالبان کی فضائی حدود کی خلاف ورزی

پاکستان نے 8 ڈرونز مار گرائے

دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے والے سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر فخر ہے، سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں قومی سلامتی کے تحفظ کے عزم کی عکاس ہیں، محسن نقوی

فورسز کی بلوچستان میں کارروائی، خواتین اور بچوں سمیت 103 غیر قانونی مقیم افغان باشندے گرفتار۔ گرفتار افغانی انسانی اسمگلرز کے ذریعے براستہ پاکستان، ایران اور یورپ جانے کی کوشش کر رہے تھے، ذرائع

کرم / پشاور / مستونگ / تربت / راولپنڈی / اسلام آباد (این این آئی) افواجِ پاکستان نے افغان طالبان رجیم کی جانب سے مبینہ طور پر ڈرونز کے ذریعے فضائی حدود کی خلاف ورزی کی کوشش ناکام بنا دی، پاکستانی حدود میں داخل ہونے والے 8 ڈرونز مار گرائے گئے، کرم سیکٹر میں افغان طالبان کی جانب سے پاکستانی سرحدی چوکیوں پر بلااشتعال فائرنگ کی گئی تاہم پاکستانی فورسز کا منہ توڑ جواب د (بقیہ 5 صفحہ 7 پر)

پشتون ثقافت بلوچستان کی تہذیبی شناخت کا اہم حصہ ہے

سرفراز بگٹی

ثقافتی ورثے کا تحفظ نئی نسل کو اپنی تاریخ، اقدار اور شناخت سے جوڑنے کا اہم ذریعہ ہے۔ ہماری ذمہ داری ہے کہ اپنی ثقافتوں، زبانوں اور روایات کو محفوظ بنائیں

پشتون کلچر ڈے نہ صرف پشتون ثقافت اور روایات کو اجاگر کرنے کا موقع ہے بلکہ امن، بھائی چارے، باہمی احترام اور رواداری کے فروغ کا بھی پیغام ہے

کوئٹہ (بولان بیورو) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتون برادری کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون ثقافت بلوچستان کی تہذیبی شناخت کا ایک اہم اور خوبصورت حصہ ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پشتون ثقافت میں مہمان نوازی، رواداری، بہادری، بھائی چارے اور انسان دوستی کی اعلیٰ روایات نمایاں ہیں، جنہوں نے معاشرے کی تشکیل اور اجتماعی اقدار کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان مختلف اقوام، زبانوں اور ثقافتوں کا حسین امتزاج ہے اور یہی ثقافتی ولسانی تنوع صوبے کی اصل خوبصورتی اور قوت (بقیہ 6 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد میں دفعہ 144 نافذ، ہر قسم کے اجتماع پر پابندی عائد

اسلام آباد (این این آئی) پنجاب کے بعد وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بھی دفعہ 144 نافذ کردی گئی جس کے تحت شہر میں کسی بھی قسم کے اجتماع پر پابندی لگادی گئی ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق وفاقی دارالحکومت میں دفعہ 144 کا نفاذ کر دیا گیا ہے، شہر میں کسی بھی (بقیہ 7 صفحہ 7 پر)

توشہ خانہ کے قواعد مزید سخت، وفاقی حکومت نے نئے رولز نافذ کر دیے

وزیراعظم اور صدر کے سوا تحائف وصول کرنے پر حوصلہ شکنی ہوگی

توشہ خانہ میں موجود اور موصول ہونے والے تمام تحائف کی نیلامی ہوگی، نوٹیفکیشن

اسلام آباد (این این آئی) توشہ خانہ کے قواعد مزید سخت کر دیے گئے، وفاقی حکومت نے نئے رولز نافذ کر دیے، کابینہ ڈویژن نے توشہ خانہ منیجمنٹ اینڈ ریگولیشن رولز 2026 کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ اسلام آباد سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق وزیراعظم اور صدر کے سوا تحائف وصول کرنے پر حوصلہ شکنی ہوگی، توشہ خانہ میں موجود اور موصول ہونے والے تمام تحائف کی نیلامی ہوگی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق (بقیہ 8 صفحہ 7 پر)

پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کے پیش نظر اسلام آباد کو کنٹینروں سے ڈھانپ دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے لانگ مارچ کے پیش نظر اسلام آباد کو کنٹینروں سے ڈھانپ دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وفاقی دارالحکومت کے مختلف راستوں پر ایک ہزار سے زائد کنٹینرز لگا دیئے گئے۔ شہر کے اندر بھی ایک ہزار کنٹینر پہنچا دیے گئے ہیں (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7 پر)

امریکی پابندیوں کے باوجود ایرانی ایئرلائنز کی بین الاقوامی پروازیں جاری

تہران (این این آئی) امریکی پابندیاں عائد کیے جانے کے باوجود ایرانی ایئرلائنز کی بین الاقوامی پروازیں جاری رہنے کا انکشاف ہوا ہے۔ فلائٹ ٹریکنگ ویب سائٹ کے مطابق ایرانی ایئرلائنز کی پروازیں متحدہ عرب امارات، ترکیہ، چین، آذربائیجان اور افغانستان سمیت مختلف ممالک کے لیے چلائی گئیں، جبکہ تھائی لینڈ کے (بقیہ 11 صفحہ 7 پر)

پی ٹی آئی مارچ، اسلام آباد، پنڈی، اٹک میں پولیس نفری بڑھادی

پی ٹی آئی لانگ مارچ، وفاقی پولیس نے ضروری ساز و سامان کی فہرست تیار کر لی

آنسو گیس شیل فائر کرنے والی 1300 گنز موجود، مزید 500 کا آرڈر دیدیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کے اعلان کے بعد اسلام آباد پولیس نے تیاریاں تیز کر دیں۔ وفاقی پولیس نے شہر کے داخلی راستے بند کرنے اور مظاہرین سے نمٹنے کیلئے ضروری سامان کی فہرست تیار کر لی۔ اسلام آباد پولیس کے مطابق شہر کے انٹری پوائنٹس بند کر (بقیہ 10 صفحہ 7 پر)

وفاقی پولیس پی ٹی آئی کے احتجاج میں پہلی بار نیٹ لانچر کا استعمال کرے گی

جدید نیٹ لانچر مشکل حالات میں ملزمان کو قابو کرنے میں معاونت فراہم کرے گا، پولیس

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے 27 ستمبر کے لانگ مارچ کے معاملے پر حکومت کی جانب سے مظاہرین سے نمٹنے کیلئے وفاقی پولیس کو نیٹ لانچر فراہم کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق مزاحمت، اور سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے والے مظاہرین کے خلاف نیٹ لانچر استعمال کیا جائے گا، وفاقی پولیس پی ٹی آئی کے احتجاج میں پہلی بار نیٹ لانچر کا استعمال کرے گی۔ (بقیہ 12 صفحہ 7 پر)

حکومت اور اپوزیشن مذاکرات کا ایجنڈا کیا ہوگا؟ حکمت عملی طے

اپوزیشن سے مذاکرات آئینی وقانونی دائرے میں رکھنے کا فیصلہ

وزیراعظم کی امریکا سے واپسی کے بعد محمود اچکزئی سے ملاقات متوقع

وزیراعظم، اپوزیشن لیڈر ملاقات میں صرف چیف الیکشن کمشنر اور دو ارکان کی تقرری پر بات ہوگی

سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجا ناصر عباس نے حکومت کو کھلے الفاظ میں مذاکرات کی پیشکش کی ہے

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈرز کی جانب سے مذاکرات کی پیشکش پر وفاقی حکومت نے مذاکرات کے حوالے سے اپنی حکمت عملی طے کر لی۔ ذرائع (بقیہ 14 صفحہ 7 پر)

پنجاب میں ہمارے ورکرز کی زندگیاں اجیرن بنادی گئی ہیں، اسد قیصر

پنجاب میں فری اینڈ فیئر الیکشن ہوجائیں وزیراعلیٰ 10 سیٹیں بھی جیت گئیں تو سیاست چھوڑ دوں گا، سابق اسپیکر

گزشتہ روز وفاقی وزیر اطلاعات آئے اور دھمکیاں دے رہے تھے، آپ جس لہجے میں بات کرتے ہیں یاد رکھے وقت ایک جیسا نہیں رہتا

صوابی (این این آئی) سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ پنجاب میں ہمارے ورکرز کی زندگیاں اجیرن بنادی گئی ہیں، کسی شہری کو یہ حق حاصل نہیں کہ پبلک میں بات کرے یا جلسہ جلوس کرے۔ صوابی میں ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب کو چیلنج دیا کہ آج پنجاب میں فری اینڈ فیئر الیکشن ہوجائیں آپ 10 سیٹیں بھی جیت گئیں تو وہ سیاست چھوڑ دیں (بقیہ 13 صفحہ 7 پر)

سومنات پر 17 حملے ہوئے تھے، گنتی کر لیں کتنے ہوگئے، کتنے باقی ہیں، خواجہ آصف کی پی ٹی آئی پر تنقید

دوسرے دن وفاق پر حملے کی تیاری شروع کردی جاتی ہے، پی ٹی آئی کو خیبر پختونخوا کا بھی 13 سال کا حساب دینا ہوگا، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے پی ٹی آئی پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ 13 سال سے ایک صوبے کو لوٹا جا رہا ہے لیکن پھر بھی تسلی نہیں۔ ایک بیان میں خواجہ آصف (بقیہ 15 صفحہ 7 پر)

ٹیکس فراڈ ملوث تاجروں کی گرفتاری تاجر تنظیموں کی مشاورت سے ہوگی ایف بی آر

ایف بی آر نے سیلز ٹیکس جنرل آرڈر نمبر 2 آف 2025 کے تحت تاجروں کی گرفتاری سے قبل تحقیقات کے تفصیلی طریقہ کار بھی جاری کردیا تھا

ایف بی آر نے نوٹی فکیشن جاری کر دیا، جس کے مطابق تاجر کمیٹی سے مشاورت لازمی کی جائے گی

کراچی (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ٹیکس فراڈ میں ملوث تاجروں کی گرفتاری سے قبل تاجر تنظیموں کے نمائندوں سے مشاورت کیلئے نامزد کردہ کاروباری و تاجر تنظیموں کینمائندگان کی فہرست جاری کردی ہے۔ ایف بی آر نے باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کردیا، جس کے مطابق سیلز ٹیکس جنرل آرڈر نمبر 02 آف 2025 کے تحت ایف بی آر نے کاروباری برادری کے نمائندگان کو نامزد کیا ہے۔ ان نمائندگان کا تعلق پاکستان بزنس کونسل، لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری، فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی)، آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن (اپٹما)، ملتان چیمبر، کوئٹہ چیمبر، حیدرآباد چیمبر اور سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سے ہوگا۔ ایف بی آر کے مطابق جب تک کاروباری نمائندگان سے مشاورت نہیں کی جائے گی کسی بھی تاجر کے خلاف تحقیقات کی منظوری ممبر ان لینڈ ریونیو آپریشنز کی جانب سے نہیں دی جائے گی۔ ایف بی آر نے سیلز ٹیکس جنرل آرڈر نمبر 2 آف 2025 کے تحت تاجروں کی گرفتاری سے قبل تحقیقات کے تفصیلی طریقہ کار بھی جاری کر دیا تھا اور سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کی سیکشن 37اے کے مطابق قبل از گرفتاری کمیٹی کی تشکیل کی گئی ہے جس میں متعلقہ زون سے کاروباری برادری کے دو نمائندے شامل ہوں گے۔ ان نمائندگان کی موجودگی اس بات کی ضمانت ہوگی کہ تاجروں پر کسی قسم کا غیر ضروری دباؤ یا کارروائی نہ کی جائے، ایف بی آر کے جاری کردہ سیلز ٹیکس جنرل آرڈر (ایس ٹی جی او) کے مطابق کسی بھی تفتیش کے آغاز سے قبل کمشنر کی منظوری ضروری ہوگی تفتیش مکمل ہونے کے بعد کمشنر ممبر ان لینڈ ریونیو آپریشنز کی منظوری کے بغیر مزید کارروائی کا مجاز نہیں ہوگا تاہم منظوری سے قبل کمشنر پر لازم ہوگا کہ وہ ایف بی آر کی جانب سے نامزد کردہ کاروباری برادری کے دو نمائندگان سے مشاورت کرے۔ مزید برآں ایف بی آر نے ہدایت کی ہے کہ تمام متعلقہ تجارتی تنظیمیں اپنے دو دو نمائندگان نامزد کریں جو کہ باقاعدہ ٹیکس دہندہ اور نمایاں کاروباری حیثیت رکھتے ہوں اور ان کے نام ممبر ان لینڈ ریونیو آپریشنز ایف بی آر ہیڈ کوارٹرز کو ارسال کریں۔ بعد ازاں ایف بی آر ہر ریجن کے لیے دو نمائندگان کا تقرر کرے گا، جنہیں ان کی ٹیکس ادائیگی، برآمدات اور کمپلائنس ہسٹری کی بنیاد پر منتخب کیا جائے گا۔ ایف بی آر کے مطابق کسی ایک ریجن میں ایک ہی تجارتی تنظیم سے صرف ایک نمائندہ منتخب کیا جائے گا یہ اقدام کاروباری برادری کے اعتماد کی بحالی اور غیر ضروری کارروائیوں کے تدارک کے لیے ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ واضح رہے کہ وفاقی بجٹ 2025-26 کے اعلان کے بعد سے اب تک کسی بھی تاجر کے خلاف ٹیکس فراڈ کے الزام میں کوئی ایف آئی آر درج نہیں کی گئی ہے کیونکہ تاجر وصنعت کار برادری کی جانب سے شدید ردعمل ظاہر کیا گیا تھا جس کے باعث حکومت نے عملدرآمد روک دیا تھا اور اب تاجر تنظیموں کے نمائندوں کو نامزد کیا گیا ہے، جنہیں ٹیکس فراڈ میں ملوث کسی بھی تاجر وصنعتکار کی گرفتاری سے پہلے ان بورڈ لیا جائے گا۔

فیروزوالہ میں سلنڈر دھماکے سے چھت گرگئی، 7افراد زخمی

لاہور (این این آئی) فیروزوالا کے علاقہ لاہور روڈ جاوید نگر سٹاپ کے قریب سلنڈر دھماکے کے باعث چھت گرنے سے 7افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق فیکٹری ورکرز کی رہائشی بلڈنگ میں سلنڈر پھٹنے سے چھت گرگئی، کال موصول ہوتے ہی ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیم نے فوراً ریسپانس کیا

مکتب سید الساجدین کراچی پاکستان کے زیراہتمام 14 مستحق جوڑوں کی اجتماعی شادی کی تقریب

تقریب میں محمد مسعود حسن بھٹی اور مولانا فدا حسین کھوسہ نے نظامت کے فرائض انجام دیے

ماتلی (رپورٹ دلمراد کمبوہ) مکتب سید الساجدین کراچی پاکستان کے زیراہتمام 14 مستحق جوڑوں کی اجتماعی شادی کی تقریب مقامی شادی ہال میں منعقد ہوئی۔ جس کی صدارت مکتب کے مدیر اعلیٰ مولانا ارشد حسین جعفری نے کی۔ تقریب میں محمد مسعود حسن بھٹی اور مولانا فدا حسین کھوسہ نے نظامت کے فرائض انجام دیے جبکہ مولانا نیاز حسین ببر اور مولانا علی نواز کورائی نے منقبت خوانی کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مولانا ارشد حسین جعفری نے کہا کہ مکتب سید الساجدین مخیر مومنین کے تعاون سے مستحق خاندانوں کی اجتماعی شادیوں، مساجد و امام بارگاہوں کی تعمیر، سیلاب متاثرین کی امداد اور دینی تعلیم کے فروغ سمیت مختلف سماجی و مذہبی خدمات انجام دے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جن علاقوں میں بچوں کو دینی تعلیم کی سہولت میسر نہیں، وہاں دینی مدارس قائم کیے جا رہے ہیں۔ اجتماعی شادی کا خطبہ مولانا امیر رحمانی نے دیا جبکہ مولانا فدا حسین کھوسہ اور مولانا نیاز حسین ببر نے جوڑوں کے نکاح پڑھائے۔ بعدازاں رضوان احمد راجپوت اور ان کی ٹیم کی جانب سے امام حسن کے دسترخوان کا اہتمام کیا گیا۔

گوادر، ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پی آئی اے ملازم کو قبل از گرفتاری ضمانت خارج ہونے پر گرفتار کرلیا

ایف آئی اے کے مطابق ملزم کے خلاف ایف آئی آر نمبر 141/2026، ایف آئی اے اے ایچ ٹی سی ملتان میں درج ہے

ملتان (نمائندہ بولان) ایف آئی اے کمپوزٹ سرکل ملتان نے انسانی اسمگلنگ اور مبینہ ویزا فراڈ کے کیس میں کارروائی کرتے ہوئے پی آئی اے ملازم کو قبل از گرفتاری ضمانت خارج ہونے پر گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے کے مطابق ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر عثمان انور اور ڈائریکٹر ملتان زون سید ارتضیٰ حیدر کی ہدایات پر انسانی اسمگلنگ، غیرقانونی سفری سہولیات اور ویزا فراڈ میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ ایف آئی اے کمپوزٹ سرکل ملتان نے ڈپٹی ڈائریکٹر احسن علی ہانی باجوہ کی نگرانی میں 22 ستمبر 2026 کو ملزم مبشر خان ولد محمد انور کو ہائی کورٹ ملتان سے قبل از گرفتاری ضمانت خارج ہونے کے بعد گرفتار کیا۔ ایف آئی اے کے مطابق ملزم کے خلاف ایف آئی آر نمبر 141/2026، ایف آئی اے اے ایچ ٹی سی ملتان میں درج ہے۔ مقدمے میں الزام ہے کہ ملزم نے 2025 میں شکایت کنندہ کے خاندان کے عمرہ ویزوں اور او کے بی پر دستخط اور تصدیق کی، جو مبینہ طور پر جعلی تھے۔ ایف آئی اے کا کہنا ہے کہ مبینہ جعلی دستاویزات کے باعث شکایت کنندہ کے خاندان کو سعودی عرب پہنچنے پر گرفتاری کا سامنا کرنا پڑا

آئل ریفائنریز کی جدید کاری کے معاہدوں پر دستخط (آج) ہوں گے

کراچی (این این آئی) ملکی آئل ریفائنریز کی جدید کاری کے حوالے سے اہم پیشرفت سامنے آگئی، ریفائنریز کو جدید بنانے کے معاہدوں پر دستخط آج (24 ستمبر) ہوں گے، منصوبوں کے تحت تقریباً6 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق آئل ریفائنریز کی جدید کاری کے معاہدوں پر دستخط کیلئے تمام انتظامات مکمل کرلیے گئے ہیں، منصوبوں پر عملدرآمد کا دورانیہ 5سال مقرر کیا گیا ہے۔

ملتان، ڈپٹی کمشنر محمد فیصل سلیم کی ہدایت پر تجاوزات کیخلاف آپریشن ہو رہا ہے

ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کو اسپانسر کرنا میڈی کیم گروپ کا ناقابل فراموش کارنامہ ہے: اعظم خان

زون چھ وائٹس نے ٹچ می ٹرافی انڈر 15-انٹرزونل کرکٹ ٹورنامنٹ جیتنے کا اعزاز حاصل کرلیا

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) کرکٹ کے فروغ کیلئے ہمارا ادارہ میڈی کیم گروپ آف کمپنیز ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے ساتھ اپنا تعاون جاری رکھے گا اس کا اعلان مہمان خصوصی جاوید اختر کیانی گروپ میڈیا منیجر میڈی گروپ آف کمپنیز نے گزشتہ روز کے سی سی اے اسٹیڈیم پر ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے زیر اہتمام منعقد کردہ آرسی اے کے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے پہلے مرحلے ٹچ می ٹرافی انڈر 15 انٹرزونل کرکٹ ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر علی حسین سیکرٹری آرسی اے کراچی نے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کو اسپانسر کرنے پر میڈی کیم گروپ اور جنید خلیل ٹینی تال والا کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ امید ہے یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔ محمد توصیف صدیقی جوائنٹ سیکرٹری نے ٹورنامنٹ کے بارے میں تفصیلات سے آگاہ کیا۔ اعظم خان کوآرڈینیٹر نے اپنے خطاب میں شاندار کھیل پیش کرنے پر زون چھ وائٹس اور زون دو وائٹس کو مبارکباد پیش کی اور اعلان کیا کہ ہم ندیم عمر کی قیادت میں گراس روٹ لیول پر کراچی میں کرکٹ کے فروغ کے لئے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔ قبل ازیں کھیلے گئے فائنل میچ میں زون چھ وائٹس نے زون دو وائٹس کو 8وکٹوں سے شکست دے کر ٹچ می ٹرافی انڈر 15-انٹر زونل کرکٹ ٹورنامنٹ جیتنے کا اعزاز حاصل کرلیا۔ زون دو پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 118 رنز بنا کر آٹ ہوگئی۔ عاطف نے 25 اور محمد امام نے 22 رنز بنائے۔ یونس خان نے 20، انس آفریدی نے 23 اور خزیمہ سلال نے 24 رنز دیکر 2-2 کھلاڑیوں کو آوٹ کیا۔ جواب میں زون چھ وائٹس نے 2 وکٹوں کے نقصان پر مطلوبہ 119 رنز بنالئے۔ آئیش ملک نے 6 چوکوں کی مدد سے 48 اور فیصل قربان نے 3 چوکوں کی مدد سے 37 رنز بنائے۔ میچ کے اختتام پر مہمان خصوصی جاوید اختر کیانی گروپ میڈیا منیجر میڈی کیم گروپ آف کمپنیز اور علی حسین سیکرٹری آرسی اے کراچی نے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے۔ ونر ٹرافی زون چھ وائٹس کے کپتان آئیش ملک اور رنر ٹرافی زون دو کے کپتان محمد امام نے حاصل کی۔ جبکہ بہترین بیٹسمین اور فائنل کا مین آف دی میچ ایوارڈ آئیش ملک اور بہترین بالر کا ایوارڈ ذکی اسلم نے حاصل کیا۔ تقریب میں خالد نفیس چیرمین ٹورنامنٹ کمیٹی، سید محمد احمد نقوی، محمد ریحان صدیقی اسسٹنٹ سیکریٹریز، نصرت اللہ خان، ظفر خان، صائم احمد، ضامن علی، نوشاد احمد خان، محمد نظام، اقبال خان، ماجد خان، امیر الدین انصاری، خالد عباسی، زیب اقبال، نوید الامین، صغیر احمد، محمد طارق حفیظ، اعجاز پچی، اور دیگر معززین نے شرکت کی۔

پیپلز پارٹی کی قیادت اپنے وزرا کو لگام دے، علی خورشیدی

کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما اور سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر علی خورشیدی نے پیپلز پارٹی کی صوبائی حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی قیادت اپنے وزرا کو لگام دے، صوبائی وزرا سیاسی چھچھورے پن کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی خورشیدی نے کہا کہ موجودہ طرز حکمرانی عوامی مسائل حل کرنے میں ناکام ہو چکا ہے، کراچی میں گٹروں کے ڈھکن نہ ہونے کے باعث اموات ہو رہی ہیں،

کراچی، صفورا چورنگی کے قریب ڈکیتی، ملزمان ڈیلیوری بوائے سے کھانا بھی لے گئے

کراچی (این این آئی) صفورا چورنگی کے قریب ریس کورس کے علاقے میں گھر کے باہر فوڈ ڈیلیوری بوائے کو 2 مسلح ملزمان نے لوٹ لیا، واردات کی ویڈیو بھی سامنے آگئی۔ ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ دونوں ملزمان نے ڈیلیوری بوائے سے موبائل فون، نقدی اور دیگر دستاویزات چھین لیں،

بدین: پرائمری ٹیچرس ایسوسیئیشن کی جانب سے اساتذہ کی ترقیوں میں مبینہ ناانصافی کے خلاف علامتی بھوک ہڑتال.

یاسر علی جمالی کی نگرانی میں طلبہ میں یونیفارم، تعلیمی سامان اور اسپورٹس کا سامان تقسیم کیا گیا

طلبہ کے درمیان کرکٹ، فٹ بال، والی بال اور رسی کشی کے شاندار مقابلے بھی منعقد کیے گئے

گنداخہ (نورحسن جمالی) گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول الاہی بخش جمالی میں ہیڈ ماسٹر شاہین اسلم سمیجو اور اسکول اسٹاف استاد ذوالفقار علی جمالی، استاد سید زاہد علی شاہ اور استاد یاسر علی جمالی کی نگرانی میں طلبہ میں یونیفارم، تعلیمی سامان اور اسپورٹس کا سامان تقسیم کیا گیا، جبکہ طلبہ کے درمیان کرکٹ، فٹ بال، والی بال اور رسی کشی کے شاندار مقابلے بھی منعقد کیے گئے۔ کھیلوں کے مقابلوں میں طلبہ نے بھرپور جوش وخروش کے ساتھ حصہ لیا اور اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ اسکول انتظامیہ کی جانب سے طلبہ کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا گیا کہ تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں کی سرگرمیاں بچوں کی جسمانی صحت، ذہنی نشوونما اور باہمی تعاون کے جذبے کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ اس موقع پر ہیڈ ماسٹر شاہین اسلم سمیجو نے کہا کہ اسکول میں طلبہ کو معیاری تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے اساتذہ اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کر رہے ہیں۔ اسکول میں تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ کھیلوں پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ طلبہ تعلیم کے ساتھ ساتھ غیر نصابی سرگرمیوں میں بھی آگے بڑھ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ اسکول کو اس وقت متعدد بنیادی سہولیات کی ضرورت ہے

کراچی، ایوب گوٹھ میں مبینہ غلط انجکشن سے بچہ جاں بحق

کراچی (این این آئی) نیو کراچی کے علاقے ایوب گوٹھ میں مبینہ طور پر غلط انجکشن لگنے سے بچہ جاں بحق ہوگیا، ورثاء نے کلینک انتظامیہ پر ڈرپ میں غلط انجکشن ملانے کا الزام عائد کیا ہے۔ پولیس کے مطابق جاں بحق بچے کی شناخت عبدالاحد کے نام سے ہوئی ہے، بچے کی لاش پوسٹ مارٹم کیلئے عباسی شہید اسپتال منتقل کردی گئی ہے۔ ورثاء نے کہا کہ عبدالاحد کو بدھ کی دوپہر بخار کے باعث علاج کیلئے کلینک لایا گیا تھا، جہاں اسے ڈرپ لگائی گئی۔

ملک نواز جوکھیو کی روزگار کے لیے احتجاجی تحریک 28ویں روز میں داخل

مقامی نوجوانوں کو روزگار کے مواقع میں نظرانداز کرنا کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ملک نواز جوکھیو کی روزگار کے لیے احتجاجی تحریک 28ویں روز میں داخل، جسقم چیئرمین صنعان قریشی کا اظہارِ یکجہتی، ہر حال میں سرپرستی کا اعلان ٹھٹھہ کے مقامی نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے اور مقامی لوگوں کو ان کا جائز حق دلانے کے لیے نوجوان ملک نواز جوکھیو کی جانب سے ڈپٹی کمشنر آفس کے گیٹ پر جاری احتجاجی نشست کو آج 28دن مکمل ہوگئے۔ اس موقع پر جسقم چیئرمین صنعان خان قریشی، ضلعی قیادت غلام نبی کھٹی، مالک بروہی، لاڑ ڈویژن کے رہنما نظام الدین جوکھیو، انور جاکرو اور دیگر ساتھی احتجاجی کیمپ پہنچے اور ملک نواز جوکھیو سے اظہار یکجہتی کیا۔ اس موقع پر جسقم چیئرمین صنعان خان قریشی نے کہا کہ ٹھٹھہ کے نوجوانوں کا روزگار کا مطالبہ جائز ہے، مقامی نوجوانوں کو روزگار کے مواقع میں نظرانداز کرنا کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم ملک نواز جوکھیو اور ٹھٹھہ کے نوجوانوں کی ہر حال میں سرپرستی کریں گے اور ان کے حقوق کے لیے آواز اٹھاتے رہیں گے۔ جسقم رہنماں نے مطالبہ کیا کہ ٹھٹھہ ضلع میں قائم سرکاری و نجی اداروں، ونڈ انرجی منصوبوں اور دیگر ترقیاتی منصوبوں میں مقامی نوجوانوں کے لیے روزگار کے مناسب مواقع پیدا کرکے انہیں ان کا جائز حق دیا جائے اور روزگار کی تقسیم میں مقامی لوگوں کو ترجیح دی جائے۔

ٹھٹھہ، ڈپٹی کمشنر سرمد علی بھاگت سے وفد ملاقات کر رہا ہے

پارٹی کارکنوں کے ساتھ ناانصافی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، اکبر علی چنہ

حیدر اچکزئی کو وزیراعظم یوتھ افیر کوارڈینیٹر کے منصب سے ہٹانا کے خلاف مسلم لیگی کارکنان سراپا احتجاج

استا محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستہ محمد حیدر اچکزئی کو وزیراعظم یوتھ افیر کوارڈینیٹر کے منصب سے ہٹانا کے خلاف مسلم لیگی کارکنان سراپا احتجاج میں قائد عوام سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف و مرکزی قائدین فیصلے پر نظرثانی کریں حیدر اچکزئی کو منصب سے ہٹانا پارٹی کارکنوں اور نوجوانوں سے ناانصافی ہوگی، پارٹی کارکنوں کے ساتھ ناانصافی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ نصیرآباد ڈویژن کے جوائنٹ سیکرٹری اکبر علی چنہ بانی رکن طاہر نعمانی اور ضلع اوستہ محمد کے ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی مشتاق احمد بوہڑ نے بولان 15 ہزار سے بات چیت کرتے ہوئے کیا کہ پاکستان مسلم لیگ بلوچستان کے کارکنوں کو دیوار سے لگانے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے، حیدر خان اچکزئی کو یوتھ کوارڈینیٹر کے منصب سے ہٹانا بلوچستان کے نوجوانوں اور پارٹی کے مخلص کارکنوں کے ساتھ ناانصافی کے مترادف ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں مسلم لیگ کے نظریاتی اور مخلص کارکنوں کو دیوار سے لگانے کی مبینہ کوششیں تشویشناک ہیں، جن کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ پارٹی کارکنان نے ہمیشہ مسلم لیگ کے لیے مشکل حالات میں جدوجہد کی ہے، اس لیے ان کی خدمات اور قربانیوں کو نظرانداز نہیں کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ حیدر خان اچکزئی پارٹی کے مخلص اور نظریاتی کارکن ہیں، انہیں وزیراعظم یوتھ افیئرز کے کوارڈینیٹر کے منصب سے ہٹانا پارٹی کارکنوں اور بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے باعث تشویش ہے۔

شہر کی تاجر برادری، شہریوں اور گنداخہ پریس کلب کے صحافیوں کے ساتھ کھلی کچہری کا انعقاد

ڈی ایس پی نے غور سے سنا اور مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کی یقین دہانی کرائی

گنداخہ (نورحسن جمالی) گنداخہ کی تاریخ میں پہلی بار ڈی ایس پی سرکل/ایس ڈی پی او گنداخہ محمد علی جمالی اور ایس ایچ او گنداخہ حاجی خان لاشاری کی جانب سے شہر کی تاجر برادری، شہریوں اور گنداخہ پریس کلب کے صحافیوں کے ساتھ کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں بڑی تعداد میں تاجروں، شہریوں اور صحافیوں نے شرکت کی۔ کھلی کچہری کے دوران تاجر برادری، شہریوں اور صحافیوں نے علاقے میں امن وامان، ٹریفک، جرائم کی روک تھام اور دیگر مسائل کے حوالے سے ڈی ایس پی محمد علی جمالی کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر شہریوں نے اپنے مسائل اور تجاویز بھی پیش کیں، جنہیں ڈی ایس پی نے غور سے سنا اور مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔ ڈی ایس پی سرکل گنداخہ محمد علی جمالی نے کہا کہ شہریوں کی جان ومال کے تحفظ اور علاقے میں پائیدار امن کے لیے پولیس تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ شہریوں کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے، پولیس اور عوام کے درمیان رابطے کو مزید مضبوط بنایا جائے گا جبکہ تاجروں اور شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جرائم کی روک تھام اور امن وامان کے قیام میں عوام کا تعاون انتہائی اہم ہے،

سوراب میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ تھم نہ سکی، رات کو ایک گھنٹے بعد بجلی کی دوبارہ بندش معمول بن گئی

غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری خاتمہ کرکے بجلی کی فراہمی کا باقاعدہ اور واضح شیڈول جاری کیا جائے

سوراب (نمائندہ بولان) سوراب شہر اور گردونواح میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بدستور جاری ہے، جس کے باعث شہری شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ شہریوں کے مطابق رات کے اوقات میں بجلی بحال ہونے کے صرف ایک گھنٹے بعد دوبارہ بند ہوجاتی ہے، جس سے بجلی کی آنکھ مچولی معمول بن گئی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث گھریلو معمولات، کاروباری سرگرمیاں اور طلبہ کی پڑھائی بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ عوام نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری خاتمہ کرکے بجلی کی فراہمی کا باقاعدہ اور واضح شیڈول جاری کیا جائے۔

ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فیصل سلیم نے شجرکاری مہم کے سلسلے میں اجلاس کی صدارت

اجلاس میں مختلف محکموں کو شجرکاری کے حوالے سے واضح اہداف تفویض کیے گئے

ملتان (نمائندہ بولان) ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فیصل سلیم نے شجرکاری مہم کے سلسلے میں اجلاس کی صدارت کی، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز محسن نثار بھی موجود تھے۔ اجلاس میں مختلف محکموں کو شجرکاری کے حوالے سے واضح اہداف تفویض کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ ہر محکمہ اپنے مقررہ ہدف کے مطابق پودے لگانے کے ساتھ ساتھ ان کی حفاظت، پانی کی فراہمی اور افزائش کی ذمہ داری بھی یقینی بنائے۔ شہر کے تمام داخلی و خارجی راستوں، مرکزی چوکوں، گرین بیلٹس اور اہم شاہراہوں پر دستیاب جگہوں کی نشاندہی کرکے وہاں مرحلہ وار تیار پودے لگائے جائیں گے۔ ہر محکمے کو پودوں کی تعداد اور مخصوص مقامات کا ہدف دیا جائے گا جبکہ باقاعدگی سے مانیٹرنگ کرکے پودوں کی بقا اور افزائش کی رپورٹ بھی حاصل کی جائے گی

کراچی: مہمان خصوصی جاوید اختر کیانی گروپ میڈیا منیجر میڈی گروپ آف کمپنیز ٹچ می انڈر 15-انٹرزونل کرکٹ ٹورنامنٹ کی فاتح ٹرافی زون چھ وائٹس کے کپتان آئیش ملک کو دے رہے ہیں اس موقع پر علی حسین سیکرٹری آرسی اے کراچی، خالد نفیس چیرمین ٹورنامنٹ کمیٹی، اعظم خان کوآرڈینیٹر، محمد توصیف صدیقی جوائنٹ سیکرٹری بھی موجود ہیں

سی ٹی اسکین اور ایم آر آئی مشینوں کی عدم فعالیت کی شکایات پر ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ کا سخت نوٹس

سول اسپتال مکلی کا اچانک دورہ، مشینیں فوری فعال کرنے کی ہدایت

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) سی ٹی اسکین اور ایم آر آئی مشینوں کی عدم فعالیت کی شکایات پر ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ کا سخت نوٹس، سول اسپتال مکلی کا اچانک دورہ، مشینیں فوری فعال کرنے کی ہدایت - ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ سرمد علی بھاگت نے سول اسپتال مکلی میں سی ٹی اسکین اور ایم آر آئی مشینوں کے غیر فعال اور بند ہونیکی شکایات کا سخت نوٹس لیتے ہوئے اچانک سول اسپتال مکلی کا دورہ کیا اور متعلقہ شعبوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے سی ٹی اسکین اور ایم آر آئی شعبوں کا جائزہ لیا اور جدید تشخیصی مشینوں کی تنصیب اور فعالیت سے متعلق صورتحال پر متعلقہ حکام سے بریفنگ لی۔ اس موقع پر انہوں نے بغیر انسٹالیشن کے موجود سی ٹی اسکین اور ایم آر آئی مشینوں کا بھی معائنہ کیا اور مشینوں کی عدم فعالیت پر سخت برہمی کا اظہار کیا۔ ڈپٹی کمشنر سرمد علی بھاگت نے واضح ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ جدید طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے دستیاب مشینری کو محض موجود رکھنے کے بجائے اسے فوری طور پر فعال بنانا انتہائی ضروری ہے، تاکہ ضلع ٹھٹھہ کے عوام کو بروقت اور معیاری تشخیصی سہولیات مقامی سطح پر میسر آسکیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو سختی سے ہدایت کی کہ سی ٹی اسکین اور ایم آر آئی مشینوں کی انسٹالیشن اور دیگر ضروری انتظامات کا عمل بلاتاخیر مکمل کیا جائے

انسداد پولیو مہم کے حوالے سے ضلع ٹھٹھہ میں تیسرے روز بھی سخت فول پروف سیکیورٹی انتظامات

فول پروف حفاظتی انتظامات اور پولیس حصار میں پولیو ورکرز اپنے فرائض نبھانے کے لیے کوشاں ہیں

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ایس ایس پی ٹھٹھہ عدیل حسین چانڈیو کی جانب سے انسداد پولیو مہم کے حوالے سے ضلع ٹھٹھہ میں تیسرے روز بھی سخت فول پروف سیکیورٹی انتظامات آئی جی پی سندھ جاوید عالم اوڈھو اور ڈی آئی جی پی حیدرآباد رینج طارق رزاق خان دھاریجو کی ہدایات پر ایس ایس پی ٹھٹھہ عدیل حسین چانڈیو کی جانب سے انسداد پولیو مہم کے حوالے سے ضلع بھر میں تیسرے روز بھی سخت فول پروف سیکیورٹی انتظامات کیے گئے۔ ایس ایس پی ٹھٹھہ نے کہا کہ 21 ستمبر 2026 بروز پیر سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے دوران 375 پولیس افسران و اہلکاروں اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں اس کے علاوہ فول پروف حفاظتی انتظامات اور پولیس حصار میں پولیو ورکرز اپنے فرائض نبھانے کے لیے کوشاں ہیں۔ ایس ایس پی ٹھٹھہ نے کہا کہ تمام فیلڈ افسران وجوان اپنے اپنے علاقوں میں جاری کردہ سیکیورٹی پلان کے مطابق حفاظتی انتظامات سخت رکھیں گے اور تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو پولیو ٹیمز کے ساتھ پولیس نفری کی تعیناتی، درپیش مسائل پر فوری ریسپانس، علاقے میں پیٹرولنگ، پکٹنگ اور سول ایڈمنسٹریشن کے ساتھ روابط کے جملہ اقدامات احسن طریقے سے سرانجام دینے کی ہدایات کی۔

میر رضا کیس: ڈاکٹر سمیہ کی ہراسانی کی شکایت، این سی سی آئی کو تحقیقات کا حکم

کمیشن نے سینئر افسر مقرر کرنے اور ڈاکٹر سمیہ، ڈاکٹر اسامہ کے پیغامات کی فارنزک جانچ کی ہدایت کردی

کراچی (این این آئی) میر رضا کیس کی تحقیقات کرنے والے جوڈیشل کمیشن نے پولیس سرجن ڈاکٹر سمیہ کی جانب سے سوشل میڈیا پر مبینہ منفی مہم اور ہراسانی کی شکایت پر نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی) کو تحقیقات کا حکم دے دیا۔ کمیشن نے تحقیقات کیلئے سینئر افسر مقرر کرنے کی بھی ہدایت کی ہے، جبکہ ڈاکٹر سمیہ اور ڈاکٹر اسامہ کے درمیان پیغامات کے تبادلے کی فارنزک جانچ کرانے کا حکم بھی دیا گیا ہے۔ گزشتہ روز کی کارروائی کے تحریری حکم نامے کے مطابق ڈاکٹر سمیہ نے شکایت کی کہ ڈاکٹر اسامہ کی ایما پر ان کے خلاف سوشل میڈیا پر منفی مہم چلائی گئی۔ حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ ڈاکٹر سمیہ کو ہراساں کیا جانا ناقابل قبول ہے۔

جن کی دشمنیاں ہیں صلح کرلیں یا دبئی چلے جائیں ایڈیشنل آئی جی سہیل ظفر

پنجاب سرینڈر آف الیلیگل آرمز ایکٹ متعارف، تمام غیر قانونی اسلحہ 15 دن کے اندر جمع کروانا لازم ہوگا' آئی جی پنجاب

صوبہ بھر سے ڈالا کلچر کا خاتمہ بھی یقینی بنایا جارہا ہے، 10لاکھ سے زائد لائسنس یافتہ اسلحہ کی از سر نو جانچ پڑتال کی جائے گی

لاہور (این این آئی) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا ہے کہ پنجاب سرینڈر آف الیلیگل آرمز ایکٹ 2025 متعارف کروایا جا رہا ہے جس کے تحت صوبہ بھر میں تمام غیر قانونی اسلحہ 15 دن کے اندر جمع کروانا لازم ہوگا جبکہ صوبہ بھر سے ڈالا کلچر کا خاتمہ بھی یقینی بنایا جا رہا ہے، 10لاکھ سے زائد لائسنس یافتہ اسلحہ کی از سر نو جانچ پڑتال کی جائے گی اور صوبہ بھر میں سکروٹنی اینڈ سرچ آپریشنز بھی شروع کیے جا رہے ہیں، ذاتی دشمنیوں یا اپنی حفاظت کی آڑ میں غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں کی جائیں گی جبکہ غیر قانونی اسلحہ کی خرید و فروخت میں ملوث افراد کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق صوبہ کو اسلحہ سے پاک کرنے کے سلسلے میں سپیشل سیکرٹری داخلہ فضل الرحمان اور ایڈیشنل آئی جی سی سی ڈی سہیل ظفر چٹھہ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ ہم وزیر اعلیٰ پنجاب کے شکرگزار ہیں جن کی خصوصی ہدایات پر سی ڈی اور آر ایم پی کا قیام عمل میں آیا اور پولیس کو درکار سہولیات فراہم کی گئیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ہر شہری کو لازماً اپنا غیر قانونی اسلحہ مقررہ مدت میں جمع کروانا پڑے گا، سی سی ڈی صوبہ بھر کو اسلحہ سے پاک کرنے کیلئے جامع اقدامات کرے گی اور غیر قانونی اسلحہ قانون کے مطابق سی سی ڈی، متعلقہ تھانوں اور مقرر کردہ مراکز پر جمع کروایا جاسکے گا۔ برآمد شدہ غیر قانونی اسلحہ سی سی ڈی کی نگرانی میں تلف کیا جائے گا جبکہ صوبائی بارڈر چیک پوسٹوں پر اسلحہ کی تلاش کے لیے سکینرز نصب کیے جا رہے ہیں تاکہ اسلحہ کی ترسیل کو روکا جاسکے۔ آئی جی پنجاب نے مزید کہا کہ پرائیویٹ سیکیورٹی کمپنیز کیلئے گارڈز کی بھرتی کا عمل سخت کیا جا رہا ہے، انہیں پولیس کی نگرانی میں تربیت فراہم کی جا رہی ہے اور لائسنسز ریگولیٹ کیے جا رہے ہیں جبکہ ٹارگٹ کلنگ میں ملوث شوٹرز کے خلاف سخت کارروائیاں عمل میں لائی جا رہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پرائیویٹ گارڈز کیلئے پینک بٹن سسٹم متعارف کروایا جا رہا ہے جو پولیس ایمرجنسی 15 سے منسلک ہوگا۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ 2500 سے زائد اغواء اور گمشدہ بچوں کو ورچوئل سنٹر فار چائلڈ سیفٹی کی مدد سے گھر واپس پہنچایا جا چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سعد رضوی اور ان کے بھائی اداروں کی حراست میں نہیں، انہیں قانون کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ایسا قانون بھی آ رہا ہے جس کے تحت جو املاک کو نقصان پہنچائے گا اس کا نقصان اسی سے پورا کیا جائے گا۔ پرتشدد احتجاج کے دوران گاڑیاں، سرکاری اسلحہ چھینا گیا اور اس کے ذریعے پولیس پر فائرنگ کی گئی۔ ہم نے چھینی گئی گاڑیاں ریکور کر لی ہیں۔ سپیشل سیکرٹری داخلہ فضل الرحمان نے بتایا کہ غیر قانونی اسلحہ رکھنے پر 4 سے 14 سال تک سزائیں اور 10 سے 30 لاکھ روپے تک جرمانے عائد کیے جائیں گے جبکہ یہ جرم ناقابل ضمانت تصور ہوگا۔ ایڈیشنل آئی جی سی سی ڈی سہیل ظفر چٹھہ نے کہا کہ سی سی ڈی کے قیام سے صوبے میں کرائم کی شرح میں نمایاں کمی واقع ہوئی

ایم 5 موٹروے پر کار اور ٹرالر میں تصادم، ایک افراد جاں بحق

میونسپل کمیٹی ماتلی کے چیئرمین حاجی رضوان قائمخانی سمیت 3افراد زخمی

ماتلی (رپورٹ دلمراد کمبوہ) ایم 5 موٹروے پر گھوٹکی کے قریب بکرو ڈسٹری کے مقام پر کار اور ٹریلر کے درمیان تصادم کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ میونسپل کمیٹی ماتلی کے چیئرمین حاجی رضوان قائمخانی سمیت 3افراد زخمی ہوگئے۔ حادثے میں جاں بحق شخص کی شناخت محمد حیات قائمخانی کے نام سے ہوئی ہے۔ زخمیوں میں حاجی رضوان قائمخانی، فوجی رفیق راجپوت اور نور محمد کھٹی شامل ہیں جنہیں فوری طور پر سول اسپتال گھوٹکی منتقل کردیا گیا۔ جاں بحق شخص کی لاش ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کردی گئی۔ حادثے میں جاں بحق اور زخمی ہونے والے افراد کا تعلق ضلع بدین کی تحصیل ماتلی سے بتایا گیا ہے۔ حادثے میں جاں بحق ہونے والے نوجوان محمد حیات قائمخانی کی میت گھر پہنچنے پر کہرام مچ گیا جبکہ اہل خانہ غم سے نڈھال ہوگئے۔ مرحوم کی نماز جنازہ میں بڑی تعداد میں شہریوں، عزیز و اقارب اور اہل علاقہ نے شرکت کی بعد ازاں انہیں ہزاروں سوگواروں کی آہوں اور سسکیوں میں مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔

ایف بی آر کا تاجر آسان کیو آر گرین پلیٹ کے اجرا کا آغاز

کراچی (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے دکانداروں اور چھوٹے تاجروں کی حوصلہ افزائی کیلئے تاجر آسان کیو آر گرین پلیٹ کے اجرا کا آغاز کردیا۔ کراچی میں تاجر آسان پروگرام کے تحت پہلی گرین پلیٹ جاری کردی گئی، جبکہ آرٹی او کراچی کے چیف کمشنر نے آرام باغ اور گلشن اقبال کے دکانداروں کو گرین پلیٹیں فراہم کیں۔ چیف کمشنر نے فوکل پرسن عبدالوحید شر اور سید مشکور علی کے ہمراہ آرام باغ میں ایک دکان کا دورہ بھی کیا۔

زیارت، ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت دھان کی باقیات جلانے کی روک تھام کے حوالے سے اہم اجلاس

محکمہ زراعت پنجاب فصلوں کی باقیات جلانے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے

ملتان (نمائندہ بولان) وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت دھان کی باقیات جلانے کی روک تھام کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کاشف بشیر، ڈائریکٹر جنرلز زراعت شہباز اختر، چوہدری مبشر حسن کمبوہ، نوید عصمت کاہلوں، انجینئر مشتاق میرا اور پراجیکٹ کوآرڈینیٹر چوہدری عبدالحمید سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ محکمہ زراعت پنجاب فصلوں کی باقیات جلانے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ فصلوں کی باقیات جلانے کے حوالے سے جاری آگاہی مہم میں مزید تیزی لائی جائے اور دھان کی کاشت کے علاقوں میں فیلڈ افسران فصلوں کی باقیات جلانے کے واقعات کی کڑی نگرانی کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ دھان کی باقیات کو سائنسی بنیادوں پر ٹھکانے لگایا جائے۔ وزیر زراعت پنجاب نے واضح کیا کہ حکومتی سبسڈی پر 10 ہزار سپر سیڈرز فراہم کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے دھان کی کٹائی کیلئے کمبائن ہارویسٹرز کے ساتھ سپر اسٹرا مینجمنٹ سسٹم (کوٹا)، سپر سیڈر اور بیلر مشینوں کے استعمال کو فروغ دینے کی ہدایت کی۔

کراچی، قیوم آباد میں ہارن بجانے پر آن لائن ٹیکسی ڈرائیور سے جھگڑا، گارڈ کی فائرنگ

کراچی (این این آئی) قیوم آباد میں ہارن بجانے پر ڈبل کیبن گاڑی میں سوار شخص اور آن لائن ٹیکسی ڈرائیور کے درمیان جھگڑا ہوگیا، سیکیورٹی گارڈ کی جانب سے ہوائی فائرنگ کی ویڈیو بھی سامنے آگئی۔ پولیس کے مطابق متاثرہ آن لائن ٹیکسی ڈرائیور نے تھانہ کورنگی صنعتی ایریا میں درخواست جمع کرادی ہے۔ شہری کا مؤقف ہے کہ ڈبل کیبن گاڑی نے اس کی گاڑی کو ٹکر ماری، جس پر دونوں فریقین کے درمیان تلخ کلامی ہوئی۔ پولیس حکام نے کہا

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بدین: پرائمری اساتذہ کی ترقیوں میں مبینہ ناانصافی کے خلاف تیسرے روز بھی علامتی بھوک ہڑتال جاری.

اساتذہ کا سینیارٹی اور میرٹ کی بنیاد پر ترقی پر حق بنتا تھا، انہیں نظرانداز کرکے دیگر افراد کو ترقی دی گئی

بدین (نامہ نگار) آل سندھ پرائمری ٹیچرز ایسوسی ایشن رجسٹرڈ کے زیراہتمام پرائمری اساتذہ کو ترقی نہ دینے اور سینیارٹی کی بنیاد پر جائز حقوق فراہم نہ کیے جانے کے خلاف تیسرے روز بھی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیس بدین کے سامنے علامتی بھوک ہڑتال جاری رہی۔ علامتی بھوک ہڑتال میں آل سندھ پرائمری ٹیچرز ایسوسی ایشن کے ضلعی صدر محمد سلیم میمن، سینئر نائب صدر محمد بخش لغاری، نائب صدر طاہر بھرگڑی، جنرل سیکریٹری سید حسن شاہ، ڈپٹی جنرل سیکریٹری گل محمد میمن، جوائنٹ جنرل سیکریٹری شاہد آریسر، پٹ الف سٹی صدر خالد رستمانی، سٹی جنرل سیکریٹری شکیل احمد میمن سمیت بڑی تعداد میں اساتذہ نے شرکت کی۔ اس موقع پر استاد رہنماں نے کہا کہ 2024 میں پرائمری اساتذہ کی ترقیوں کے معاملے میں مبینہ طور پر شدید ناانصافیاں کی گئیں۔ ان کے مطابق اساتذہ نے اپنی تمام ضروری دستاویزات اور فارملٹیز مکمل کرکے متعلقہ ڈی او آفس میں جمع کرائی تھیں، تاہم جن اساتذہ کا سینیارٹی اور میرٹ کی بنیاد پر ترقی پر حق بنتا تھا، انہیں نظرانداز کرکے دیگر افراد کو ترقی دی گئی۔ استاد رہنماں نے الزام عائد کیا کہ بعض ایسے افراد کو بھی ترقیاں دی گئیں جو مرحلہ وار اور سینیارٹی کے لحاظ سے حقدار نہیں تھے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ترقیوں کے عمل کی شفاف تفصیلات اور حتمی فہرستیں سامنے لائی جائیں تاکہ اساتذہ میں پائی جانے والی بے چینی ختم ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت بھی متعدد پرائمری اساتذہ اپنی سینیارٹی اور تعلیمی قابلیت کے باوجود ترقی کے حق سے محروم ہیں، حالانکہ کئی اساتذہ بی ایڈ اور ایم ایڈ کی ڈگریاں بھی رکھتے ہیں اور متعلقہ نشستیں بھی خالی ہیں۔ استاد رہنماں کا کہنا تھا کہ محکمہ تعلیم کی ذمہ داری ہے کہ خالی ہونے والی نشستوں پر سینیارٹی اور قواعد کے مطابق اہل اساتذہ کو بروقت ترقی دے کر اپ گریڈ کیا جائے، تاہم ان کے بقول متعلقہ افسران کی جانب سے اس معاملے میں مطلوبہ تعاون نہیں کیا جا رہا۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کو احتجاج اور بھوک ہڑتال کا کوئی شوق نہیں، اگر محکمہ تعلیم اپنے فرائض ذمہ داری کے ساتھ انجام دے اور اساتذہ کے جائز مسائل حل کرے تو انہیں سڑکوں پر آنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ استاد رہنماں نے مزید کہا کہ مطالبات کے حوالے سے متعلقہ حکام سے بات چیت جاری ہے، تاہم اگر پرائمری اساتذہ کے جائز مطالبات تسلیم نہ کیے گئے اور سینیارٹی کی بنیاد پر ان کے حقوق فراہم نہ کیے گئے تو احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا۔

متحدہ عرب امارات نے ایرانی بینک پر پابندی لگادی

ابوظہبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات کے مرکزی بینک نے ایرانی بینک ملی ایران کی ملک میں قائم تمام شاخوں کو ایران سے مالی لین دین کرنے سے روک دیا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق اماراتی مرکزی بینک نے یہ اقدام متحدہ عرب امارات میں نافذ قوانین، ضوابط اور نگران ادارے کے فیصلوں کی خلاف ورزیوں کے بعد کی گئی ہے۔ اماراتی مرکزی بینک نے کہا کہ ملی بینک کی تمام شاخوں پر ایران سے یا ایران کو کسی بھی قسم کی مالی لین دین، تجارت کے لیے مالی معاونت اور رقوم کی منتقلی پر پابندی عائد کردی گئی

فیڈرل پبلک سروس کمیشن کے شیڈول انٹرویوز ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل پبلک سروس کمیشن (ایف پی ایس سی) نے امن و امان کے خدشات کے پیش نظر 24 اور 25 ستمبر کو شیڈول انٹرویوز ملتوی کردیے۔ ایف پی ایس سی نے امن وامان کے خدشات کے سبب امتحانات ملتوی کرنے کا پبلک نوٹس جاری کردیا ہے،

ملتان، ڈپٹی کمشنر محمد فیصل سلیم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایوان صحافت بدین کے صحافیوں کا 12روزہ آل پاکستان ٹور، مختلف تاریخی وتفریحی مقامات کا دورہ

شاہی قلعہ، واہگہ بارڈر اور انارکلی بازار سمیت مختلف تاریخی وتفریحی مقامات کی سیر کی جبکہ سیالکوٹ، لالہ موسیٰ اور ملتان کا بھی دورہ کیا

ماتلی (رپورٹ دلمراد کمبوہ) ایوان صحافت بدین کے صحافیوں پر مشتمل وفد 12 روزہ آل پاکستان ٹور اتوار کے روز روانہ ہوا۔ جس کے دوران صحافیوں نے اسلام آباد، خیبر پختونخوا اور پنجاب کے مختلف شہروں اور تاریخی مقامات کا دورہ کیا۔ ایوان صحافت بدین کے صدر حاجی خالد محمود گھمن، جنرل سیکریٹری اختر علی کھوسو اور لالا ہارون گوپانگ کی قیادت میں سینئر صحافیوں شفیع محمد جونیجو، قاضی ناصر علی، علی محمد شاہانی، دلمراد کمبوہ اور حاجی خان لاشاری پر مشتمل ٹیم نے مردان، دریائے سوات، مینگورہ، کالام، مالم جبہ، مری، نتھیا گلی، ایوبیہ اور منگلا ڈیم سمیت پنجاب کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔ صحافیوں نے لاہور میں داتا دربار، علامہ اقبال پارک، مینار پاکستان، شاہی قلعہ، واہگہ بارڈر اور انارکلی بازار سمیت مختلف تاریخی وتفریحی مقامات کی سیر کی جبکہ سیالکوٹ، لالہ موسیٰ اور ملتان کا بھی دورہ کیا۔ اس موقع پر ایوان صحافت بدین کے صحافیوں نے کہا کہ ہر سال صحافیوں کے لیے آل پاکستان ٹور کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ جس کا مقصد ملک کے مختلف علاقوں، تاریخی مقامات اور ثقافت سے روشناس ہونا ہے۔ ایسے دوروں کے ذریعے مختلف صوبوں میں آباد لوگوں کی زبان، ثقافت، رہن سہن اور روایات کو قریب سے جاننے کا موقع ملتا ہے

ملیر میں فائرنگ، پولیس اہلکار زخمی، وزیر داخلہ سندھ کا نوٹس، ملزمان کی گرفتاری کا حکم

کراچی (این این آئی) وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار نے ملیر میں فائرنگ کے نتیجے میں پولیس اہلکار کے زخمی ہونے کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ایس ایس پی ملیر سے واقعے کی تفصیلات طلب کرلیں۔ وزیر داخلہ سندھ نے ہدایت کی کہ زخمی پولیس اہلکار کو تمام ممکنہ طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور اس کے علاج میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ ضیاء الحسن لنجار نے ملزمان کی گرفتاری کے لیے پولیس ٹیموں کو فوری طور پر متحرک کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ واقعے میں ملوث ملزمان کو جلد قانون کی گرفت میں لایا

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

فون و فیکس 0853-310203

Mobile: 0336-6113760

قیمت 20 روپے

جمعرات 24 ستمبر 2026، بمطابق 11 ربیع الثانی 1448ھ

اسرائیلی فوج کا پناہ گزین اسکول پر حملہ بچوں سمیت 22 فلسطینی شہید

اسرائیل راہداریوں سے فوجیوں کو ہٹانے کے عزم سے پیچھے ہٹ گیا ہے، جنگ بندی شروع ہونے پر بے گھر فلسطینیوں کی اسکریننگ سمیت دیگر نئی شرائط پیش کی گئی ہیں

قاہرہ میں غزہ جنگ بندی مذاکرات بغیر کسی معاہدے کے ختم ہوگئے۔حماس اور اسرائیل نے ثالثوں کے پیش کردہ متعدد سمجھوتوں پر اتفاق نہیں کیا

غزہ (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیلی فوج نے نصیرات پناہ گزین کیمپ کے شمال میں اسکول پر حملہ کر دیا جس میں 22 فلسطینی شہید ہوگئے۔عرب میڈیا کے مطابق شہید و زخمی ہونے والوں میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں، اسکول میں غزہ کے بے گھر فلسطینی پناہ لیے ہوئے تھے۔دوسری جانب قاہرہ میں غزہ جنگ بندی مذاکرات بغیر کسی معاہدے کے ختم ہوگئے۔حماس اور اسرائیل نے ثالثوں کے پیش کردہ متعدد سمجھوتوں پر اتفاق نہیں کیا۔سینئر امریکی اہلکار نے مذاکرات کو تعمیری قرار دیتے ہوئے کہا کہ مسائل کے حل کے لیے مذاکراتی عمل آنے والے دنوں میں ورکنگ گروپس کے ذریعے جاری رہے گا۔امریکی قومی سلامتی کے مشیر جیک سلیوان نے کہا کہ واشنگٹن قاہرہ میں جنگ بندی اور یرغمالیوں کے معاہدے کے لیے اب بھی کوششیں کر رہا ہے۔اپنے بیان میں حماس نے کہا کہ اسرائیل راہداریوں سے فوجیوں کو ہٹانے کے عزم سے پیچھے ہٹ گیا ہے، جنگ بندی شروع ہونے پر بے گھر فلسطینیوں کی اسکریننگ سمیت دیگر نئی شرائط پیش کی گئی ہیں۔حماس کا کہنا ہے کہ 2 جولائی کو متفق ہوئی شرائط کے علاوہ دیگر شرائط پر بات چیت کو قبول نہیں کریں گے۔لبنانی حزب اللہ نے حیفا کے جنوب مشرق میں واقع رامات ڈیوڈ بیس پر فادی ون اور فادی ٹو میزائلوں سے حملے کی ذمہ داری قبول کرتے ہوئے کہا کہ یہ لبنان پر بار بار اسرائیلی حملوں کا جواب ہے۔عرب ٹی وی کے مطابق ہفتہ کی رات سے اتوار تک حزب اللہ نے بالائی الجلیل اور حیفا کے جنوب کی طرف 100 سے زیادہ میزائل داغے۔حیفا کے جنوب میں یوکونام میں سائرن بج رہے تھے اور میزائلوں کا بنیادی ہدف رامات ڈیوڈ بیس تھا۔حزب اللہ کے میزائلوں نے عفولہ شہر اور مرج بن عامر میں رامات ڈیوڈ بیس کو نشانہ بنایا۔دوسری طرف اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ اس نے لبنانی سرزمین سے لگ بھگ 10 راکٹ لانچوں کی نگرانی کی اور لبنان کی سرزمین سے داغے گئے زیادہ تر راکٹوں کو روک دیا گیا۔سعودی عرب کے سفیر برائے برطانیہ شہزادہ خالد بن بندر نے کہا ہے کہ اسرائیل اور فلسطین کی ذمہ داری ہے کہ کشیدگی بڑھانے سے گریز کریں۔برطانوی نشریاتی ادارے سے گفتگو کرتے ہوئے سعودی سفیر برائے برطانیہ شہزادہ خالد بن بندر نے کہا کہ مشرق وسطیٰ کا خطہ 1973 کے بعد علاقائی جنگ چھڑنے کے سب سے بڑے خطرے سے دوچار ہے۔شہزادہ خالد نے کہا کہ خطے میں خونریزی کو روکنے کیلئے نئے سرے سے کوششوں کی ضرورت ہے۔ان کا کہنا تھا کہ فلسطین کا تنازع پوری دنیا کے لوگوں کو کسی نہ کسی طرح متاثر کرتا ہے۔سعودی سفیر نے مزید کہا کہ یہ وقت ہے کہ ہم جنگ بند کرنے کے لیے ازسرنو کوشش کریں۔جبکہ لبنان اسرائیل کشیدگی کے پیش نظر امریکا نے اپنے شہریوں کو لبنان فوری چھوڑنے کا مشورہ دے دیا۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی محکمہ خارجہ نے انتباہ جاری کیا جس میں کہا گیا کہ لبنان میں کشیدگی کی وجہ سے امریکی شہری فوری طور پر لبنان چھوڑ دیں۔دوسری جانب اسرائیل نے اپنے شہریوں کو خبردار کیا کہ حزب اللہ کی جانب سے حیفہ اور دیگر شمالی علاقوں پر 24 گھنٹے میں بڑا جوابی حملہ متوقع ہے۔اسرائیل نے 290 اہداف پر 400 سے زائد حملے کیے جبکہ حزب اللہ کی جانب سے 90 راکٹ جواب میں داغے گئے۔اس سے پہلے اسرائیل نے لبنان پر 2 بڑے حملے کیے تھے

ایف بی آر نے 400 آڈیٹرز کے ذریعے تاجروں کے آڈٹ کا فیصلہ کرلیا

مسلسل ناکام مذاکراتی عمل کے باعث ایف بی آر نے فیصلہ کیا ہے، نعیم میر

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ایڈوانس ٹیکس پر تاجروں کے ساتھ مذاکرات میں ڈیڈلاک کے بعد 400 آڈیٹرز کے ذریعے تاجروں کے آڈٹ کا فیصلہ کرلیا۔نعیم میر کے مطابق ایف بی آر نے مذاکراتی عمل میں مسلسل ناکامی کے باعث ایسا فیصلہ کیا ہے، فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے 400 آڈیٹرز کے ذریعے تاجروں کے آڈٹ کا فیصلہ کرلیا۔تاجروں کے نام پیغام میں انہوں نے کہا کہ مسلسل ناکام مذاکراتی عمل کے باعث ایف بی آر نےفیصلہ کیا

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سابق صوبائی وزیر میر عبدالکریم ملاقات کر رہے ہیں

گزشتہ ہفتے 12 اشیا مہنگی 14 سستی 25 کی قیمتوں میں استحکام رہا

گزشتہ ہفتے سالانہ بنیاد پر بھی مہنگائی میں اضافے کی رفتار کی شرح منفی 1.52 فیصد ریکارڈ کی گئی ہے، ایک ہفتے میں 12 اشیا سستی اور 14 مہنگی ہوئیں جبکہ 25 کی قیمتوں میں استحکام رہا

حالیہ ایک ہفتے کے دوران بجلی 6.88 فیصد، گڑ ایک فیصد، چینی 0.88 فیصد، ایل پی جی 1.24 فیصد، ٹماٹر 0.99 فیصد، باسمتی ٹوٹا چاول 0.69 فیصد، خشک پاؤڈر دودھ 0.03 فیصد، تازہ کھلا دودھ 0.38 فیصد، دہی 0.36 فیصد، جلانے والی لکڑی 0.11 فیصد اور لہسن 5.15 فیصد مہنگا ہوا

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں مہنگائی میں اضافے کی رفتار میں کمی کا رجحان بدستور جاری ہے، گزشتہ ہفتے سالانہ بنیاد پر مہنگائی میں اضافے کی رفتار کی شرح منفی 1.52 فیصد ریکارڈ کی گئی جبکہ ہفتہ وار مہنگائی میں اضافے کی رفتار میں 0.18 فیصد کمی واقع ہوئی ہے۔ وفاقی ادارہ شماریات کی جانب سے جاری مہنگائی کی ہفتہ وار رپورٹ کے مطابق ملک میں مہنگائی میں اضافے کی رفتار میں کمی کا رجحان بدستور جاری ہے، حالیہ ایک ہفتے کے دوران ملک میں ہفتہ وار مہنگائی میں اضافے کی رفتار میں مزید 0.18 فیصد کمی واقع ہوئی ہے۔رپورٹ میں بتایا گیا کہ گزشتہ ہفتے سالانہ بنیاد پر بھی مہنگائی میں اضافے کی رفتار کی شرح منفی 1.52 فیصد ریکارڈ کی گئی ہے، ایک ہفتے میں 12 اشیا سستی اور 14 مہنگی ہوئیں جبکہ 25 کی قیمتوں میں استحکام رہا۔رپورٹ کے مطابق حالیہ ایک ہفتے کے دوران بجلی 6.88 فیصد، گڑ ایک فیصد، چینی 0.88 فیصد، ایل پی جی 1.24 فیصد، ٹماٹر 0.99 فیصد، باسمتی ٹوٹا چاول 0.69 فیصد، خشک پاؤڈر دودھ 0.03 فیصد، تازہ کھلا دودھ 0.38 فیصد، دہی 0.36 فیصد، جلانے والی لکڑی 0.11 فیصد اور لہسن 5.15 فیصد مہنگا ہوا۔رپورٹ کے مطابق گزشتہ ہفتے آلو 1.27 فیصد، انڈے 12.27 فیصد، پیاز 1.46 فیصد، چکن کی قیمتوں میں 10.57 فیصد، دال ماش 0.49 فیصد، دال مونگ 0.39 فیصد، کیلے 2.75 فیصد اور آٹا 1.01 فیصد سستا ہوا ہے۔اعداد و شمار میں بتایا گیا کہ حالیہ ہفتے کے دوران حساس قیمتوں کے اعشاریہ کے لحاظ سے سالانہ بنیادوں پر 17 ہزار 732 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.06 فیصد کمی کیساتھ منفی 2.06 فیصد اور 17 ہزار 733 روپے سے 22 ہزار 888 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.03 فیصد کمی کے ساتھ منفی 3.31 فیصد رہی ہے۔اسی طرح 22 ہزار 889 روپے سے 29 ہزار 517 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.15 فیصد کمی کے ساتھ منفی 1.80 فیصد، 29 ہزار 518 روپے سے 44 ہزار 175 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.27 فیصد کمی کے ساتھ منفی 0.97 فیصد رہی۔ادارہ شماریات کے مطابق 44 ہزار 176 روپے ماہانہ سے زائد آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.25 فیصد کمی کیساتھ منفی 0.20 فیصد رہی ہے۔

پاکستان اور چین کو ترقی اور عالمی انصاف کیلئے ملکر کام کرنا ہوگا، چینی سفیر

چین اور پاکستان کی پرانی اور مضبوط دوستی ہے

ہمیں عالمی سطح پر انصاف کیلئے کام کرنا ہوگا، جیانگ ژی ڈونگ

اسلام آباد (یو این اے) پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ ژی ڈونگ نے کہا ہے پاکستان اور چین کو ترقی اور عالمی سطح پر انصاف کیلئے ملکر کام کرنا ہوگا۔اسلام آباد میں سی پیک کانفرنس میں خطاب کے دوران چینی سفیر جیانگ ژی ڈونگ نے کہا چین اور پاکستان کی پرانی اور مضبوط دوستی ہے۔دونوں ممالک امن اور ترقی کے خواہاں ہیں۔ہمیں ترقی کیلئے مشترکہ طور پر کام کرنا ہوگا۔ہمیں عالمی سطح پر انصاف کے لیے کام کرنا ہوگا۔جیانگ ژی ڈونگ نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ چین میں ہونے والی مفاہمتوں کو آگے بڑھایا جائے گا۔دونوں ممالک کے درمیان سٹریٹجک تعلقات کو سی پیک کے ذریعے آگے بڑھایا جائے گا گوادر پورٹ اور خصوصی اقتصادی زونز کے ذریعے برآمدات کو بڑھایا جائے گا۔ان کا کہنا تھا کہ دونوں ممالک کے درمیان گرین انرجی، تیل و گیس کی تلاش اور آئی ٹی کے شعبوں میں تعاون بڑھایا جائے گا سی پیک میں تمام ممالک سرمایہ کاری کر سکتے ہیں۔

سیکرٹری ٹرانسپورٹ محمد حیات کاکڑ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

کرک پولیس نے نجی تعلیمی ادارے کی طالبہ کی خفیہ ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر وائرل کرنیوالے ملزم کو حراست میں لے لیا

کوہاٹ (این این آئی) کرک پولیس نے نجی تعلیمی ادارے کی طالبہ کی خفیہ ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر وائرل کرنے والے مبینہ ملزم کو حراست میں لے لیا۔پولیس بیان کے مطابق گزشتہ روز سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو وائرل ہوئی جس میں لکی مروت کے رہائشی ایک اوباش نوجوان نے ضلع کرک کی تحصیل تخت نصرتی کے نواحی علاقہ چوکارہ کے ایک نجی تعلیمی ادارے کے سامنے کھڑے ہوکر ایک معصوم طالبہ کی ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر اپ لوڈ کردی۔مبینہ ویڈیو کے وائرل ہونے پر جہاں اہالیان کرک نے شدید غم و غصہ کا اظہار کیا وہاں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کرک خان خیل نے شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے نوجوان کو فوری گرفتار کرنے کی ہدایت جاری کردی۔

ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور دیگر کا عبدالمجید بلوچ کی وفات پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر اور سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر میر جان محمد بلیدی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اور رکن بلوچستان اسمبلی رحمت صالح بلوچ رکن بلوچستان اسمبلی واجہ خیر جان بلوچ رکن قومی اسمبلی واجہ پھلین بلوچ سابق سینیٹر میر کبیر محمد شہی دیگر مرکزی و صوبائی قائدین نے پنجگور کے ہردلعزیز شخصیت نیشنل پارٹی کے نظریاتی ساتھی عبدالمجید بلوچ کی ناگہانی وفات پر اپنے گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عبدالمجید بلوچ ایک خوش اخلاق سماجی شخصیت اور انتہائی قد آور آدمی تھے انکی وفات نہ صرف ایک بہت بڑا نقصان بلکہ پنجگور جیسے شہر ایک عظیم انسان سے محروم ہوگئے انہوں نے عبدالمجید بلوچ کی وفات پر انکے اہل خانہ اور خاندن سے تعزیت کرتے ہوئے دعا کی اللہ تبارک و تعالیٰ عبدالمجید بلوچ کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطاء فرما کر لواحقین کو صبر و جمیل عطاء فرمائے۔

اٹلی کا پروفیسر ڈاکٹر عطاء الرحمٰن سے منسوب عالمی ایوارڈ برائے کیمسٹری دینے کا اعلان پاکستان کیلئے بڑا اعزاز ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

یہ ہر سال ترقی پذیر ممالک میں بہترین سائنس دان کو باقاعدگی سے دیا جاتا رہے گا

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ بدقسمتی سے عالمی سطح پر پاکستان کا تعارف کوئی بہت اچھے پیرائے میں نہیں ہوتا ایسے میں اٹلی کا پاکستان کے عالمی شہرت یافتہ نامور سائنسدان پروفیسر ڈاکٹر عطاء الرحمان سے منسوب عالمی ایوارڈ برائے کیمسٹری دینے کا اعلان پاکستان کے لئے ایک بہت بڑا اعزاز اور خوشی کا مقام ہے۔یہ بات انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہی۔انہوں نے کہا کہ اٹلی کی جانب سے 40 سال تک کے ذہین سائنس دانوں کو ہر سال 5 ہزار ڈالر کا اسپیشل ایوارڈ جاری ہوا کریگا۔ملائیشیا، سوئزرلینڈ، چین اور دیگر کئی ممالک کی یونیورسٹیوں میں بھی ڈاکٹر عطا الرحمان انسٹی ٹیوٹس کا قیام عالمی سطح پر پاکستان کے تاثر کو بہتر بنانے کا باعث بنا ہے۔ اٹلی نے پروفیسر ڈاکٹر عطاء الرحمان سے منسوب عالمی ایوارڈ برائے کیمسٹری دینے کا اعلان کر کے پاکستان کو عالمی سطح پر سائنس کے شعبے میں نمایاں مقام عطا کر دیا ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ اٹلی میں واقع دی ورلڈ اکیڈمی آف سائنسز نے ترقی پذیر ممالک کے 40 سال سے کم عمر کے سائنس دانوں کیلئے پروفیسر ڈاکٹر عطاء الرحمان کے نام سے سالانہ ایوارڈ قائم کیا ہے۔اس ایوارڈ کو کیمیا میں "عطاء الرحمان ایوارڈ ان کیمسٹری" کا نام دیا گیا ہے اور یہ ہر سال ترقی پذیر ممالک میں بہترین سائنس دان کو باقاعدگی سے دیا جاتا رہے گا۔یہ ایوارڈ اب تک بنگلہ دیش، کیمرون، مصر، نیپال اور سری لنکا کے بارہ ذہین سائنس دانوں کو دیا گیا ہے اور اسکی مالیت 5 ہزار امریکی ڈالر ہے۔اس وقت یہ ہونہار سائنس دانوں کیلئے کیمسٹری میں دنیا کا سب سے باوقار ایوارڈ سمجھا جاتا ہے۔اٹلی کا عالمی ایوارڈ پروفیسر ڈاکٹر عطاء الرحمٰن اور پاکستان کیلئے بہت بڑا اعزاز ہے۔ یہ ایوارڈ ٹی ڈبلیو اے ایس نے ان کے اعزاز میں قائم کیا ہے

بلوچستان میں (ن) لیگ میں نوجوان طبقے کا رجحان خوش آئند ہے، میر سجاد رئیسانی

نوجوانوں کے مسائل کے حل کیلئے ہنگامی طور پر اقدامات کئے جائیں، لیگی رہنماء بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ کوئٹہ ڈویژن ڈسٹرکٹ اور سٹی کا اجلاس زیر صدارت میر سجاد رئیسانی منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی کابینہ کے ارکان سمیت دیگر زمہ داران نے بھی شرکت کی ڈسٹرکٹ کوئٹہ اور کوئٹہ سٹی کے نئی کابینہ سمیت یونٹ سازی سے متعلق اہم فیصلے کئے گئے جلد کوئٹہ میں یونٹ سازی کی تشکیل عمل میں لانے کا فیصلہ کیا گیا اجلاس میں آنے والے بلدیاتی انتخابات کی تیاری سے متعلق بھی تفصیلی بات کی گئی اور مستقل رابطہ عوام پر اتفاق کیا گیا نوجوانوں کے بڑھتے ہوئے مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے مسائل کے حل کیلئے خصوصی اقدامات پر زور دیا گیا اور کمیٹیاں بھی تشکیل دی گئی یوتھ ونگ کے صوبائی جنرل سیکرٹری میر سجاد رئیسانی، اور دیگر عہدیداران میر عین الدین کرد، عرفان بلوچ، محمد حسن، ناظم حسین، ولی دشتی، محمد اسلم، میر ریاض گرگناڑی، سید برہان شاہ، آغا مشتاق تارن، اشرف مینگل، وحید گرگناڑی، عارف محمد شہی، ظہور کاکڑ، امجد ترین، عنیب قریشی، الیاس پرکانی، شفیع بنگلزئی اور دیگر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کا مسلم لیگ نون یوتھ ونگ بلوچستان کی جانب بڑی تعداد میں رجحان خوش آئند ہے مسلم لیگ نے ہمیشہ ملک کی ترقی اور خوشحالی بالخصوص بلوچستان کی محرومیوں کے حوالے سے ترجیحی بنیادوں پر کاوشیں کی ہے موجودہ تشویشناک صورتحال میں نوجوانوں کی مایوسی قابل رحم ہے جس کے حوالے سے نہ صرف سیاسی جماعتوں کو بلکہ تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔

مولانا عبدالغفور حیدری کی ساؤتھ سٹی ہسپتال کراچی میں میر اسرار اللہ خان زہری سے ملاقات

کوئٹہ + کراچی (این این آئی) سابق ڈپٹی چیئرمین سینیٹ جمعیت علمائے اسلام (ف) کے مرکزی سیکریٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری کی ساتھ سٹی ہسپتال کراچی آمد اور بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی صدر سابق وفاقی وزیر میر اسرار اللہ خان زہری سے ملاقات کی اور ملاقات میں میر اسرار اللہ خان زہری، نوابزادہ میر ظفر اللہ خان زہری کے والدہ ماجدہ کی طب پرسی اور صحت وخیر دریافت کیا اور مولانا عبدالغفور حیدری نے اماں محترمہ کی جلد صحت یابی اور تندرستی کیلئے خصوصی دعا بھی کیا گیا۔علاوہ ازیں، دونوں رہنماوں نے باہمی دلچسپی کے امور سمیت صوبہ بلوچستان اور ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اور اس موقع پر سابق ڈی لوکل گورنمنٹ میر ظفر عزیز زہری و دیگر سیاسی عمائدین موجود تھے۔

کیسکو نے نادہندہ سرکاری محکموں کو واجبات ادائیگی کے نوٹسز جاری کردیے

کوئٹہ سمیت پشین، لورالائی، سبی، خضدار اور مکران آپریشن سرکلز میں نادہندگان سے بقایاجات وصول اور بجلی چوروں کے کنکشنز منقطع کیے جارہے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کی نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف تمام سرکلز میں کارروائیاں جاری ہیں۔کیسکو ترجمان کی جانب سے جاری اعلامیے میں بتایا گیا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت پشین، لورالائی، سبی، خضدار اور مکران آپریشن سرکلز میں نادہندگان سے بقایاجات وصول اور بجلی چوروں کے کنکشنز منقطع کیے جارہے ہیں۔اعلامیے کے مطابق کیسکو نے بجلی بلوں کی ادائیگی سے متعلق تمام نادہندہ سرکاری محکموں سمیت دیگر نادہندہ گھریلو، کمرشل، صنعتی اور زرعی صارفین کے بجلی بلوں پر بقایاجات جمع کرانے کیلئے نوٹسز بھی ارسال کردیئے ہیں۔ترجمان کیسکو کے مطابق اس خصوصی مہم کے تحت کیسکو ٹیموں کی جانب سے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران بجلی میٹروں کو شنٹ اور میٹر ریڈنگ آہستہ کرنے والے 141 برقی کنکشنز چیک کیے، جن میں 124 گھریلو، 16 کمرشل اور ایک صنعتی صارف شامل ہیں۔بعد ازاں مذکورہ افراد پر جرمانے عائد کیے گئے اور بجلی چوری پر انھیں تقریبا 41 ہزار بجلی یونٹس ڈیٹیکشن چارج کیے گئے جن کی قیمت تقریبا 21 لاکھ 70 ہزار روپے بنتی ہے اور بجلی چوروں سے گزشتہ روز 21 لاکھ 70 ہزار روپے وصول کیے۔اعلامیے کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 23 بجلی چوروں کے خلاف صوبہ کے مختلف پولیس تھانوں میں تحریری درخواستیں دائر کردی گئیں ہیں۔

پاکستانی چاول کی برآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 100 فیصد اضافہ

دو ماہ میں 430,045 میٹرک ٹن چاول کی برآمد کے بدلے 272.057 ملین ڈالر موصول

لاہور (جی این ایم) رواں مالی سال کے پہلے 2 ماہ کے دوران پاکستانی چاول کی برآمدات میں گزشتہ سال کی اسی مدت کی برآمدات کے مقابلے میں تقریبا 100 فیصد اضافہ ہوا ہے۔اعداد و شمار کے مطابق جولائی تا اگست 2024 کے دوران 464.667 ملین ڈالر مالیت کے 340,703 میٹرک ٹن سے زائد چاول برآمد کیے گئے جبکہ گزشتہ سال کی اسی مدت میں 233.992 ملین ڈالر مالیت کی 340,703 میٹرک ٹن چاول برآمد کیے گئے تھے۔باسمتی چاول کی برآمدات میں 103.63 فیصد اضافہ ہوا کیونکہ 192.610 ملین ڈالر مالیت کے 187,016 میٹرک ٹن باسمتی چاول برآمد کیے گئے جب کہ گزشتہ سال کی اسی مدت میں چاول کی 94.590 ملین ڈالر مالیت کی 79,180 میٹرک ٹن کی برآمدات تھیں۔مجموعی طور پر رواں مالی سال کے پہلے 2 ماہ کے دوران پاکستانی چاول کی برآمدات میں گزشتہ سال کی اسی مدت کی برآمدات کے مقابلے میں 98.58 فیصد اضافہ ہوا ہے۔زیر جائزہ مدت کے دوران پاکستان نے تقریبا 430,045 میٹرک ٹن چاول کی دیگر اقسام برآمد کر کے 272.057 ملین ڈالر کمائے، جو گزشتہ سال کے پہلے 2 مہینوں میں 135.402 ملین ڈالر ریکارڈ کیے گئے تھے۔

اسلام آباد ایچ نائن کے سستے بازار میں لگنے والی آگ پر قابو پالیا گیا

ریسکیو حکام، فائر بریگیڈ، پاکستان نیوی، ایئر فورس و دیگر امدادی اداروں کی 31 گاڑیوں نے ریسکیو آپریشن میں حصہ لیا

وزیر داخلہ کا نوٹس، چیف کمشنر سے رپورٹ طلب کرلی... آگ جوتوں، کپڑوں کے سیکشن میں لگی، جس نے مزید دکانوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، ڈپٹی کمشنر رانا وقاص

اسلام آباد (انٹرنیوز) وفاقی دارالحکومت کے ایچ نائن سستے بازار میں لگی آگ پر قابو پالیا گیا، آتشزدگی سے 500 دکانیں جل کر خاکستر ہونے سے کروڑوں روپے کا نقصان ہوگیا، آگ بجھانے کے عمل میں فائر بریگیڈ، ریسکیو حکام، پاکستان نیوی، ایئر فورس و دیگر امدادی اداروں کی 31 گاڑیوں نے حصہ لیا، وفاقی وزیر داخلہ نے آتشزدگی کا نوٹس لیتے ہوئے چیف کمشنر اسلام آباد سے تحقیقاتی رپورٹ طلب کرلی۔تفصیلات کے مطابق بدھ کی صبح 7 بج کر 11 منٹ پر وفاقی دارالحکومت کے ایچ نائن سستے بازار میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس نے دیکھتے ہی دیکھتے 500 سے زائد سٹالز کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔حادثے کی اطلاع ملتے ہی فائر بریگیڈ کی گاڑیاں اور ریسکیو 1122 حکام موقع پر پہنچ گئے اور آگ بجھانے کا عمل شروع کردیا تاہم آگ کی شدت زیادہ ہونے پر پاکستان نیوی اور ایئر فورس کی گاڑیاں بھی طلب کرلی گئیں، ریسکیو حکام نے آگ بڑھنے سے روکنے کیلئے متعدد سٹالز خالی کرالئے۔حادثے کی اطلاع ملتے ہی چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد رانا وقاص اور اسسٹنٹ کمشنر آئی نائن موقع پر پہنچ گئیں اور آگ بجھانے کے عمل کی نگرانی شروع کردی۔ڈپٹی کمشنر اسلام آباد رانا وقاص نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ بازار میں لگنے والی آگ کی شدت زیادہ تھی جس پر سی ڈی اے، پاکستان نیوی، ایئر فورس، ریسکیو حکام اور دیگر امدادی اداروں کی گاڑیاں طلب کی گئیں۔انہوں نے بتایا کہ آگ جوتوں اور کپڑوں کے سیکشن میں لگی، جس نے مزید دکانوں کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا۔وزیر داخلہ محسن نقوی نے حادثے کا نوٹس لیتے ہوئے چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر محمد علی رندھاوا کو حادثے کی تحقیقات کا حکم دیتے ہوئے رپورٹ طلب کرلی۔دوسری جانب تاجروں نے کہا ہے

مظفرآباد، مسافر جیپ کھائی میں جاگری، 13 افراد جاں بحق

نیلم ویلی شاہراہ پر دیولیاں کے مقام پر نیلم ویلی سے مظفرآباد جانیوالی بس گہری کھائی میں جاگری

ریسکیو حکام کے مطابق حادثہ بارش کے باعث پھسلن سے پیش آیا، ریسکیو حکام کے مطابق جاں بحق ہونیوالوں میں 6 مرد، 4 خواتین اور 3 بچے شامل ہیں

مظفرآباد (انٹرنیوز) نیلم میں جیپ گہری کھائی میں گرنے کے نتیجے میں 3 بچوں سمیت 13 افراد جاں بحق ہوگئے۔تفصیلات کے مطابق مظفرآباد کے علاقے نیلم ویلی شاہراہ پر دیولیاں کے مقام پر نیلم ویلی سے مظفرآباد جانیوالی بس گہری کھائی میں جاگری جس کے نتیجے میں 13 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہوگئے۔واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو حکام موقع پر پہنچ گئے اور جاں بحق افراد اور زخمیوں کو نکالنے کا آپریشن شروع کردیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثہ بارش کے باعث پھسلن سے پیش آیا، ریسکیو حکام کے مطابق جاں بحق ہونیوالوں میں 6 مرد، 4 خواتین اور 3 بچے شامل ہیں۔

گورنر خیبر پختونخوا کا سوات میں پولیس وین پر دھماکہ کی مذمت

بے گناہ انسانوں کا ناحق خون بہانے والے انسانیت کے دشمن ہیں، گورنر فیصل کنڈی

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے مالم جبہ، سوات میں پولیس وین پر دھماکہ کی مذمت کرتے ہوئے دھماکہ میں ایک پولیس اہلکار کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا ہے. انہوں نے شہید پولیس اہل کار کے لواحقین سے تعزیت کرتے ہوئے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور شہید اہلکار کے درجات بلندی اور پسماندگان کے لئے صبر جمیل کی دعا کی. انہوں نے دھماکے کے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لئے نیک خواہشات کا بھی اظہار کیا ہے. گورنر نے کہا کہ غمزدہ خاندان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں، بے گناہ انسانوں کا ناحق خون بہانے والے انسانیت کے دشمن ہیں، دہشتگردی کیخلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز، پولیس کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔علاوہ ازیں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ژوب ڈی آئی خان شاہراہ پر انسداد دہشتگردی فورس (ATF) اہلکاروں پر حملہ کی مذمت کی ہے. گورنر نے فائرنگ سے تین اہلکاروں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا ہے. انہوں نے شہید اے ٹی ایف اہل کاروں کے لواحقین سے اظہار تعزیت اور دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے درجات کی بلندی اور پسماندگان کے لئے صبر جمیل کی دعا کی ہے انہوں نے کہا ہے کہ شہداء کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں

ایم ڈی کیٹ کا پرچہ لیک پرچے سے مشابہت رکھتا ہے، چیئرمین ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن

کراچی (این این آئی) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن (وائے ڈی اے) نے میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج ایڈمیشن ٹیسٹ (ایم ڈی کیٹ) کے پرچے پر ردعمل دے دیا۔کراچی سے جاری بیان میں چیئرمین وائے ڈی اے ڈاکٹر محبوب نے کہا کہ ایم ڈی کیٹ کا پرچہ سوشل میڈیا پر لیک پرچے سے مشابہت رکھتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پرچہ گزشتہ رات سے سوشل میڈیا پر وائرل تھا، امیدواروں کے زیادہ تر سوالات لیک پیپر سے ملتے تھے۔ڈاکٹر محبوب نے کہا کہ ایم ڈی کیٹ کے پیپر کے 3 سے 4 کوڈ بنتے ہیں، سوالات کی ترتیب آگے پیچھے ہوسکتی ہے، مگر ٹیسٹ پیپر کے سوالات متعدد لیک پیپر جیسے ہی تھے۔انہوں نے کہا کہ ایم ڈی کیٹ پرچہ کل 186 سوالات پر مشتمل ہوتا ہے

آل پاکستان پیرامیڈیکل سٹاف فیڈریشن بشمول آزاد جموں و کشمیر شمالی علاقہ جات کا اجلاس طلب

الائیڈ ہیلتھ پروفیشنل کونسل پاکستان کو نرسنگ کونسل میں ضم کرنے کے خلاف سخت احتجاج کا فیصلہ متوقع

مظفرآباد (اے ایف بی) آل پاکستان پیرامیڈیکل سٹاف فیڈریشن بشمول آزاد جموں و کشمیر شمالی علاقہ جات کا اجلاس طلب لیا گیا، جس میں آئندہ کی حکمت عملی طے کی جائے گی، جس میں الائیڈ ہیلتھ پروفیشنل کونسل پاکستان کو نرسنگ کونسل میں ضم کرنے کے خلاف سخت احتجاج کا فیصلہ متوقع ہے، آزاد کشمیر فیڈریشن کے رہنماؤں قاضی تنویر حسین، غلام فرید نواز، راجہ شہزاد احمد، سید صمصام صامی، ضیاء الدین گیلانی، چوہدری واجد احمد، حفیظ الرحمٰن، سردار ذکی احمد ضیا، سید شفاعت حسین گیلانی، راجہ سجاد حیدر، محمد علی، راج محمد، عتیق خان، محمد مقصود اعوان کے علاوہ دیگر تنظیم ہاء آزاد کشمیر کے نمائندگان نے بھی الائیڈ ہیلتھ کونسل بحال رکھے جانے کی حمایت کردی ہے اور کہا ہے کہ سمندر کو دریا میں ضم نہیں کیا جاسکتا ہے، حکومت پاکستان فیصلے پر نظر ثانی کرے اس وقت پورے پاکستان میں لاکھوں ملازمین میں تشویش پائی جاتی ہے، جس کا ازالہ حکومت کی ذمہ داری ہے۔

تھرپارکر میں آسمانی بجلی گرنے سے 5 سال میں 100 سے زائد افراد جان کی بازی ہار گئے

تھرپارکر (این این آئی) سندھ کے ضلع تھرپارکر میں آسمانی بجلی گرنے سے 5 سال میں 100 سے زائد افراد جان کی بازی ہار گئے۔تھرپارکر میں آسمانی بجلی گرنے کے واقعات میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے، گزشتہ 5 سالوں میں 100 سے زائد تھری باسی جاں بحق ہوچکے ہیں۔

کوئٹہ، ایم ڈی کیٹ میں نقل کے دوران 50 سے زائد طلباء و طالبات، دو سہولت کار گرفتار

نقل کیلئے استعمال ہونے والی ڈیوائسز برآمد، مقدمہ درج

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں میڈیکل کالجز کے ٹیسٹ کے امتحان ایم ڈی کیٹ میں نقل کے دوران 50 سے زائد طلباء و طالبات اور 2 سہولت کار گرفتار، نقل کے لئے استعمال ہونے والی ڈیوائسز برآمد مقدمہ درج کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اتوار کو کوئٹہ میں بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز (بیوٹمز) میں ملک بھر کے میڈیکل کالجز کے داخلہ ٹیسٹ ایم ڈی کیٹ کا انعقاد کیا گیا۔ٹیسٹ کے دوران سیکورٹی فورسز اور انتظامیہ کو اطلاع ملی کہ بعض امیدوار بلیوٹوتھ ڈیوائس کے ذریعے نقل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں

ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ شفاف طریقے سے منعقد ہوا، پی ایم ڈی سی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) نے دعویٰ کیا ہے کہ ملک بھر میں ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ شفاف طریقے سے منعقد ہوا۔نجی ٹی وی سے گفتگو میں ترجمان پی ایم ڈی سی نے کہا کہ ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ کے دوران تمام صوبوں کو سیکیورٹی پر خاص توجہ دینے کی ہدایت کی گئی تھی

مسلم لیگ (ن) میں نوجوان طبقے کا رجحان خوش آئند ہے، میر سجاد رئیسانی

نوجوانوں کے مسائل کے حل کیلئے ہنگامی طور پر اقدامات کئے جائیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ کوئٹہ ڈویژن، ڈسٹرکٹ اور سٹی کا اجلاس اتوار کو میر سجاد رئیسانی کی صدارت میں کوئٹہ پریس کلب میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی کابینہ کے ارکان سمیت دیگر زمہ داران نے بھی شرکت کی۔اجلاس میں ڈسٹرکٹ کوئٹہ اور کوئٹہ سٹی کی نئی کابینہ سمیت یونٹ سازی سے متعلق اہم فیصلے کئے گئے جلد کوئٹہ میں یونٹ سازی کی تشکیل عمل میں لانے کا فیصلہ کیا گیا۔اجلاس میں آنے والے بلدیاتی انتخابات کی تیاری سے متعلق بھی تفصیلی بات چیت کی گئی اور مستقل عوامی رابطہ مہم پر اتفاق کیا گیا نوجوانوں کے بڑھتے ہوئے مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے مسائل کے حل کیلئے خصوصی اقدامات پر زور دیا گیا اور کمیٹیاں بھی تشکیل دی گئیں۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے یوتھ ونگ کے صوبائی جنرل سیکرٹری میر سجاد رئیسانی، صوبائی سینئر نائب صدور میر عین الدین کرد، عرفان بلوچ، صوبائی نائب صدور محمد حسن، ولید دشتی، کوئٹہ ڈویژن کے صدر سید برہان شاہ، ڈسٹرکٹ کوئٹہ کے صدر میر ریاض گرگناڑی، صوبائی میڈیا کوآرڈینیٹر ناظم حسین یوسفزئی، جنرل سیکرٹری آغا مشتاق تارن، اشرف مینگل، وحید گرگناڑی، عارف محمد شہی، موجود تھے

اصلاح معاشرہ اور امن و امان کے قیام میں علماء کا کردار انتہائی اہم ہے، عدنان قادری

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے وزیر حج، اوقاف اور مذہبی امور صاحبزادہ عدنان قادری نے کہا ہے کہ اصلاح معاشرہ اور امن و امان کے قیام میں علماء کا کردار انتہائی اہم ہے لہذا علماء متحد ہوکر مثالی اور انصاف پر مبنی معاشرے کے قیام کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

ٹریفک پولیس کراچی کے شہید کانسٹیبل خدا بخش کی نماز جنازہ پولیس ہیڈکوارٹر گارڈن میں ادا کردی گئی

شہید سندھ پولیس کا قیمتی اثاثہ ہے جنہوں نے ہمیشہ قربانیاں دے کر سندھ پولیس کا نام فخر سے بلند کیا، آئی جی سندھ

کراچی (این این آئی) ٹریفک پولیس کراچی کے شہید کانسٹیبل خدا بخش کی نماز جنازہ پولیس ہیڈکوارٹر گارڈن میں ادا کردی گئی۔ 21 ستمبر 202، کو کانسٹیبل خدا بخش دن 12:10 بجے بمقام شیر شاہ آر ڈی چوک پر اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہے تھے کہ دوران ڈیوٹی نامعلوم ملزمان نے کانسٹیبل خدا بخش سے واردات کرتے ہوئے پستول چھیننے کی کوشش کی کانسٹیبل نے سخت مزاحمت کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک ملزم کو قابو کرلیا تو دوسرے ملزم نے فائرنگ شروع کردی جسکی کی زد میں آکر کانسٹیبل شہادت کے رتبے پر فائز ہوئے۔سندھ پولیس کے خصوصی دستے نے شہید کو سلامی پیش کی اور پھولوں کی چادر چڑھائی۔شہید کانسٹیبل کی نماز جنازہ میں آئی جی سندھ غلام نبی میمن، ایڈیشنل آئی جی کراچی جاوید عالم اوڈھو، ڈی آئی جی ٹریفک کراچی احمد نواز، سندھ پولیس کے دیگر افسران و جوان اور شہید کے ورثا نے نماز جنازہ میں شرکت کی

شاہدرہ کے لوگوں کے لئے خوشخبری، نومبر میں یہاں ترقیاتی کام شروع ہوجائیں گے، سمیع اللہ خان

فخر سے کہہ سکتا ہوں شاہدرہ، اور پورے پنجاب کی ترقی کا سہرا ن لیگ کو جاتا ہے، چیئرمین استحقاق کمیٹی

لاہور (این این آئی) چیئرمین استحقاق کمیٹی پنجاب اسمبلی سمیع اللہ خان نے کہا ہے کہ شاہدرہ کے لوگوں کے لئے خوشخبری ہے، نومبر میں یہاں ترقیاتی کام شروع ہوجائیں گے۔میں فخر سے کہہ سکتا ہوں کہ شاہدرہ، اور پورے پنجاب کی ترقی کا سہرا ن لیگ کو جاتا ہے۔عبدالعلیم خان وفاق سے بجٹ لاکر شاہدرہ میں ترقیاتی کام کروا رہے ہیں۔ ان خیالات کا انہوں نے وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کے ہمراہ شاہدرہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ میرے حلقہ کی دس یونین کونسل ہیں

سنٹرل پولیس آفس: انسپکٹر رینک پر ترقی پانے والے 53 افسران کو رینک لگانے کی تقریب

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے سینئر افسران کے ہمراہ افسران کو انسپکٹر عہدے کے رینک لگائے

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا ہے کہ پنجاب پولیس لاء اینڈ آرڈر، دہشت گردی، مذہبی منافرت اور شدت پسندی کے چیلنجز سے نبرد آزما ہے، پنجاب پولیس موجودہ وسائل میں بہت بہادری اور جانفشانی سے تمام چیلنجز کا مقابلہ کر رہی ہے، آئی جی پنجاب نے کہا کہ افسران پروفیشنلزم اور سمارٹ پولیسنگ سے محکمانہ امور میں اپنی افادیت اور اہمیت بڑھائیں، جدید ٹیکنالوجی کا استعمال، بہترین سروس ڈیلیوری، انصاف کی فراہمی یقینی بنائیں، آئی جی پنجاب نے ہدایت کی کہ پہلے سے مزید بہتر رویوں اور خوش اخلاقی سے غریب کو انصاف دیں، کسی بھی دباؤ کے بغیر بے قصور کو بے گناہ اور گنہگار کو سزاوار ٹھہرائیں،

لاہور، ڈائریکٹر جنرل سپورٹس خضر اقبال چوہدری کھیلتا پنجاب پنک گیمز کی تیاریوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دالبندین، محکمہ لائیو اسٹاک چاغی کی جانب سے مختلف علاقوں میں کانگو وائرس سے بچاؤ کیلئے اسپرے کیا جارہا ہے

روزنامہ بولان حب
موبائل حب: 0336-6113760
فون حب: 0853-310202
فیکس حب: 0853-310202
موبائل کوئٹہ: 0300-8380280
موبائل اسلام آباد: 0309-7900035
چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کبھوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آر سی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

کمپلیکس عرف بھول بھلیاں

[illegible] سے آدھے کلو میٹر دور ٹھہری کرتے جب ہانپتے کانپتے پھولی سانس کے ساتھ دروازے پر پہنچے تو بقول منیر نیازی

ایک اور دریا کا سامنا تھا منیر مجھ کو
میں ایک دریا کے پار اترا تو میں نے دیکھا

دروازے سے اصل بھول بھلیاں شروع ہوئیں ہم ای این ٹی کا پتہ پوچھتے ہوئے چلتے تو چلتے رہے ادھر ادھر مڑتے ہوئے۔ کئی مقامات پر غلط کاریڈور میں بھی مڑ جاتے اور کافی چلنے کے بعد واپس ہوتے رہے، پہلے ٹانگوں نے جواب دیا پھر سانس نے اور آخر میں حوصلے نے۔ تو ایک جگہ بیٹھ جاتے سانس بحال ہو جاتی تو پھر چل پڑتے تین چار مقامات پر سانس بحال کرتے، پھولی ہوئی سانس اور گھسیٹتی ہوئی ٹانگوں کے ساتھ ناک کان اور گلے کی انتظارگاہ پہنچے، تو ایک کرسی میں بیٹھنے سے پہلے گر پڑے۔ آگے کیا ہوا وہ بتانے کے لائق نہیں اس لیے چھوڑ دیتے ہیں اور بھول بھلیوں کا پیچھا کرتے ہیں، اس وقت عوام و خواص میں دو مشہور بھول بھلیوں کا ذکر آتا ہے۔

ایک یونانی اساطیر میں مینوٹور کی بھول بھلیاں اور دوسری پشاور میں مشہور محبوبہ جلات کی بھول بھلیاں اور تیسری یقینا اس کمپلیکس کے انجینئروں کی بنائی ہوئی یہ نئی بھول بھلیاں۔ لفظ مینوتور کے معنی ہیں آدمی بیل یا بیل آدمی۔ کہانی کے مطابق کریٹ کے بادشاہ منہاس کی بیوی پر دیوتا زیوس عاشق ہو گیا اور اس نے ایک بیل کی شکل میں اس سے ملاقات کی تو نتیجہ مینوتور کی شکل میں نکلا جس کا دھڑ بیل کا اور سر انسان کا تھا۔ منہاس نہایت پیچیدہ بھول بھلیوں میں سیگزرا، وہ آدم خور بھی تھا۔ اور ان دنوں یونان بھی اس کا باج

[illegible] اور نہ ڈھونڈا تو اس کا سر قلم کر دیا جائے گا، اس طرح چھ شہزادے ناکام ہو کر مارے گئے لیکن ان کا چھوٹا بھائی جلات جب اس مہم پر نکلا تو کامیاب ہو گیا کیونکہ اس نے براہ راست نقارہ بجانے کے بجائے پہلے معلومات حاصل کرنا شروع کر دی۔

آخر اسے ممند نام کے ایک سنار کا پتہ چلا جو محبوبا کے لیے زیور بناتا تھا اور اس کی ماں کا بھول بھلیوں میں آنا جانا تھا۔ وہ ممندی زرگر کا شاگرد بن گیا اور اپنی تابعداری وفاداری اور خدمت سے ممندے اور اس کی ماں کا دل جیت لیا۔ اور پھر جب اچھی طرح ان کا اعتماد حاصل کیا تو اپنا راز بتایا۔ یوں وہ محبوبا تک پہنچا یہاں بھی دھاگا کام آیا۔ یہ کہانی شعرا نے منظوم کتابوں میں لکھی ہے اور لوگوں کا اس پر اتنا یقین ہے کہ اکثر لوگ اب بھی یہ کہتے ہیں کہ محبوبا کا وہ تہہ خانہ اب بھی پشاور کے آس پاس زیر زمین موجود ہے۔

میڈیکل کمپلیکس کی عمارت بنانے والے انجینئروں نے شاید یہ کہانی سنی تھی، محبوبا کا اصل قلعہ تو معلوم نہیں ہے اس لیے انھوں سوچا کہ محبوبا کا وہ زیر زمین قلعہ بر سر زمین کیوں نہ لایا جائے، اس لیے کمپلیکس عرف بھول بھلیاں تعمیر کیا۔ جس میں ہم ہر قدم ہر موڑ پر بھٹکتے ہوئے پہنچ تو گئے لیکن محبوبا کا پتہ نہیں چلا کیونکہ اس کے اندر سفید لباس میں ملبوس محبوبائیں اتنی زیادہ تھیں کہ انتخاب بھی بھول بھلیاں ہو گیا تھا۔

بعد میں ہمیں یہ بھی پتہ چلا کہ ممندے زرگر اور اس کی ماں بھی یہاں موجود ہیں۔ وہیل چیئر اور ان کے چلانے والے۔ لیکن یہ بات صرف وہ لوگ جانتے تھے جو آخری شہزادے کی طرح ذہین ہوں

فتنہ خوارج کیخلاف فیصلہ کن معرکہ

ریاست پاکستان اس وقت پے در پے کئی چیلنجز کا سامنا کر رہی ہے۔ معاشی بحران نے اپنے پنجے بری طرح گاڑ رکھے ہیں۔ ایک غیر مقبول سیاسی حکومت کا بوجھ بھی ریاست کے کندھوں پر ہے۔ دوسری طرف افغانستان میں بیٹھ کر خارجیوں یعنی ٹی ٹی پی نے، ملک کے مختلف حصوں خصوصا بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں بدامنی پھیلانے کا مکروہ کھیل شروع کر رکھا ہے اور ان کی کارروائیاں روکنے کیلئے پاک فوج کے جوان مسلسل قربانیاں دے رہے ہیں۔ ان سنگین حالات کے پس منظر میں مسلح افواج کے سربراہ نے مختلف مواقع پر اپنے دوٹوک موقف کا اظہار کیا۔ انہوں نے کاکول میں ہونے والی ایک تقریب کے دوران انہوں نے مختلف قرآنی آیات کا حوالہ دیتے ہوئے قوم کو یہ بات سمجھانے کی کوشش کی کہ دہشت گردی کی کارروائیاں محض شرپسندی نہیں بلکہ یہ خارجیوں کے اس فتنے کا تسلسل ہے جو تاریخ اسلام کیساتھ ساتھ چلے آ رہے ہیں۔ ان تقاریر سے قبل اگست کے پہلے ہفتے میں آئی ایس پی آر کی جانب سے قوم کو آگاہ کیا گیا کہ حکومت پاکستان نے تمام وزارتوں اور سرکاری محکموں کو احکامات جاری کیے ہیں کہ وہ کالعدم تحریک طالبان پاکستان کیلئے فتنہ الخوارج کے الفاظ کا استعمال کریں اور سرکاری دستاویزات میں کالعدم دہشت گرد تنظیموں سے منسلک افراد کے لیے معزز الفاظ مثلا مفتی، مولانا، یا حافظ جیسے الفاظ اور القابات استعمال نہ کریں بلکہ ان کے ناموں سے پہلے خارجی کا لفظ استعمال کیا جائے۔ یہ تمام اقدامات ریاست کی اس سوچ کی عکاسی کرتے ہیں کہ وہ اس فتنہ سے ہمہ پہلو نپٹنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ تاریخ کے طلبہ اس حقیقت سے آگاہ ہیں کہ تنازعات کے دوران زبان، الفاظ اور اصطلاحات کی بڑی اہمیت ہوتی ہے۔ روس اور افغانستان کی جنگ کے دوران روس کے خلاف لڑنے والوں کو جہادی کہا جاتا تھا کیونکہ اسلام میں جہاد ایک احترام کے ساتھ لیا جانے والا لفظ ہے۔ جبکہ مغرب ان جہادیوں کے لیے دہشت گرد کا لفظ استعمال کرتا تھا۔ یوں ایک ہی عمل کرنے والے لوگوں کے متعلق پاکستان کے لوگوں کی رائے اور تھی جبکہ مغرب کے باشندے مختلف رائے رکھتے تھے۔ اسی طرح خارجی کا لفظ بھی اپنے اندر ایک تاریخی پس منظر لیے ہوئے ہے۔ تاریخ اسلام میں خارجی کا لفظ ایک حدیث مبارکہ میں بھی مذکور ہوا۔ سنن ترمذی کی حدیث نمبر 2188 باب الخوارج میں رقم ایک حدیث مبارکہ کا مفہوم ہے کہ عبداللہ بن مسعود کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آخری زمانہ میں ایک قوم نکلے گی جس کے افراد نوعمر اور سطحی عقل والے ہوں گے، وہ قرآن پڑھیں گے لیکن قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا، قرآن کی بات کریں گے لیکن وہ دین سے اسی طرح نکل جائیں گے جیسے شکار سے تیر آر پار نکل جاتا ہے''۔ یہاں پر دین سے نکل جانے والوں کے لیے عربی میں خارجی کا لفظ استعمال کیا گیا۔ ٹی ٹی پی سے وابستہ لوگوں کے عقائد و نظریات کا مطالعہ کیا جائے تو وہ بلاشبہ اس تعریف پر پورا اترتے ہیں وہ معصوم مسلمانوں کو مارنے کے لیے قرآنی آیات کا سہارا لیتے ہیں خودکش بمبار تیار کرنے والوں کو جنت کی بشارتیں سناتے ہیں۔ میری دانست میں پاکستان کی مسلح افواج نے صحیح معنوں میں اس مرض کی تشخیص کی اور اسکے درست علاج کی طرف قدم اٹھا۔ یہ بحث اب پرانی ہو چکی ہے کہ طالبان کس کی تخلیق تھے، یہ تذکرہ کرنے کی بھی ضرورت نہیں کہ کبھی اچھے طالبان اور برے طالبان کی اصطلاح بھی استعمال ہوتی تھی، یہ بھی یاد دلانے کی ضرورت نہیں کہ انہی طالبان کو کس نے مسلح کیا تھا، یہ بات بھی دوبارہ لکھنے کی ضرورت نہیں کہ پاکستان کے اقتدار کے ایوانوں سے لے کر واشنگٹن تک ان لوگوں کو کس نے رسائی مہیا کی۔ یہ بھی ایک کھلا سچ ہے کہ انہی طالبان کو پروان چڑھانے میں اندرونی و بیرونی عناصر نے اپنا کردار ادا کیا۔ لیکن یوں لگتا ہے کہ پاک فوج نے اس تاریخی غلطی کو سدھارنے کا حتمی فیصلہ کر لیا ہے۔ عزم استحکام پاکستان آپریشن اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے پاکستان کی اسٹیبلشمنٹ کے کندھوں پر اس وقت بے شمار بوجھ ہیں جس طرح کہ میں نے شروع میں عرض کیا کہ معیشت سنبھالنے کی ذمہ داری بھی انہی کے کندھوں پر ہے ملک میں امن و امان کی صورتحال دیکھنا بھی انہی کے فرائض میں شامل ہے، ہماری اسٹیبلشمنٹ نالائق نااہل اور غیر مقبول حکومت کا بوجھ کب تک اٹھائے گی، یہ کہنا تو مشکل ہے البتہ فوج کی ہمت کو داد دینا پڑے گی کہ اندرونی اور بیرونی محاذوں پر اس قدر مصروفیت کے باوجود انہوں نے بڑی جانفشانی سے فتنہ خوارج کے خلاف پر عزم جدوجہد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ عزم استحکام آپریشن جس طرح کہ بتایا گیا ہے کہ ٹارگٹڈ آپریشن ہوگا اور صرف وہی لوگ اس آپریشن کا نشانہ بنیں گے

لمحہ فکریہ اور احساس زمہ داری

پاکستان کن مشکل حالات کا سامنا کر رہا ہے ان حالات میں حکومت اپوزیشن کے ساتھ ساتھ پاکستان کے ہر شہری کی بھی کچھ نہ کچھ زمہ داری بنتی ہے کہ وہ ملکی سلامتی اور ملکی تعمیر و ترقی کے لیے اپنی فکری سوچ اور احساس کو بیدار کرے۔ حالات کا تقاضا ہے کہ اس فکر اور سوچ کو پروان چڑھایا جائے جس سے پاکستان کے نظریئے اور اساس کا تحفظ ممکن ہو سکے۔ یہ لمحہ فکریہ ہے کہ قوم میں تقسیم در تقسیم کا فائیدہ دشمن قوتیں اٹھا رہی ہیں۔ انتشار اور فساد کی سیاست کو پروان چڑھانے والے پاکستان کے خیر خواہ نہیں۔ قومیت صوبائیت لسانیت اور مزہبی بنیادوں پہ تقسیم ملک و قوم کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ یہ ایسے معاملات و مسائل ہیں جن کا فائدہ براہ راست دشمن قوتیں اٹھاتی ہیں۔ بے بنیاد پروپیگنڈوں اور جھوٹے بیانیوں کو پھیلا کر قوم میں انتشار اور فساد کی سازشیں کرنے والے پاکستان کے دشمن ہیں۔ بھارت شروع دن سے پاکستان دشمنی میں اتنا آگے نکل چکا ہے کہ وہ پاکستان میں تمام تر دہشت

تحریر: شیریں حیدر

گردی کو بطور ریاستی پالیسی استعمال کر رہا ہے۔ پاکستانی قوم اس صورتحال میں اپنی صف بندی کرے اور ملک دشمن قوتوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملائیں افواج پاکستان نے اپنے خون سے اس ملک کی آبیاری کی ہے۔ ان کی قربانیاں اور شہادتیں قوم اور ملک کے لیے باعث فخر ہیں۔ احساس فکر کی تربیت سے ہی قوم آگے بڑھے گی اور ملک ترقی کرے گا۔ پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنے کے لیے بیرونی دشمن عناصر سرگرم ہیں۔ قوم کے اجتماعی رویے اور عدم برداشت نے ہماری معاشرتی زندگی میں بھونچال پیدا کر کے رکھ دیا ہے۔ بہرحال ہمیں بحیثیت پاکستانی ایک زمہ دار قوم کے طور پہ خود کو آگے لانا ہوگا۔ جب قوم اپنی زمہ داریوں کو سمجھے گی تو پھر پاکستان کو درپیش مسائل اور چیلنجز کا مقابلہ کیا جا سکے۔ پاکستان کو اللہ تعالی نے بے پناہ وسائل سے نوازا ہے اور بہترین جغرافیائی اہمیت سے بھی نوازا ہے۔ قوم کو ہجوم اور گروہ سے قوم بننے کی طرف سفر کرنا ہوگا۔ ملک میں دہشت گردی دشمن قوتوں کی ایما پہ ہو رہی ہے۔ قوم کے تعاون اور افواج پاکستان کے عزم و حوصلے اور ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے دہشت گردی کا جلد خاتمہ ہو گا۔ پاکستان ترقی و خوشحالی کی منازل طے کرے گا۔ قوم کی آپکی رنجشیں اور اختلافات لمحہ فکریہ ہیں ان کا خاتمہ ضروری ہے۔ قومی مفاد اور قومی سلامتی کے تناظر میں سب کو متحد رہنے کی ضرورت ہے تاکہ وہ دشمن ہماری کمزوریوں سے فائیدہ نہ اٹھا سکے۔ پاکستان کے لیئے شہادت کے مرتبے پہ فائز ہونے والے اور قربانیاں دینے والے قابل تحسین ہیں جنہوں نے ملک کے لیئے عظیم قربانیاں دیں۔ ملک کے شہدا قابل تکریم ہیں اور ان ہی کی قربانیوں کی بدولت آج پاکستان دشمنوں کی ریشہ دوانیوں سے بچا ہوا ہے۔ ہر پاکستانی کی دعا ہے کہ یہ ملک ہمیشہ قائم و دائم رہے۔ آمین

پاک افغان جنگ

پاک افغان جنگ، پاکستان اور ہندوستان کے جنگ جیسی نہیں، معرکہ حق میں عظیم الشان فتح پر ایک طرف پاکستانی قوم جشن منا رہی تھی تو دوسری طرف سارا عالم اسلام شادیانے بجا رہا تھا لیکن پاک افغان جنگ پر نہ صرف ہر ذی شعور افغانی اور پاکستانی بلکہ امت مسلمہ کا ہر فرد غمزدہ، افسردہ اور مضطرب ہے۔

اس لیے سوشل میڈیا کے ڈیجیٹل مجاہدین سے صرف اتنا کہوں گا کہ اس لڑائی میں شکست اور فتح کا وہ تصور نہیں جو مشرکین ہندوستان کے ساتھ جنگ کا تھا۔ عالم کفر کو کوئی فرق نہیں پڑتا کہ کون جیتے گا اور کون ہارے گا وہ ہر حال میں اس جنگ کے دوران اپنی کامیابی پر جشن منائیں گے، ان میں سرفہرست ہندوستان اور اسرائیل ہیں۔ اگر ہم نے ہوش کے ناخن نہیں لیے تو فتح مشرک سرنڈر مودی، صہیونی نیتن یاہو اور ہار صرف افغانستان اور پاکستان کی نہیں پوری امت مسلمہ کی ہوگی۔ یہ جنگ مکمل طور پر نہیں روکی گئی تو ہم سب کے لیے اس کی تباہ کاریاں اور اذیت غزہ میں صہیونیوں کے ہاتھوں مظلومین غزہ کی نسل کشی سے زیادہ بھیانک اور اذیت ناک ہوگی۔ اس لیے آگ بھڑکانے والے سوشل میڈیا کے ڈیجیٹل غازیوں کے وی لاگز تو دور کی بات اس المیے کے بارے میں درست خبریں سننے سے بھی اجتناب کر رہا ہوں مگر ایک ویڈیو کلپ غلطی سے دیکھ لیا جس میں چند وحشی نقاب پوش ایک جوان کی لاش پر لاٹھیاں اور لاتیں برساتے گھسیٹتے ہوئے انسانیت کا جنازہ نکال رہے تھے۔ ارے ظالموں یہ جوان کسی کا بیٹا، باپ، شوہر اور بھائی ہوگا ان پر کیا گزری ہوگی اور وہ سب اس درد کے ساتھ کیسے جئیں گے اور آپ لوگوں کو اپنے بندوں سے ستر گنا سے زائد پیار کرنے والا مختار کل اور مالک الملک، قہار و جبار اللہ کے قہر اور منتقم اللہ کے انتقام سے کون بچائے گا؟ اس بربریت کی ایک جھلک دیکھنے سے لے کر میں اب تک نم آنکھوں اور سوچنے سے قاصر مفلوج ذہن کے ساتھ امت کے بھیانک کل سے خوفزدہ ہوں۔ یہ ظلم اور اخلاقی گراوٹ تو ہم نے نیتن یاہو کے پالے صیہونیوں کے ہاتھوں مظلومین غزہ کی نسل کشی کے دوران بھی نہیں دیکھی، یہ کیسے مانوں کہ کوئی کلمہ گو مسلمان اپنے کلمہ گو مسلمان بھائی کے ساتھ یہ شرمناک اور بزدلانہ حرکت کر سکتا ہے؟ میرا ڈر حقیقت میں بدل چکا ہے کہ پاک افغان جنگ کی تباہ کاریاں غزہ سے زیادہ ہونگی۔ دل تو نہیں مانتا کہ رب العالمین کو ماننے والا اور رحمت العالمین کا کوئی امتی اتنا گر سکتا ہے۔ مگر خدانخواستہ اگر واقعی یہ پاک افغان سرحد پر اس کشیدگی کے دوران ہوا ہے تو قہار و جبار اللہ کے قہر سے بچنے کے لیے برق رفتاری سے مکمل تحقیقات کر کے ان سفاک درندہ صفت قاتلوں کو نشان عبرت بنانا پاکستان اور افغانستان کی مشترکہ ذمہ داری ہے ورنہ اگر دشمن کے تنخواہ دار اور امت کے ان غداروں کو نشان عبرت نہیں بنایا گیا تو یہ غدار

تحریر: اشفاق اللہ جان ڈاگیوال

اس خطے کو جہنم اور آگ و خون کا دریا بنا دینگے اور یہی مودی اور نیتن یاہو کا مشترکہ ایجنڈا ہے۔ اس لیے اس امت دشمن جنگ پر غمزدہ اور افسردہ دلوں کا نمائندہ بن کر ریاست پاکستان کے اہل اختیار کو رب العالمین کا واسطہ دیتا ہوں کہ حالات کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے حکمت اور تدبر سے حالات کو سنبھالنے کی کوشش کریں۔ امارات اسلامیہ افغانستان کے شیخ القرآن والحدیث مولانا ہیبت اللہ اخونزادہ، مولانا امیر متقی، سراج الدین حقانی، سمیت تمام ذمے داران خصوصا اپنے باباجان کی روحانی اولاد کو اللہ رب العزت اور اپنے باباجان سمیت ان کے تمام اساتذہ اور مرشدوں کا واسطہ دیتا ہوں کہ دشمنوں کی چالوں کو اور حالات کی سنگینی کو دیکھتے ہوتے ہوئے درد دل اور کھلے دل کے ساتھ اللہ رب العزت کے احکامات اور رحمت العالمین حضرت محمد مجتبی ﷺ کے سنت و سیرت کے مطابق پڑوسی مسلمان ملک کے ساتھ افہام و تفہیم کے ساتھ مسائل حل کر کے اپنے مرشدوں اور اساتذہ کے ارواح اور قبروں میں موجود جسموں کے لیے راحت و سکون کا ذریعہ بنیں۔ کفار و مشرکین کی منصوبہ بندی سے مسلط کردہ اس جنگ میں امت کے غداروں اور آستین کے سانپوں کے مرنے پر تو ہر مسلمان خوش ہوگا مگر اس جنگ میں پاکستان اور افغانستان کے ان بہادر اور شباب امت کے کڑیل جوانوں کی شہادتوں کو کیسے برداشت کر سکتا ہے جن سے وہ اتحاد امت کا پرچم بلند کرنے اور مسلمانوں کے نشاط ثانیہ کے خوابوں کو حقیقت میں بدلنے کی آس لگا کر بیٹھے تھے۔

سب کو شافع محشر کا واسطہ دے کر درخواست کرتا ہوں کہ اپنی صفوں میں موجود غداروں کو پہچان کر ان کو نشان عبرت بنائیں، اس جنگ میں نقصان پاکستان کا ہو یا افغانستان کا، امت مسلمہ کے ہر باشعور فرد کے لیے اذیت ناک اور گہرے صدمے کا باعث ہوگا۔ حالات ایک دم اس نہج پر نہیں پہنچے اس کے لیے اسلام دشمن قوتیں خصوصا اسرائیل اور ہندوستان جیسے دشمنوں نے مجرمانہ سازشوں کا جال بچھایا اور طویل منصوبہ بندی کی۔ افسوس کہ ہم بے خبر رہے اور عیار دشمن کافی حد تک اپنی سازشوں میں کامیاب ہو گیا۔

بحیثیت مسلمان ہمارا عقیدہ اور ایمان ہے کہ ایک بے گناہ انسان کا قتل پوری انسانیت کا قتل ہے تو یہ کیسے مانوں کہ یہ دراندازی اور مسلمانوں کا قتل عام کوئی مسلمان کر رہا ہے؟ یہ حقیقت ہے جہاں بھی دو مسلمان ممالک حالت جنگ میں ہونگے وہ درحقیقت کفار اور مشرکین کی دونوں کے خلاف جنگ ہوتی ہے، ان کو آپس میں لڑوانے کے لیے ان کے درمیان غداروں اور آستین کے سانپوں کے ذریعے دونوں ممالک پر بلواسطہ جنگ مسلط کرتے ہیں۔ نفاق اور بداعتمادی پیدا کرنا ان غداروں کا خطرناک ترین ہتھیار اور جنگ کے بنیادی اسباب ہیں۔

میں پاکستان اور افغانستان کی جنگ کو اس نظر سے دیکھتا ہوں کہ یہ امریکی سرپرستی میں ناجائز صیہونی ریاست اسرائیل اور گاماتا کے پجاری مشرک ریاست ہندوستان کی افغانستان اور پاکستان کے خلاف بڑا کسی وار ہے۔ یہ پاکستان اور افغانستان کی اپنی نہیں، امت کے غداروں، "را اور موساد" کے ایجنٹوں کے ذریعے ہم پر مسلط کی گئی جنگ ہے۔ شکر الحمدللہ دو برادر اسلامی ممالک ترکیہ اور قطر کی کوششوں سے جنگ بندی کے معاہدے پر فریقین دستخط کر چکے ہیں مگر میں سمجھتا ہوں کہ پاک افغان دوستی کے کنویں میں بے اعتمادی، نفاق، غداری اور مفاد پرستی کے کتے گر چکے ہیں اس لیے کنویں کا پانی بدبودار اور پلید ہو چکا ہے۔ جب تک فریقین اس کنویں سے بے اعتمادی، نفاق، غداری اور مفاد پرستی کے کتے نکالنے کے عزم صمیم کے ساتھ مذاکرات کی میز پر بیٹھ کر کتے نکالنے کے بعد تمام بدبودار پانی) گلے شکوے اور تمام غلط فہمیاں (باہر نکال کر کنویں کو صاف نہیں کرینگے یہ مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ قطر میں مذاکرات کے بعد ذبیح اللہ مجاہد کا بیان خوش آیند ہے مگر کنویں سے کتا نکالے بغیر) وجہ عناد ختم کیے بغیر (چاہے جتنا پانی نکال لیا) مذاکرات (جائے یہ وقت کا ضیاع اور لاحاصل ہوگا اس لیے سب سے پہلے پورے اخلاص اور ایمانداری کے ساتھ وجہ عناد بننے والے تمام معاملات کو حل کر کے، کنویں سے برآمد ہونے والے تمام کتوں کو مٹی میں دفن کریں تاکہ مستقبل میں ان کے تعفن سے بھی بچا جا سکے۔ اور صرف غلط فہمیاں دور کرنے سے بھی مسئلہ حل نہیں ہوگا، ضروری ہے کہ اپنے مشترکہ دشمن کو پہچان کر ان کو نشان عبرت بنانے کا تہیہ کر لیں۔

سیاسی دباؤ یا دکھاوا؟

پیپلز پارٹی نے حکومت کو ایک ماہ کا نوٹس دے دیا ہے کہ وہ اس عرصے میں پی پی کے تحفظات دور کریں، ورنہ سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوگا اور اس سلسلے میں فیصلہ کیا جائے گا۔ بلاول ہاؤس کراچی میں منعقدہ اس اجلاس میں صدر مملکت آصف زرداری بھی شریک تھے جنھوں نے پنجاب حکومت کے رویے پر پی پی رہنماؤں کے گلے شکوے بھی سنے اور اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ مسلم لیگ) ن (کی وفاقی حکومت کے ساتھ مذاکرات جاری رکھے جائیں گے۔

اجلاس کے بعد یہ بھی معلوم ہوا کہ صدر زرداری پنجاب میں پی پی اور) ن (لیگ اختلافات کا معاملہ متعلقہ حلقوں کے ساتھ اٹھائیں گے اور وہ میاں نواز شریف کے ساتھ بھی اس سلسلے میں بات کر سکتے ہیں۔

واضح رہے کہ پی پی کی سینٹرل کمیٹی کے اجلاس سے قبل بلاول بھٹو کی قیادت میں پی پی کے وفد نے وزیر اعظم شہباز شریف سے بھی ملاقات کی تھی اور پنجاب حکومت کے بیانات اور رویے پر پی پی کے تحفظات کا اظہار کیا تھا جس پر وزیر اعظم نے پی پی وفد کو شکایات دور کرنے کی یقین دہانی کرائی تھی جس پر پیپلز پارٹی مطمئن نہیں تھی جس کے بعد یہ مسئلہ سینٹرل کمیٹی کے اجلاس میں زیر غور آیا اور حکومت کو ایک ماہ کی مہلت دی گئی۔

تحریر: خزیمہ انصاری البانده

اطلاع کے مطابق اجلاس میں پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کی دو آراء تھیں کہ اگر حکومت پی پی کے تحفظات دور نہیں کرتی تو اپوزیشن میں بیٹھا جائے۔ ایک رائے حکومت میں شامل ہو کر وزارتیں لینے کی بھی تھی مگر اجلاس کے بعد بتایا گیا کہ پیپلز پارٹی وفاقی کابینہ میں شامل نہیں ہو رہی۔ مسلم لیگ) ن (کی وفاقی اور پنجاب حکومتوں کے سلسلے میں یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ پی پی کو وفاقی حکومت سے اتنی شکایات نہیں جتنی پنجاب حکومت کے ساتھ ہیں۔

پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کے مطابق پی پی اور) ن(لیگ کے درمیان اختلافات پیدا ہونے میں ایک دوسرے پر تنقید کا بڑا کردار رہا ہے۔

دونوں جانب سے متنازع بیانات سے معاملات کو مزید خراب کیا گیا کہ بعد میں وزیر اعظم کو مداخلت کرنا پڑی اور ان کی ہدایت پر اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی سربراہی میں مسلم لیگ) ن (کا وفد صدر زرداری سے ملنے نواب شاہ گیا تھا جس میں دونوں پارٹیوں کے مابین بیان بازی پر بات ہوئی اور دونوں طرف سے آئندہ متنازع بیانات نہ دینے کا فیصلہ کیا گیا تھا جس کے بعد پی پی رہنماؤں اور سندھ و پنجاب کے وزیروں کے ایک دوسرے کے خلاف بیانات رک گئے تھے۔

وفاق اور پنجاب میں مسلم لیگ) ن (کی حکومتیں ڈیڑھ سال سے اقتدار میں ہیں۔ اس عرصے میں ملک کے عوام کو مہنگائی سے نجات دلانے کی بھرپور کوشش ضرور ہوئی مگر مہنگائی قابو میں نہیں آ رہی اور عوام کو ریلیف دینے کے وعدے بہت ہوئے جب کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کو اپنے عوام کی فلاح و بہبود اور پنجاب کی ترقی کا خیال رہتا ہے۔ انھوں نے عوام کی ترقی کے لیے بہت سے منصوبے پیش کیے ہیں۔

نیا ٹیلنٹ

پیرس اولمپکس میں گولڈ میڈل جیت کر پاکستان واپس آنے والے قومی ہیرو کی ملک بھر میں سیاست کرنے والی مذہبی جماعتوں اور تحریک انصاف کے سوا تمام سیاسی جماعتوں، سیاسی و سماجی رہنماؤں اور عوامی حلقوں نے وہ زبردست پذیرائی کی ہے جس کی مثال 1992 میں پاکستانی کرکٹ ٹیم کے ورلڈ کپ جیتنے پر واپسی میں بھی نہیں ملی تھی۔ صرف مذہبی اسکالر مولانا طارق جمیل نے ہی ارشد ندیم کو اپنے گھر عشائیے پر مدعو کیا اور انھیں پانچ لاکھ روپے ذاتی طور پر انعام بھی دیا جب کہ دیگر مذہبی شخصیات کی طرف سے قومی ہیرو کے خیر مقدم کا تو کوئی بیان بھی سامنے نہیں آیا۔ مایوسی کے اس دور میں گولڈ میڈل جیت کر ارشد ندیم نے قوم کو جو خوشی دی ہے ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ اس موقع پر تمام سیاسی اور سماجی جماعتیں ارشد ندیم کی کامیابی کو مثال بنا کر نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کرتیں۔

وزیر اعظم شہباز شریف کی طرف سے ارشد ندیم کے لیے 15 کروڑ انعام اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے بھی ارشد ندیم کو دس کروڑ کا چیک اور گاڑی دی ہے اور سندھ حکومت کی طرف سے بھی قومی ہیرو کے لیے خوش کن اعلانات ہوئے ہیں جس کے جواب میں وزیر اعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ میں ارشد ندیم کو اپنی جیب سے انعام دوں گا۔ کے پی حکومت کے پاس اپنے سوشل میڈیا ونگ کے لیے کام کرنے والے سیکڑوں کارکنوں کو فی کس پچیس ہزار روپے ماہانہ کئی سالوں سے دینے کے لیے تو فنڈ تھا مگر بانی پی ٹی آئی کے بعد قومی ہیرو ارشد ندیم کو انعام دینے کے لیے شاید کوئی فنڈ نہیں ہے، اس لیے کے پی حکومت نے اپنی طرف سے قومی ہیرو کے لیے کوئی اعلان نہیں کیا ہے۔

چالیس سال بعد دنیا میں پاکستان کا نام روشن کرنے والے ارشد ندیم ملک کے وہ واحد ہیرو ہیں جن کی کوئی ٹیم نہیں تھی اور گولڈ میڈل جیتنا ان کی اپنی ذاتی صلاحیت اور کارکردگی تھی جس میں حکومت کا بھی زیادہ دخل نہیں تھا صرف شہباز شریف کے لیے کہا جا سکتا ہے کہ انھوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب ہوتے ہوئے پہلی بار پنجاب کی سطح پر کھیلوں کے جو مقابلے کرائے تھے۔ اس میں پنجاب کے علاقے میاں چنوں کے دیہی علاقے سے تعلق رکھنے والے ارشد ندیم کو اپنے جوہر دکھانے کا موقع ملا تھا جس کے بعد سرکاری طور پر ان کی پذیرائی اور حوصلہ افزائی کا آغاز ہوا تھا جس کا تعلق کسی بڑے شہر سے نہیں تھا مگر ارشد ندیم نے اپنی ذاتی حیثیت میں خود کو عالمی

تحریر: عطاء اللہ خان

فورم پر منوانا شروع کیا تھا اور 1992 کے کرکٹ ٹیم کے کامیاب کپتان نے اپنی حکومت میں صرف اتنی اہمیت دی تھی کہ ارشد ندیم کو فنڈ ریزنگ کے لیے مدعو ضرور کیا تھا۔

ارشد ندیم نے ذاتی کارکردگی دکھا کر پاکستان کے قومی ہیرو کا اعزاز حاصل کیا ہے جب کہ اس سے قبل 1992 میں پاکستان نے کرکٹ کا جو ورلڈ کپ جیتا تھا وہ ٹیم کے کپتان عمران خان کی کوئی ذاتی کوشش نہیں تھی بلکہ پوری کرکٹ ٹیم کی بہترین کارکردگی تھی جس میں مشہور کھلاڑی شامل تھے اور سب کی مشترکہ محنت کے نتیجے میں پاکستان ورلڈ کپ جیت سکا تھا مگر جیت کا سارا کریڈٹ کپتان کو ملا تھا۔

حکومت میں 1992 کے بعد نواز شریف، بے نظیر بھٹو، جنرل پرویز مشرف کی طویل عرصے کی حکومتیں اقتدار میں آئی تھیں اور 2018 میں کرکٹ کے نامور کھلاڑی عمران خان کو اقتدار میں لایا گیا تھا مگر اپنی حکومت میں انھوں نے ملک میں کھیلوں کے فروغ اور مختلف کھیلوں کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے سابقہ حکومتوں کی طرح کچھ نہیں کیا جس کی ان سے توقع تھی بلکہ انھوں نے ملک میں کرکٹ کی تباہی کو اہمیت دی اور کرکٹ کھلاڑیوں کی بنیادی سرپرستی ہی ختم اور کھلاڑیوں کو بے روزگار اور نئے ٹیلنٹ کا دروازہ ہی بند کر دیا تھا۔

کھلاڑی وزیر اعظم یہ چاہتا ہی نہیں تھا کہ نیا ٹیلنٹ سامنے آئے یا کرکٹ میں 1992 جیسی مضبوط ٹیم بن کر ان سے عالمی کپ کا اعزاز نہ چھین لے۔ وہ خود کو پہلی بار ورلڈ کپ جیتنے والی ٹیم کا واحد کپتان رہنا چاہتے تھے، اس لیے انھوں نے ایسے لوگوں کو کرکٹ بورڈ کا سربراہ بنایا جن کی پالیسیوں نے کرکٹ تباہ کرا دی اور 32 سالوں میں پاکستان کرکٹ میں دنیا بھر میں ناکام رہا اور سابق کپتان کی ہیرو رہنے کی خواہش پوری ہوئی جس کے 32 سال بعد ملک کو ارشد ندیم جیسا قومی ہیرو ملا جس کی ملک بھر میں اتنی زیادہ پذیرائی ہو رہی ہے جس کی ملک میں ماضی کی کوئی مثال موجود نہیں ہے۔

تحریک انصاف نے جیولن کے عالمی مقابلے میں گولڈ میڈل جیتنے والے ارشد ندیم کی کامیابی کو ثانوی حیثیت دی کیونکہ ارشد ندیم کے 32 سال بعد قومی ہیرو بننے سے 1992 کے کرکٹ ہیرو جو پی ٹی آئی کے بانی چیئرمین ہیں کی اپنی حیثیت متاثر ہوئی ہے۔ کرکٹ میں تو ملک کے ممتاز ترین کھلاڑی ہیرو رہے جنھوں نے عالمی سطح پر کامیابیاں دلائیں مگر جیولن میں پہلی بار پاکستان کو گولڈ میڈل ارشد ندیم نے اپنی ذاتی حیثیت میں دلایا جوان کی کرکٹ ورلڈ کپ سے بڑی کامیابی ہے جو تحریک انصاف سے ہضم نہیں ہو رہی کیونکہ ملک کو دوسرا قومی ہیرو مل گیا ہے۔

1992 کے کرکٹ ہیرو نے فنڈ جمع کر کے شوکت خانم کینسر اسپتال بنایا جو ان کی ذاتی ملکیت ہے جسے اربوں روپے کے فنڈز ملے مگر عام آدمی وہاں اپنا علاج نہیں کرا سکتا۔ کرکٹ ورلڈ کپ کیش کرانے والے نے ملک کو انتہائی بری حکومت دی تھی جس سے وہ غیر مقبول ہوئے مگر اس کے بعد کی نااہل حکومت نے اپنی غلط پالیسی سے زیرو کو پھر ہیرو بنا دیا جس کی سزا ملک کی معیشت بھگت رہی ہے۔ تحریک انصاف جیولن کے عالمی ہیرو سے خوف زدہ ہے، اس لیے اپنے دور میں مال بنانے والے پی ٹی آئی رہنماؤں کو اتنی توفیق نہیں ہوئی کہ وہ ارشد ندیم کو ذاتی انعامات دیتے اور اس کی حوصلہ افزائی کرتے کہ کہیں ان کا بانی چیئرمین ناراض نہ ہو جائے۔ ارشد ندیم نے پوری دنیا میں اولمپکس کا مقابلہ جیتنے کے بعد پاکستان کا نام روشن کر دیا اور یہ بتا دیا کہ اگر انسان اپنی محنت اور لگن سے کام کرے تو ایک نہ ایک دن وہ ضرور کامیاب ہو جاتا ہے۔

ارشد ندیم جیسے کئی باصلاحیت کھلاڑی حکومت کی سپورٹ نہ ملنے کے سبب آگے نہیں بڑھ سکے اگر حکومت پاکستانی کھلاڑیوں کی سپورٹ کرتی ہے تو پاکستان کا نام اسپورٹس میں پوری دنیا میں پہلی صف میں آ سکتا ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ اسپورٹس کے زیادہ سے زیادہ مقابلے چھوٹے بڑے شہروں میں کرائے اور اسپورٹس پارک بنائے

شاندار ماضی، مگر حال بدحال کیوں؟

کئی صدیوں تک مسلمانوں نے پوری دنیا پر حکمرانی کی ہے۔ اس اقتدار کو قائم و دائم رکھنے میں اصل کردار قدیم اور جدید علوم و فنون میں مہارت تھی۔ بغداد، اندلس میں شاندار فن تعمیر کے نمونے آج تک موجود ہیں۔ دیکھا جا سکتا ہے۔ مغلیہ دور کی شاندار عمارات جس تخلیقی صلاحیت سے تعمیر کی گئیں، وہ دو چیزوں کے بغیر ممکن نہیں تھی۔ پہلی فن تعمیر کی تفصیلی مہارت جس میں جیومیٹری، فزکس، کیمسٹری اور ڈھانچے کے خدوخال وضع کرنے تک کے علوم شامل ہوتے ہیں۔ دوسری کسی ملک کی مضبوط معاشی اور اقتصادی حالت ہے۔ جو اس قدر مضبوط ہو کہ وہاں کے حکمران شاندار عمارات تعمیر کرنے کا خرچ برداشت کر سکیں۔ فن تعمیر کی جو تفصیل تاج محل، شیش محل، شالامار باغ، مقبرہ ہمایوں، دیوان خاص میں نظر آتی ہے اس سے لگتا ہے انکے معمار جیومیٹری کے علم کی انتہاؤں کو پہنچے ہوئے تھے۔ تاج محل کے چاروں مینار صرف آدھا انچ باہر کی جانب جھکائے گئے تاکہ زلزلے کی صورت میں گریں تو گنبد تباہ نہ ہوں۔ مستری کی اینٹیں لگانے سے یہ سب ممکن نہیں۔ پورا تاج محل نوے فٹ گہری بنیادوں پر کھڑا ہے۔ اسکے نیچے تیس فٹ ریت ڈالی گئی۔ اگر زلزلہ آئے تو پوری عمارت ریت میں گھوم سی جائے اور محفوظ رہے۔ ٹائل موزیک ایک فن ہے، جس میں چھوٹی چھوٹی

تحریر: انور غازی

رنگین ٹائلوں سے دیوار پر تصویریں بنائی جاتیں، دیوار کو منقش کیا جاتا ہے۔ یہ فن لاہور کے شاہی قلعے کی ایک کلومیٹر لمبی منقش دیوار اور مسجد وزیر خان میں نظر آتا ہے۔ ان میں جو رنگ استعمال ہوئے، انہیں بنانے کے لئے موجودہ دور میں پڑھائی جانے والی کیمسٹری کا وسیع علم ہونا ضروری ہے۔ مغلیہ فن تعمیر کا مکمل علم حاصل کرنے کی کوشش کی جائے اور موجودہ دور کے سائنسی پیمانوں پر ایک نصاب کی صورت تشکیل دیا جائے تو صرف اس فن تعمیر کو مکمل طور پر سیکھنے کیلئے ایک طویل عرصہ درکار ہوگا۔

لیکن پھر ایسا ہوا کہ مسلمان بیک جنبش قلم جاہل، اجڈ اور گنوار گردانے گئے۔ برصغیر میں یہ ظلم لارڈ میکالے نے کیا۔ اس نے 1833 میں برصغیر کا سفر کیا۔ وہ بیوی کیساتھ سیاح کے روپ میں ہندوستان آیا۔ برصغیر کے چپے چپے پر گیا، لوگوں سے ملا، مسلمانوں کے حالات کا باریک بینی سے جائزہ لیا، انکا طرز زندگی دیکھا، انکی اقدار، معاشرت، رہن سہن اور طور طریقے پر ریسرچ کی۔ مسلمانوں کے مذہبی رہنماؤں سے ملا۔ انکے انٹرویوز کیے۔ وہ برصغیر میں یہ دیکھ کر حیران اور ششدر رہ گیا کہ مسلمانوں میں شرح خواندگی تقریبا 90 فیصد ہے۔ باقی دس فیصد بھی ضروری دینی و عصری تعلیمات اور اسکے تقاضوں سے آگاہ تھے۔ وہ تین سال تک گھوما پھرا۔

رپورٹ تیار کی اور واپس انگلستان چلا گیا۔

1935 کی دوپہر اس نے برٹش ارکان پارلیمنٹ کے سامنے وہ رپورٹ پڑھی۔ اس رپورٹ کی کاپی آج بھی اورینٹل کالج لاہور کی لائبریری میں موجود ہے۔ اس نے لکھا میں نے پورے ہندوستان کا سفر کیا ہے اس سفر کے دوران کئی حیرت انگیز انکشافات ہوئے۔ میں نے ایک بھی بھکاری نہیں دیکھا، چوری ڈاکے کا تصور نہیں ہے، یہ

کیا حماس ختم ہو جائے گی؟

جب نیتن یاہو کہتا ہے کہ حماس کو جڑ سے اکھاڑے بغیر غزہ کا مسئلہ حل نہیں ہوگا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس وقت غزہ کے تیئس لاکھ فلسطینیوں میں جتنے بھی بوڑھے ہیں وہ سب کے سب سابق حماسی یا حماس کے ہمدرد ہیں۔ جتنے بھی ڈاکٹر، مریض، اساتذہ، ہنرمند اور کسان ہیں وہ حماس کے ڈھانچے کو برقرار رکھنے والی ریڑھ کی ہڈی ہیں۔ جتنی بھی عورتیں ہیں انھوں نے یا تو حماسیوں کو جنم دیا ہے یا پھر جنم دے رہی ہیں۔ اور جتنے بچوں کو بھی جنم دیا جا رہا ہے وہ اگلے چودہ پندرہ برس میں اسرائیل کے لیے ایک بار پر بقائی خطرہ بن کے کھڑے ہو جائیں گے۔ چنانچہ یہ سب واجب القتل ہیں کیونکہ یہ سب حماس ہیں۔ یا تو یہ سب غزہ کی پٹی سے کوچ کر جائیں یا اس دنیا سے کوچ کر جائیں۔

اسی نیتن یاہو ڈاکٹرائن پر عمل کے لیے اسرائیلی فوجی مشینری کو استعمال کیا جا رہا ہے اور اس ڈاکٹرائن کو نوے فیصد اسرائیلی شہریوں کی کھلی یا خاموش حمایت بھی حاصل ہے۔ لہذا کوئی بھی امن سمجھوتہ جس میں اسرائیل کو ان تمام حماسیوں کے قتل سے روکنے کی شرط شامل ہو موجودہ اسرائیلی اسٹیبلشمنٹ کے لیے ناقابل قبول ہے۔

اس لیے اب تک جنگ بندی کے لیے اقوام متحدہ نے جتنی بھی قراردادیں منظور کی ہیں، عالمی عدالت انصاف نے جو بھی قانونی رائے دی ہے۔ بائیڈن فارمولے کے نام سے جو بھی تین مرحلوں پر مشتمل امن منصوبہ سامنے رکھا گیا ہے، اسرائیلی یرغمالیوں کے رشتے داروں نے جنگ بندی کے حق میں جتنے بھی دھرنے دیے ہیں۔ حتی کہ اسرائیلی فوجی ہائی کمان نے بھی حماس کو جڑ سے اکھاڑنے کی خواہش کو ناقابل عمل قرار دیا ہے۔ اس سب کے باوجود نیتن یاہو کا حماس کو جڑ سے اکھاڑنے کا تصور ٹس سے مس نہیں ہو سکا۔ اس فاشسٹ حکومت کے لیے غزہ میں آخری فلسطینی کے مٹنے تک کوئی امن منصوبہ قابل قبول نہیں۔

اسی برس پہلے ہٹلر نے بھی کم و بیش یہی عزم ظاہر کیا تھا کہ سب اس کے غلام بن جائیں یا پھر مر جائیں تب ہی جو امن قائم ہوگا وہ نازیوں کو قابل قبول ہوگا۔ مگر باقی دنیا نے ان شرائط کو تسلیم نہیں کیا اور ہٹلر کی لاش گرنے کے بعد ہی امن قائم ہو پایا۔ مگر وہ پرانا زمانہ تھا یہ نئی مہذب اور ترقی یافتہ صدی ہے۔ وہ نازی جرمنی تھا یہ آج کے ہٹلر کا اسرائیل ہے۔ مگر عالمی چوہدریوں اور ان کے طفیلیوں کے قول و فعل میں فرق صاف ظاہر ہے۔

حماس کی اسرائیلی تشریح کے برعکس دیگر محققین کے لیے حماس ایک مسلح سیاسی تنظیم ہے جس کی تربیت یافتہ افرادی قوت سات اکتوبر سے پہلے اسی ہزار سے ایک لاکھ کے درمیان فرض کی جاتی رہی ہے۔ اس کا اسلحہ اسمگلڈ ہتھیاروں اور خانہ ساز ابتدائی نوعیت کی ہتھیاری صنعت سے حاصل ہوتا تھا۔ اس کی حکمت عملی میں غزہ میں زیر زمین سرنگوں کا جال کلیدی اہمیت کا حامل ہے۔ اسے قطر، ایران، یمنی ہوثیوں اور لبنانی حزب اللہ کی حمائت حاصل تھی۔ اب قطر نے خود کو ثالث کے درجے پر فائز کر لیا ہے۔

غزہ میں حزب اللہ نے دو ہزار چھ میں انتخابی کامیابی کے نتیجے میں حکومت بنائی۔ اس کے باوجود اسرائیل، امریکا اور بیشتر مغربی ممالک اسے دہشت گرد تنظیم سمجھ کے براہ راست معاملات طے کرنے سے گریزاں رہے۔ البتہ یہ علامتی طور پر فلسطینی اتھارٹی کا حصہ رہی اور اب فلسطینی اتھارٹی نے کئی برس بعد چینی ثالثی کے نتیجے میں حماس کو دوبارہ اپنا حصہ تسلیم کر لیا ہے۔

اسرائیلی فوج کا دعوی ہے کہ اس نے گزشتہ دس ماہ میں حماس کے مسلح بازو القسام بریگیڈ کی پچھتر فیصد عسکری طاقت ختم کر دی ہے۔ آدھی سے زائد زیر زمین سرنگوں کا صفایا کر دیا ہے اور لگ بھگ پندرہ ہزار متحرک مسلح گوریلوں کو ہلاک کر دیا ہے۔ اتنے ہی چھاپہ مار زخمی ہوئے ہیں اور چار ہزار اسرائیلی قید میں ہیں۔

البتہ اسرائیلی اخبار یروشلم پوسٹ کی خبر ہے کہ جیسے ہی اسرائیلی دستے کسی علاقے سے واپس ہوتے ہیں۔ حماس اٹھارہ برس سے اوپر کے نوجوانوں کی ریکروٹمنٹ شروع کر دیتی ہے۔ یہ وہ نوجوان ہیں جن کا اب کچھ نہیں بچا۔ ان کی شکل میں اسرائیل نے دراصل ایک اور انتقامی نسل کی فصل کھڑی کر دی ہے۔ حماس کو جڑ سے اکھاڑ کے اسرائیل اپنی سرحدوں کو محفوظ کرنے کا جو خواب دیکھ رہا تھا وہ سرحدیں کم از کم ایک اور فلسطینی نسل کے غصے کے سبب اور غیر محفوظ ہو گئی ہیں۔

آج دس ماہ بعد بھی جب غزہ ہر اعتبار سے ملبے کا ڈھیر بن چکا ہے اسرائیل پر اب بھی غزہ کی جانب سے اکا دکا راکٹ گرتے رہتے ہیں۔ یہ راکٹ نہیں اسرائیل کے منہ پر طمانچے ہیں جو چالیس ہزار سے زائد انسانوں کو قتل کرنے اور ایک لاکھ کے لگ بھگ لوگوں کو زخمی کرنے اور بیس لاکھ لوگوں کو دربدر کرنے کے باوجود اسرائیل کے منہ پر پڑ رہے ہیں۔

حماس نے اپنی بٹالینیں توڑ دی ہیں اور اب اس کے جنگجو ایک دو پانچ اور دس کی ٹولیوں میں متحرک ہیں۔ انھیں پناہ گزینوں کے ہجوم میں تلاش کرنا بھوسے میں گم سوئی ڈھونڈنے کے برابر ہے۔ چنانچہ اس کا حل یہ نکالا گیا ہے کہ جہاں حماس کی موجودگی کا شبہہ ہو وہ پورا علاقہ ہی برباد کر دیا جائے۔ یہ حکمت عملی بھی کامیاب نہیں ہو پا رہی ہے۔

پچھلے دس ماہ میں اسرائیل نے ہزاروں حماسیوں کو ہلاک کرنے کا دعوی تو کیا ہے مگر ایک بھی واقعہ ایسا سامنے نہیں آیا کہ حماس کے کسی مسلح یونٹ یا چھوٹی سے چھوٹی ٹولی نے اسرائیلی فوج کے سامنے ہتھیار ڈال کے خود کو ان کے حوالے کر دیا ہو۔ حماسی فائٹر اس مکھی کی طرح آپریٹ کر رہے ہیں جو آپ کے منہ کے اردگرد اڑ رہی ہے اور بیٹھ رہی ہے اور آپ اسے ہلاک کرنے کی کوشش میں اپنا ہی منہ پیٹ پیٹ کے لال کر لیں۔ ان دس ماہ میں ایک بات تو ثابت ہو گئی کہ اسرائیل اپنی بے پناہ طاقت کے باوجود ناقابل تسخیر ہرگز ہرگز نہیں۔

حماس کو تباہ کرنے کے اسرائیلی دعوے اپنی جگہ مگر خود اسرائیل کے سرپرست بھی انھیں ماننے کو تیار نہیں۔ امریکی انٹیلی جینس ذرائع کہتے ہیں کہ اسرائیل اب تک حماس کی محض تیس سے پینتیس فیصد تک عسکری قوت اور صرف پینتیس فیصد زیر زمین سرنگیں ختم کر پایا ہے۔ جتنے مرتے ہیں ان سے کہیں زیادہ بھرتی ہونے کو تیار ہو جاتے ہیں۔

جو غلطی اسرائیل آج کر رہا ہے امریکا وہی غلطی پچاس برس پہلے ویتنام میں اور پچیس برس پہلے افغانستان میں کر چکا ہے۔ مگر اسرائیل کا خیال ہے کہ جہاں کوئی اور کامیاب نہیں ہو سکا وہ ضرور کامیاب ہو جائے گا۔

اسرائیل کے لیے بری خبر یہ ہے کہ تاریخ کا قبرستان ایسی ریاستوں سے بھرا پڑا ہے جو اپنی ناقابل تسخیریت کے نشے میں اندھی اور بہری ہو کر مٹ گئیں۔ اور اب سیاحوں میں نشان عبرت کے طور پر مقبول ہیں۔

دو چیف ایک کہانی

2014 سے لگائی آگ، دو چیفس کی تعیناتی میں رکاوٹ نے شعلہ جوالہ بنا ڈالا، بھسم کرنے کو ہے۔ وطن عزیز بند گلی میں، تکلیف دہ، مایوس کن مقام پر ہے۔ فیصلہ سازوں کی سوچ تک دسترس نہیں، اندازہ، حالات کی سنگینی کی سوجھ بوجھ سے عاری یا نبٹنے کی صلاحیت نہیں ہے۔ دس سال سے بمطابق منصوبہ بندی، معاشرے میں مذموم سیاسی مقاصد کی خاطر اداروں، طبقوں کے درمیان ٹکراو، ملک دشمن بشمول بھارت مستفید ہو رہے ہیں۔ عمران خان کو کریڈٹ کہ 2014 سے دامے درمے مہرہ بنا 22-2016 میں تن من باجوہ پلان کا حصہ تھا۔ ناقابل یقین! عمران خان نے مئی 2019 میں نامور جسٹس قاضی فائز عیسی کیخلاف ایک جھوٹا ریفرنس دائر کیا۔ ریفرنس سے پہلے اور بعد بذریعہ بیانات اور سوشل میڈیا کردار کشی کی، ستم ظریفی جسٹس قاضی سپریم کورٹ کے اپنے فیصلے کیمطابق اس وقت کھڈے لائن لگے تھے۔ بے شرمی کی انتہا، انکی فیملی کو نہ بخشا، بیوروکریسی کا چارہ بنا ڈالا۔ ایک طرف جسٹس قاضی 5 سال اپنی ہی عدلیہ میں ایک عضو معطل تھے تو دوسری طرف عمران خان کا قاضی صاحب نے کچھ بھی تو نہیں بگاڑا تھا۔ انکا جرم اتنا کہ اسٹیبلشمنٹ کی غیر قانونی اور ماورائے قوانین حرکات و سکنات پر گرفت کی جرات کی۔

عاصم منیر کہانی اس سے کہیں زیادہ گھمبیر، ممکنہ سربراہ بننے کے شک پر ان کیخلاف ستمبر 2022 سے ملکی طول و عرض میں جہاد اکبر کا اعلان کر ڈالا۔ نوٹیفکیشن میں رخنہ ڈالنے کیلئے یکم نومبر کو راولپنڈی GHQ کا لانگ مارچ، کسی سیاسی لیڈر کی صدی کی سب سے بڑی حماقت تھی۔ مسخرہ پن کہ سب کچھ میر جعفر ٹیم کی ایما پر کر رہے تھے۔ جنرل باجوہ نے جنرل عاصم کو روکنے کی تدبیر، کمال مہارت سے ترتیب دی، اللہ کی تدبیر نے پاش پاش کر ڈالا۔ جنرل باجوہ نے 26 نومبر 2018 کو ناپ تول کے اعشاری نظام کے مطابق جب ترقی دی تو پر اعتماد کہ جنرل عاصم بہر صورت 27 نومبر کو ریٹائر ہو جائیں گے۔ جبکہ جنرل ساحر، جنرل اظہر، جنرل نعمان، جنرل فیض اور جنرل عامر کو 2019 میں ترقی دی تو چشم تصور میں لامحالہ آرمی چیف اپنے 5 پسندیدہ میں سے ہی ایک بنتا۔ جوں جوں 29 نومبر 2022 قریب آیا، جنرل باجوہ نے اپنی تدبیر کو تتر بتر ہوتے دیکھا تو ایک ہی مطالبہ) عمران

تحریر: حفیظ اللہ خان نیازی

خان سمیت ساری سیاسی جماعتیں متفق (کہ عاصم منیر کے علاوہ کسی اور کو چیف بنا دیں۔

ستمبر 2022 میں عمران خان کا پاگل پن اپنے عروج پر جلسے جلوس، لانگ مارچ کی ٹھان لی۔ فرسٹریشن DESPERATION، ہر صورت جنرل عاصم کی تعیناتی رکوانی تھی۔ دوسری طرف گالم گلوچ بریگیڈ لیفٹیننٹ جنرل عاصم کیخلاف جت گیا۔ اللہ نے نواز شریف کو چن لیا، اکلوتا ڈٹ گیا۔ کامیابی ملی کہ اللہ تعالی کی تدبیر تھی۔ تعیناتی رکوانے کیلئے دو واقعات اور بھی۔ جہاد اکبر کے سلسلے میں ستمبر اکتوبر میں جلسے اور ان میں لوگوں سے حلف تاکہ راولپنڈی جا کر عاصم منیر کی تعیناتی رکوائی جائے۔ 23 اکتوبر کو ارشد شریف کا قتل، ناکام جلسوں میں جوش و خروش پیدا کرنا تاکہ لانگ مارچ بھرپور رہے۔ یکم نومبر 2022 کو جب لانگ مارچ شروع کیا تو ناکامی نے منہ چڑایا۔ 3 نومبر عمران خان پر قاتلانہ حملہ کروانا پڑا کہ انارکی پھیلے تاکہ مارشل لا کی راہ ہموار ہو۔ پچھلے 10 سال میں) بشمول 6 سال باجوہ کے (یہ نہ سوچا گیا کہ مملکت کو تباہی کی طرف دھکیل رہے ہیں۔ آج جس دلدل میں، وجہ قاضی فائز اور عاصم منیر کیخلاف اس وقت کی مہم جوئی جبکہ وہ بقلم خود لاچار اور بے یار و مددگار تھے۔ جسٹس قاضی فائز اور جنرل عاصم منیر کا راستہ روکنے پر اداروں اور وطنی طبقات میں ٹکراو بڑھا، آج وطن عزیز تباہی کے دہانے پر ہے۔ مجھے یکسوئی، 10 اپریل 2022 عمران خان کی اقتدار سے علیحدگی سے بخوبی اندازہ ہو گیا کہ دوبارہ اقتدار میں آنا ناممکن ہے، بڑھتی مقبولیت نے باور کروایا کہ اسٹیبلشمنٹ کیخلاف رائے عامہ ہموار کی تو ملک ناقابل استعمال رہے گا۔ چشم تصور میں شیخ مجیب الرحمن اور بھارتی گٹھ جوڑ بھی ہے۔ قطع نظر کہ شیخ مجیب، اندرا گاندھی، حسینہ واجد کس انجام سے دو چار ہوئے۔ عمران خان کی ایسی سوچ امریکہ اور بھارتی سوچ کے عین مطابق ہے۔ خاطر جمع! پاکستان کی سالمیت پر آنچ نہیں آ سکتی کہ یہ 1971 نہیں ہے۔ البتہ لوگوں کے جان و مال پر منڈلاتے خطرے، عملی جامہ پہن چکے ہیں۔ عمران خان نے جتنے وار کرنے تھے، کر چکے۔ کیا منہ توڑ جواب دینے کی بھی کوئی ترکیب ہے۔ عمران خان کا اپنے آپ کو بطل حریت سمجھنا، فراڈ ہے۔ مت بھولیں 2014! کے دھرنے، 2016 لاک ڈاون، پیپلز پارٹی اور طاہر القادری کیساتھ فوجی خدمت، مارچ 2018 میں زرداری صاحب کیساتھ ایک سٹیج پر، 2018 سینیٹ الیکشن میں پیپلز پارٹی کی بی ٹیم، ستمبر 2022 میں میر جعفر سے ملاقاتیں اور پھر وعدہ میر جعفر کو توسیع، اچکزئی اور مولانا فضل الرحمن کی دہلیز پر ماتھا ٹیکنا، جمہوریت کی مضحکہ خیز خدمت ہی ہے۔ ایک طرف عمران خان وطن عزیز کو پاش پاش کرنے کا خواب دیکھ رہے ہیں، دوسری طرف حالات سے نبرد آزما ہونے کیلئے مقتدرہ بھی حکمت عملی سے بانجھ ہے۔ 2 سال سیاسی فیصلے طاقت کے زعم میں کئے گئے اور ہر فیصلے پر منہ کی کھانا پڑی۔

مقتدرہ نے جو جو تدبیر کی، عمران خان کو مضبوط بنایا، اسکی پبلک سپورٹ بڑھی۔ اسٹیبلشمنٹ کا قدم اسکو کمزور کر گیا۔ قطع نظر کہ عمران مقبولیت سوشل میڈیا کا طوفان ہے اور بھارت کنٹرول کر رہا ہے۔ پچھلے تین سال جلسے جلوس، لانگ مارچ، جیل بھرو تحریک، ملک گیر ناکام ہڑتال، عمران خان کی مقبولیت کا بھانڈا پھوڑنے کیلئے کافی ہے۔ عمران خان کا دو چیفس سے جھگڑا ہی تو آج پارلیمنٹ اور عدلیہ کو آمنے سامنے لایا ہے۔ عدلیہ اور مقتدرہ کی ایک دوسرے پر بداعتمادی انتہا پر ہے۔ مجھے نہیں معلوم کہ یہ ٹکراو کیا رنگ لائے گا۔ اگر عدلیہ اور پارلیمان کے درمیان معاملہ افہام و تفہیم سے جمہوری اصولوں کیمطابق طے ہو گیا تو عمران پلان کی ایک ناکامی ہوگی۔ خدانخواستہ اسکا حل نہ نکلا تو ملک دشمن افراتفری پھیلانے کیلئے ہمیشہ سے مستعد۔ مسئلے کو حل کرنے کیلئے فہم و فراست تدبر تدبیر درکار ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ڈیجیٹل لٹریسی پر توجہ دیں

اگر ہم نے دنیا کے ساتھ جدیدیت اور ٹیکنالوجی کی بنیاد پر آگے بڑھنا ہے یا اپنی نئی نسل کو دنیا میں موجود سیاسی، سماجی، علمی، فکری یا مہارتوں کی بنیاد پر معاشی ترقی کے عمل کو آگے بڑھانا ہے تو ہمیں جدید دنیا سے بہت کچھ سیکھنا ہوگا۔

یہ دنیا امکانات اور مواقع کی دنیا ہے اور آپ ایک ملک میں بیٹھ کر دیگر ملکوں سمیت دنیا سے نہ صرف اپنے رابطوں کو موثر بنا سکتے ہیں بلکہ اپنے لیے اپنی صلاحیتوں کی بنیاد پر دنیا میں موجود نئے معاشی امکانات سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس کے لیے جہاں آپ کو علم اور مہارتوں کی ضرورت ہے وہیں خود کو ڈیجیٹل لائز کرنے پر بھی فوقیت یا اسے ترجیحی بنیادوں پر اپنی ترجیحات کا حصہ بنانا ہوگا۔ کیونکہ ہم گلوبل دنیا میں ہیں اور گلوبل تعلقات یا گلوبل کمیونٹی کی بنیاد پر معیشت کی ترقی میں خود کو جوڑ سکتے ہیں۔ پاکستان ان ملکوں میں ہے جہاں 18 سے 35 برس کے نوجوانوں کی تعداد سب سے زیادہ ہے۔ اسی بنیاد پر ہم نئی نسل پر زیادہ انحصار کرتے ہیں اور ان کو بنیاد بنا کر ترقی کے نقشوں کو کھینچتے ہیں۔

پاکستان میں اس وقت 2024 کے آغاز میں 111 ملین افراد ڈیجیٹل یا انٹرنیٹ استعمال کرنے والے ہیں اور یہ تقریبا 45.07 فیصد تعداد ہے جو کہ انٹرنیٹ تک رسائی رکھتی ہے۔ اسی طرح 2024 کے اوائل میں پاکستان میں کل 188.09 ملین سیلولر موبائل کنکشن فعال تھے۔

یہ تعداد کل آبادی کے 77.08 فیصد کے برابر ہے۔ تقریبا تیں لاکھ افراد پاکستان میں فری لانسر کی بنیادوں پر کام کر رہے ہیں اور عالمی اعداد و شمار کے مطابق پاکستان چوتھے نمبر پر بطور فری لانسر کا درجہ رکھتا ہے اور سالانہ بنیادوں پر اس تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ صرف 2022 تک ہم نے تقریبا 500 ملین کمایا ہے۔ یہ رقم پاکستان میں قانونی ضابطوں کے مطابق آئی ہے اور ان میں زیادہ تر نوجوانوں کی تعداد ہے جن کو ہم 30 برس کی عمروں تک دیکھ سکتے ہیں۔ فری لانسنگ میں پنجاب 40 فیصد، سندھ 29.05 فیصد، خیبر پختونخواہ

تحریر: سلمان عابد

14.07 فیصد، بلوچستان کی سطح پر 10.05 فیصد اور آزاد کشمیر میں 05.03 فیصد ہے۔

اصولی طور پر ڈیجیٹل میڈیا یا انٹرنیٹ تک عام لوگوں اور بالخصوص نئی نسل کی رسائی کو جدید بنیادوں پر استوار کرنا چاہیے تاکہ ہم اپنی نئی نسل کی سطح پر زیادہ معاشی امکانات کو شفافیت کے ساتھ اور بہتر رسائی کے ساتھ ممکن بنا سکیں۔ لیکن ایسے لگتا ہے کہ یہاں بھی ٹیکنالوجی کی رفتار کے ساتھ چلنا نہیں چاہتے۔ ڈیجیٹل یا سوشل میڈیا کی دنیا کو دیکھیں تو پاکستان کی حکومت کو نئی نسل سے بہت زیادہ شکایات ہیں۔

ان کے خیال میں نئی نسل کا نام استعمال کر کے ایک مخصوص عزائم کا حامل گروہ تحریک انصاف اور عمران خان کی محبت میں انتشار، نفرت اور محاذ آرائی کو فروغ دے رہا ہے اور طالبانائزیشن کو پرموٹ کر رہا ہے۔ اسی طرح کچھ گروہ پاکستان کے عوام کو فرقہ واریت، صوبائیت کی بنیاد پر تقسیم کرنے کا مشن جاری رکھے ہوئے ہیں۔ کئی جرائم پیشہ افراد سوشل میڈیا پرسنز کہلاتے ہیں۔ یقینی طور پر حکومت کی شکایات جائز ہوں گی مگر اس کا علاج علمی، فکری اور قانونی بنیادوں پر تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔

آج کل فائر وال کا بھی بہت شور ہے۔ میں اور میرے خیال کے حامی یہ سمجھتے ہیں فائر وال کی وجہ سے انٹرنیٹ میں مشکلات آ رہی ہیں۔ آئی ٹی کی صنعت اس سے متاثر ہو رہی ہے یا وی پی این سے کئی اکاؤنٹس معطل ہو رہے ہیں۔ سینیٹ کی کمیٹی میں بتایا گیا ہے کہ اس حکومتی عمل سے تقریبا 500 ملین ڈالر کا نقصان پاکستان کو ہو رہا ہے۔ ملک کی سطح پر فری لانسرز کو سنگین مشکلات کا سامنا ہے۔ ایسے لگتا ہے کہ پاکستان کو ڈیجیٹل اکانومی کا مرکز بنانے کے بجائے اسے دیوار سے لگانے کا فیصلہ کیا جا رہا ہے۔

یہ بات سمجھنے کی ہے جو لوگ سوشل میڈیا کا استعمال کر رہے ہیں یا انٹرنیٹ کی بنیاد پر اپنے لیے پاکستان اور پاکستان سے باہر نئے معاشی عمل کی بنیاد پر کچھ کمانے کی کوشش کر رہے ہیں، انھیں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بیشتر لوگ سوشل میڈیا پر سیاسی ایجنڈا نہیں رکھتے اور نہ ہی ان کا فرقہ واریت اور انتہا پسندوں سے کوئی تعلق ہے، ان کی بنیاد معاشی عمل میں ترقی کرنا ہے، اس پہلو پر غور ہونا چاہیے۔ جو لوگ تعلیمی نظام میں انٹرنیٹ کو استعمال کرتے ہیں یا جو ملک میں بیٹھ کر چھوٹا کاروبار یا آن لائن کی بنیاد پر کچھ پیسہ کمانا چاہتے ہیں، ان کو بھی مسائل کا سامنا ہے۔ پاکستان کے ایک معروف ڈیجیٹل ماہر محمد عابد ایوب جو ڈیجیٹل دنیا کے شعبہ سے منسلک ہیں ان کے بقول کئی کلائنٹس دوسرے ممالک منتقل ہو رہے ہیں یا بیشتر لوگوں نے اپنے کام کو دوبئی سمیت دیگر ممالک میں منتقل کر دیا ہے۔ ان کے بقول یہ مسئلہ بنیادی طور پر درست معلومات یا غلط معلومات کا ہے۔ کیونکہ بہت سے لوگوں کی جانب سے ڈیجیٹل میڈیا کو استعمال کر کے ریاست مخالف اور شرانگیز مہم چلائی جا رہی ہے جس میں حقائق کے بجائے جھوٹ ہوتا ہے۔ یہ مسئلہ صرف ہمیں نہیں بلکہ دنیا میں موجود ہے اور اس میں فیک اکاونٹس زیادہ استعمال کیے جاتے ہیں۔ ہمیں دیکھنا ہوگا کہ دنیا میں ان مسائل کا علاج کیسے کیا جا رہا ہے۔ ان میں ڈیجیٹل میڈیا پر موجود مختلف ٹولز کی مدد سے فیک اکاونٹس کا خاتمہ اور دوسرا ڈیجیٹل لٹریسی کا فروغ جس میں مختلف پہلوؤں کو بنیاد بنا کر ہمیں نئی نسل کو تعلیم اور تربیت دینی ہوگی۔

محمد عابد ایوب نے جن امور کی نشاندہی کی ہے وہ کافی بہتر ہے۔ لہذا ڈیجیٹل لٹریسی پر زیادہ توجہ دینی ہوگی اور فیک اکاونٹس کا خاتمہ کرنا ہوگا۔

قیام پاکستان

اگرچہ بھارتیہ جنتا پارٹی) بھاجپا) (کا دو تہائی اکثریتی اور متضاد جماعتی سیاسی اتحاد سہارے دو مرتبہ منتخب اقتدار میں آنے سے، بھارت کا دنیا میں سیکولر جمہوریہ ہونے کا تشخص اور دعوی بری طرح متاثر تو ہوا خصوصا اقلیتوں کو مذہبی آزادی کے حوالے سے تو بھارتی ریاستی کردار کو بھی بڑا ڈینٹ لگا جس سے اس کی آئینی پریکٹس اور داخلی سلامتی کا درجہ بھی کم تر ہو چکا ہے لیکن منتخب حکومتوں کے قیام کے تسلسل اور انتخابی عمل پر عوامی درجے میں کوئی کمی نہیں آئی بلکہ پہلے مودی رجیم میں فاشسٹ طرز حکومت سائنٹفک تجزیہ بھارتی حکومت اور اکثریتی سماجی رویے کے آئین سے متصادم اور عملا قبولیت دونوں کو بے نقاب اور واضح کرتا ہے یوں پاکستان) اب بنگلہ دیش بھی (کے مقابل بھی بہت واضح اور مستقبل کے حوالے سے اطمینان بخش ہے گمان غالب ہے کہ مودی کے موجود محدود اقتدار کی آئینی تکمیل کے بعد اگلے الیکشن 28 کے نتائج بھارت کے مستقبل بعید اور قوم کے اگلے روڈمیپ کا پتہ دیں گے۔ اس پس منظر میں پاکستان کا قیام اور موجود وجود کا مطالعہ و تحقیق اور سائنسی بنیاد پر مستقبل بینی ہماری بے حد اہم اور حساس یقینی ترجیحی قومی ضرورت بن کر مکمل واضح ہوئی ہے۔ فکر یہ ہے کہ اس ضرورت کو پورا کرنے سے ریاست اور عوام کا اصل پوٹینشل حصہ جس کا یہ اصلا و فطرتا کام ہے مکمل نااہل اور غافل ہے تاہم بہت اطمینان بخش ہے کہ پاکستان کے پیپلز ایٹ لارج قومی تاریخ کے اس نازک مرحلے میں

تحریر: ہمدان عبداللہ

خبردار، ہوشیار اور اپنے بڑھتے سیاسی شعور و سکت کے حوالے مکمل صراط مستقیم پر ہیں۔ حیرت ہے کہ بڑے سنگین نظام بد میں عشروں سے جکڑے پکڑے پاکستانی عوام تعلیم کی کمی سخت اقتصادی مشکلات اور بدترین سماجی انصاف اور ریاستی ظلم و جبر اور غفلت و نااہلیت کے غلبے کے باوجود اشرف مخلوق ہونے کا ثبوت موجود گھمبیر بحران میں دے رہے ہیں۔ ہوشیار! بڑی تعداد میں جملہ ملکوں کی نظریں پاکستان کے حال پر لگی ہیں اور وہ اپنے مفادات کی خاطر ہمارے ملکی قومی مستقبل کے اندازے بڑے تواتر اور مصلحت و خاموشی سے لگا رہے ہیں غفلت، بے خبری اور نااہلی) ہمارے حوالے سے (ہے تو وہ پاکستان کی اندرونی جغرافیائی حدود میں ہی ہے عوام کا فقط شعور اور بیداری ہی بلند درجے تک نہیں آ گئی ان کا قومی عمل صبر جمیل میں تبدیل ہوتا عزم صمیم میں تبدیل ہو گیا اور عزم عمل میں اس کا ثبوت انہوں نے جس باوقار طریقے سے موجود گلاسڑا نظام تشکیل دینے والے ریاستی کرداروں اور موجود بیمار ریاستی ڈھانچے کو 8 فروری کے الیکشن میں دیا اور دنیا کو دکھایا یقینا اب فقط یہ ہی پاکستان کو بحران سے نکالنے، ذمے داری سے سنبھالنے اور معمول کے درجے پر بحالی کی امید ہے سو قیام پاکستان کی بڑی عظیم کامیابیوں اور ان کی اجارہ دار ریاستی قوتوں کے ہاتھوں بربادی کے باوجود متفقہ آئین کے حامل پاکستان کو بحران در بحران سے نکالنے کی امید زندہ و جاوید اور توانا ہے لیکن تمام تر مشکلات اور تنگ دستی کے باوجود عوام کے موجود قابل قدر رویہ اور تشخص کیساتھ) اٹھارویں ترمیم کے بعد (آئین کا حلیہ درست ہونے اسکی موجودگی کو فقط نہ سمجھا جائے انشاءاللہ یہ حرکت میں ہے رفتار کم اور نظام بد کی رکاوٹیں بے شمار اور طاقتور لیکن قوت اخوت عوام کی اپنی حقیقت ہے حقیقت کسی بھی منفی طاقت سے بڑھ کر اہم اور با لآخر نتیجہ خیز ہوتی ہے۔ قارئین کرام! حالات حاضرہ کی اس موجود ملکی صورتحال میں اب پاکستانی عوام ریاستی کرداروں اور اداروں خصوصا نوجوان نسل پر اس تلخ و شیریں حقیقت کو ذہن نشیں کر لینا ہے کہ پاکستان کی تاریخ دو متضاد حصوں میں واضح تقسیم ہو چکی ہے اب آئندہ نسلوں کیلئے یہ ہی ہماری پہلی صدی کی تاریخ ہو گی اگلی آنے والی جنریشن نے خود بنانی ہے لیکن ہمیں اس کی بنیاد بنانے موجود اور ظہور پذیر قومی ضرورتوں کو پورا کرتے تعمیر وطن دفاع وطن اور تشخص پاکستان پر تو ہمیں ہر حال میں خبردار اور ہوشیار رہنا ہے۔ ان تینوں موجود اور مکمل واضح مقاصد کے حصول کے ابھی بھرپور مواقع اور صورت موجود ہونے کے باوجود ہماری مجموعی ریاستی غفلت اور نااہلی اور مقابل امیدوں کے مرکز محور عوام کے اعلی تشخص کے باوجود اس کی پکڑ اور جکڑ بھی مکمل بے نقاب و آشکار ہے

لیہ پولیس کی بڑی کارروائی، غیر ملکی نان کسٹم سگریٹ کی اسمگلنگ ناکام بنادی

لیہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب اور آئی جی پنجاب کے سخت احکامات پر اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے لیہ پولیس بڑی کارروائی عمل میں لائی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق لیہ پولیس نے 28 لاکھ روپے مالیت کے غیر ملکی نان کسٹم سگریٹ کی اسمگلنگ کو ناکام بنادیا۔ چار ملزمان گرفتار کرکے 20800 ڈبی غیر ملکی پلاٹینیم سگریٹس کی برآمد کرلی گئی

آئی جی پنجاب عثمان انور کا آئی جی سندھ سے رابطہ

، کچے کے ڈاکوؤں کیخلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کا فیصلہ

لاہور/کراچی (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کچے میں ڈاکوؤں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کے لیے آئی جی سندھ غلام نبی میمن سے رابطہ کیا اور ڈاکوؤں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کا فیصلہ کیا گیا۔ اس حوالے سے آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب اور سندھ پولیس کی جانب سے ڈاکوؤں کی خفیہ آپریشن کی شیئرنگ چلتی رہتی ہے، پنجاب پولیس کو اگر سندھ میں مدد کی ضرورت ہوتی ہے تو پولیس ان کے ساتھ موجود ہوتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ماضی میں سندھ اور پنجاب کے باڈر ایریاز میں ڈاکوؤں کے خلاف کریک ڈاؤن میں دونوں صوبوں کی پولیس کو ایک دوسرے کی مدد کی ضرورت پڑتی رہی ہے اور یہ سلسلہ اب بھی جاری ہے۔

لاہور، ڈی جی سپورٹس پنجاب خضر افضال چوہدری والی بال انڈر16 ایشین چمپئن شپ جیتنے والی ٹیم اور آفیشلز سے ملاقات کر رہے ہیں

بلاول اور آصف زرداری کی ہدایت پر ریڈ لائن بی آر ٹی پر دن رات کام جاری ہے، شرجیل انعام میمن

ریڈ لائن بی آر ٹی کے ٹیپو سلطان انڈر پاس کا کام مکمل ہو چکا ہے، صرف شیٹرنگ کا کام باقی ہے جو چار روز میں مکمل ۔ ہو جائے گا

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور صدر آصف علی زرداری کی ہدایت پر ریڈ لائن بی آر ٹی پر دن رات کام جاری ہے، ریڈ لائن بی آر ٹی کے ٹیپو سلطان انڈر پاس کا کام مکمل ہو چکا ہے، صرف شیٹرنگ کا کام باقی ہے جو چار روز میں مکمل ہو جائے گا، ملیر، کینٹ روڈ پر ٹیپو سلطان انڈر پاس اور اس ملحقہ روڈ 31 اکتوبر سے باضابطہ طور پر عوام کے لئے کھول دیا جائے گا، اس منصوبے سے کراچی کے شہریوں کو بہت فائدہ ہوگا، کراچی کے شہریوں کو سفری سہولیات دینا حکومت سندھ کی اولین ترجیح ہے۔ سندھ کے سینئر وزیر اطلاعات، ٹرانسپورٹ، ایکسائز، ٹیکسیشن و نارکوٹکس کنٹرول شرجیل انعام میمن کا ریڈ لائن بی آر ٹی منصوبے کا تفصیلی دورہ کیا۔ سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے اپنے دورے میں منصوبے پر کام کی رفتار کا جائزہ لیا اور ضروری ہدایات دیں۔ سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے دورے کے آغاز پر صحافیوں کے ہمراہ سائٹ کا معائنہ کیا۔ ریڈ لائن بی آر ٹی کے تعمیراتی کام کے جائزہ لینے کے لئے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ ریڈ لائن بی آر ٹی پاکستان کی پہلی بی آر ٹی ہوگی جس پر بائیو گیس پر چلنے والی بسز چلیں گی اور یہ روٹ 26 کلومیٹر طویل ہوگا، دیہی علاقوں میں یہ کام ہوتا تو بہت پہلے مکمل ہو چکا ہوتا لیکن شہری علاقوں میں مختلف رکاوٹوں اور یوٹیلیٹیز کی وجہ سے کام میں تاخیر ہوتی ہے۔

نوروز آریائی قوم کا ایک قدیم اور اہم تہوار ہے، خوشحال خان کاکڑ

نوروز کو خوشی، یکجہتی اور روایتی رسم و رواج کے ساتھ منایا جاتا ہے

کوئٹہ (یو این اے) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ نوروز قدیم آریائی تہذیب اور موجودہ غیور افغان پشتون ملت کا اہم اور تاریخی تہوار جو قبل از مسیح آریانہ موجودہ افغانستان، پشتونخوا سرزمین اور دیگر وسطی ایشیائی ممالک میں بڑے پیمانے پر منایا جاتا رہا ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار پشتونخوا نیپ ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام نوروز کے نئے سال کے آغاز یعنی 21 مارچ کے موقع پر پارٹی کے صوبائی کمیٹی کے رکن ملک آصف خان کاسی کے رہائشگاہ پر منعقدہ پروقار تقریب سے اپنے صدارتی خطاب میں کیا اس موقع پر نوروز کی مناسبت سے سات مختلف اقسام کے کھانوں اور خوبصورت کیک اور ساتھ ہی عید نوروز کا اہم جز رنگ برنگی انڈوں کو میز پر سجایا گیا تھا اور خصوصی پینا فلیکس میں نوروز کے خوبصورت پھول اور دیگر آشیا اویزاں کیئے گئے تھے۔ تقریب سے پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے، صوبائی سیکریٹری فقیر خوشحال کاسی نے خطاب کیا جبکہ نظارت کے فرائض پارٹی کے ضلع سیکریٹری اطلاعات نور آغا درانی نے سرانجام دیئے جنہوں نے عید نوروز کی مناسبت سے خوبصورت اشعار سے تقریب کو چار چاند لگائے، تقریب میں پارٹی کے مرکزی سینئر سیکریٹری سید قادر آغا ایڈوکیٹ، پارٹی کے صوبائی ایگزیکٹوز، مرکزی، صوبائی اور ضلع کمیٹی کے اراکین موجود تھے، اس موقع پر پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ اور دیگر رہنماؤں نے نوروز کا کیک کاٹا اور انڈوں کے مخصوص طرز پر کھیل کھیلا۔ مقررین نے کہا کہ نوروز آریائی قوم کا ایک قدیم اور اہم تہوار ہے جو ہزاروں سالوں سے منایا جاتا رہا ہے

چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو 36 ویں سالگرہ پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، سردار سربلند جوگیزئی

ملک کو موجودہ مسائل اور بحرانوں سے نکالنے کے لئے نوجوان، پرجوش، تجربہ کار اور قابل قیادت کی ضرورت ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی ایک ایسی ریاست کے لئے جدوجہد کر رہی ہے جہاں تمام شہریوں کو یکساں حقوق حاصل ہوں پارٹی نے وفاق میں بھی پارٹی نے وزارتیں نہیں لیں اسکے باوجود ملک کے مفاد میں مسلم لیگ (ن) کی حکومت کو مکمل سپورٹ کر رہی ہے، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو 36 ویں سالگرہ پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ یہ بات پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند جوگیزئی، سابق جنرل سیکرٹری سید اقبال شاہ، ملک ذیشان حسین، سپورٹس اینڈ کلچر ونگ کے صدر شہزادہ کاکڑ، رحمت اللہ کدیزئی، نعیم بلوچ، جبار خان خلجی، ندیم احمد خان، سٹی کے جنرل سیکرٹری لالہ نعمت خان، سلمان کھوسہ اور دیگر نے ہفتہ کو پیپلز پارٹی بلوچستان شعبہ اطلاعات کے زیر اہتمام کوئٹہ پریس کلب میں پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو سالگرہ کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ملک بھر کے عوام بلاول بھٹو زرداری کی قیادت پر فخر کرتے ہیں بلاول بھٹو زرداری اپنے نانا شہید جمہوریت ذوالفقار علی بھٹو اور محترمہ شہید بی بی بے نظیر بھٹو کے مشن کو آگے لیکر بڑھ رہے ہیں

آرمی چیف کا دہشتگردی کے خاتمے کا دبنگ اعلان خوش آئند، ملک سجاد

بانی پی ٹی آئی سرکردہ جرائم کی سزا بھگت رہے، سیاسی انتقام کا نام دے کر جرائم پر پردہ نہیں ڈالا جاسکتا، لیگی رہنماء

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) اسلام آباد کے سینئر رہنما و سابق یوسی چیئرمین ملک سجاد نے کہا ہے کہ سپہ سالار آرمی چیف پاکستان جنرل حافظ سید عاصم منیر کا دہشتگردی کے خلاف دبنگ اعلان سے ملک دشمن عناصر کی موت کا سبب ہے، ہر محب وطن اور پاکستان سے پیار کرنے والا اس کی بھرپور تائید کرتا ہے، یوم آزادی پاکستان کے موقع پر کاکول اکیڈمی پریڈ کے موقع پر اپنے خطاب میں دہشتگردوں کیخلاف سپاہیانہ جذبے سے سرشار ہو کر قرآنی آیات کے حوالے سے اپنے استدلال کو ثابت کردیا ہے کہ کوئی بھی پاک افواج کیخلاف یا ملک پاکستان کو نقصان نہیں پہنچا سکتا، ہر پاکستانی کو عاصم منیر کے بیانئے کی بھرپور تائید کرنی چاہیئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم متحد ہے، ہمارے ادارے بھی ایک پیج پر ہیں، انشاءاللہ وہ دن دور نہیں جب پاکستان ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل ہوگا، افواج پاکستان ملک کے امن و سلامتی کی ضامن ہے، ملک کی بہتری کیلئے بہادر فوج وسیع تجربہ رکھتی ہے، ملک اس وقت نازک دور سے گزر رہا ہے ہمارا ازلی دشمن بھارت ہمارے ملک کی خوشحالی جس میں خصوصی طور پر گوادر بندرگاہ بھی شامل ہے کے خلاف سازشوں میں مصروف ہے بھارت کا یہ خواب کبھی پورا نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی پرچم دنیا کے پرچموں میں سے ایک عظیم پرچم ہے، اقوام عالم میں اس کی مزید سربلندی کیلئے ہم سب کو مل جل کر انتھک کام کرنا ہوگا، ملکی تعمیر و ترقی و خوشحالی، امن و بھائی چارہ کے فروغ، دہشتگردی کے عفریت سے نمٹنے کیلئے ہمیں اختلافات کو پس پشت ڈال کر باہمی اتحاد و یگانگت کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ مسلم لیگی رہنما ملک سجاد نے مزید کہا کہ 9 مئی سے زیادہ دلخراش واقعہ پاکستان کی تاریخ میں کبھی نہیں ہوا، وہ جو پاکستانی ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں اور اس لبادے میں دشمنی کر رہے ہیں، ان کو پہنچانا ہوگا، پاکستان کو قومی یکجہتی کی جتنی ضرورت آج ہے شاید پہلے کبھی نہ تھی، سابق چیف جسٹس ثاقب نثار، جنرل فیض اور دیگر ٹولے نے مسلم لیگ (ن) کی حکومت کو وقت سے پہلے ختم کر کے ملک و قوم کے ساتھ بہت بڑی زیادتی کی، قائد نواز شریف نے IMF کو آخری قسط ادا کر کے انہیں خدا حافظ کہا تھا لیکن پی ٹی آئی کو حکومت میں لانے کے بعد پاکستان کا قرضہ 27 ہزار ارب سے 54 ہزار ارب تک پہنچا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے زہریلے بیانیے کے باعث سیاست میں اخلاقی و سماجی قدریں کم ہوتی جارہی ہیں، جنہیں بحال کرنے کیلئے محب وطن سیاسی جمہوری جماعتوں کو بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا، حکومت بھی مثبت و تعمیری سرگرمیوں کے فروغ کیلئے مربوط اقدامات

لاہور، ملک صہیب احمد انسداد دہشتگردی و ہارڈ نڈی اسٹیٹ کمیٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر کا ٹی ایچ کیو ہسپتال کا دورہ

ٹی ایچ کیو ہسپتال میں جلد ایوننگ او پی ڈی شروع کی جائیگی' خواجہ عمران نذیر

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر خواجہ عمران نذیر نے وزیر علی پنجاب کی ہدایت پر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کامونکی کا دورہ کیا۔ انہوں نے ہسپتال میں طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ایمرجنسی میں ادویات کی دستیابی اور ایمرجنسی میں زیر علاج مریضوں کی عیادت کی اور انہیں فراہم کی جانے والی سہولیات بارے دریافت کیا۔ انہوں نیا یم ایس کو ادویات کی دستیابی اور بہتر طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ چیئرمین جی ڈبلیو ایم سی چوہدری کاشف اسمٰعیل، اسسٹنٹ کمشنر کامونکی میڈم ماہم، سی ای او ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی ڈاکٹر معیز منصور، ڈائریکٹر ہیلتھ ڈاکٹر فرجاد بٹ، ڈی ایچ او ڈاکٹر عادل، ایم ایس ڈاکٹر سعد احمد اور چیف ڈرگ کنٹرولر اظہر جمال سلیمی سمیت دیگر متعلقہ افسران اس موقع پر موجود تھے۔ اپنے دورہ کے دوران وہ ہسپتال کی ایمرجنسی، مردانہ و زنانہ وارڈز، سرجیکل، لیبارٹری اور میڈیسن وارڈز میں گئے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نزیر نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی سخت ہدایات ہیں کہ مریضوں کو ادویات نہ ملنے پر ہسپتال انتظامیہ ذمہ دار ہوگی۔ انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر بہت جلد ہسپتال میں ایوننگ او پی ڈی کا آغاز کیا جائے گا اور ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال کو موثر کر کے تمام ٹی ایچ کیو ہسپتالوں کے ساتھ اٹیچ کیا جائے گا۔

قائد عوام نواز شریف نے بلوں میں ریلیف دیکر عوام کے دل جیت لئے، بیگم شاہدہ قدیر

بجلی بلوں میں 500 یونٹ تک 14 روپے فی یونٹ تک کا ریلیف بڑا تحفہ ہے، مسلم لیگی رہنماء

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) اسلام آباد کی سنئیر رہنما بیگم شاہدہ قدیر نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف پاکستان کی تعمیر و ترقی و خوشحالی کا گہوارہ بنانے اور عوام کے انفرادی و اجتماعی مسائل کے حل کیلئے دن رات کوشاں ہیں اور ان کی جدوجہد کے مثبت و تعمیری نتائج برآمد ہو رہے ہیں جو ملک و قوم کیلئے خوش آئند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سابق وزیر اعظم نواز شریف کی قیادت میں حکومت پاکستان کی ترقی و استحکام اور عوامی خوشحالی کیلئے بھرپور جدوجہد کر رہی ہے اور صدر و قائد مسلم لیگ (ن) نواز شریف کا عوام کیلئے بجلی کے بلوں میں 200 سے 500 یونٹ تک کے صارفین کیلئے 14 روپے فی یونٹ کا ریلیف فراہم کرنے کیلئے ایک اہم اقدام اور جشن آزادی کا تحفہ ہے، سابق وزیر اعظم نواز شریف کا سیاسی ریکارڈ گواہ ہے کہ انہوں نے اپنے دور اقتدار میں ہمیشہ ملک و قوم کی بہتری کا سوچا اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی پنجاب حکومت کا بجلی کے بلوں میں ریلیف کیلئے 45 ارب روپے مختص کرنا احسن اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں پنجاب حکومت عوامی فلاح و بہبود کے کاموں میں دن رات مصروف ہے جبکہ اس کے برعکس پی ٹی آئی کی نام نہاد قیادت ملک میں سوائے انتشار پھیلانے کے کوئی کام نہیں کیا، یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ سابق وزیر اعظم نواز شریف کے دور میں مہنگائی کنٹرول میں تھی اور عوام مطمئن تھے، ہمیشہ ایک حقیقی عوامی لیڈر صرف عوام کی بہتری کا سوچتا ہے، مہنگائی ختم کرنے کے لئے میاں نواز شریف نے خود عملی اقدام اٹھایا، بجلی کے بل میں ریلیف ابتداء ہے۔ مسلم لیگی رہنما بیگم شاہدہ قدیر نے مزید کہا کہ انتشار اور الزام تراشی کی سیاست ملکی مفاد میں نہیں، گالی اور گولی کی سیاست سے سیاسی جماعتوں کو اجتناب کرنا چاہیئے، ایسی سیاست کسی کیلئے بھی بہتر نہیں، سیاستدانوں کو اپنی اپنی انا کی تسکین کیلئے ملک میں افراتفری پیدا کرنا لمحہ فکریہ ہے، ملک کسی بھی قسم کے تصادم کا متحمل نہیں ہوسکتا، سیاست میں تشدد کا جو رجحان پیدا ہو رہا ہے وہ پاکستان اور عوام کیلئے بڑا خطرناک اور افسوسناک ہے، اب پی ٹی آئی آج کہتی ہے کہ ہم پر ظلم ہو رہا ہے تو اسے معلوم ہونا چاہیئے کہ جو کرو گے وہی بھرو گے یہ قدرت کا نظام ہے، عمران نیازی نے ملک و قوم کیساتھ بہت ظلم کئے، رانا ثناء جیسے بے گناہ شخص پر منشیات ڈال دی

تعلیم موجودہ حکومت کے منشور کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، فضل حکیم خان یوسفزئی

طلبہ کو سکولوں میں بہترین اور سازگار ماحول فراہم کرنے میں کوئی کمی نہیں چھوڑیں گے، وزیر لائیوسٹاک خیبر پختونخوا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے وزیر برائے لائیوسٹاک، فشریز و کوآپریٹیو فضل حکیم خان یوسفزئی نے کہا ہے کہ تعلیم موجودہ صوبائی حکومت کے منشور کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، طلبہ کو سکولوں میں بہترین اور سازگار ماحول فراہم کرنے میں کوئی کمی نہیں چھوڑیں گے، صوبائی حکومت کی دن رات کی کوششوں کی وجہ سے سرکاری تعلیمی اداروں کو اپنے پاؤں پر کھڑا کیا اور سرکاری تعلیمی اداروں پر عوام کا اعتماد بحال کیا جس کی مثالیں خود عوام کی نظروں کے سامنے ہیں، سوات بورڈ کے میٹرک اور ایف اے، ایف ایس سی کے سال 23-2022 میں گولڈ اور سلور میڈل جیتنے والے طلبہ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ ان خیالات کا اظہار فضل حکیم خان یوسفزئی نے سوات تعلیمی بورڈ میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیئرمین ڈیڈیک سوات اختر خان ایڈوکیٹ، ایم این اے سلیم الرحمٰن، چیئرمین سوات بورڈ تسبیح اللہ اور مختلف سکولوں کے اساتذہ سمیت طلباء و طالبات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فضل حکیم خان یوسفزئی کا کہنا تھا کہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت تعلیم کے حوالے سے کسی کیساتھ کوئی سمجھوتا نہیں کرے گی

لاہور، وزیر بلدیات ذیشان رفیق ویسٹ ریسائیکلنگ منصوبہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اپنی مفاد کی خاطر ڈی سی کو دھمکیاں دینے والے کس بنیاد پر راضی ہوئے؟، ملک سیف اللہ خان

یہ لوگ حقیقت میں قوم کیساتھ مخلص ہیں تو ان کی حکومت میں لایا گیا بل کو ریوائز کیا جائے، صدر اے این پی مہمند

مہمند (این این آئی) صدر عوامی نیشنل پارٹی ضلع مومند ملک سیف اللہ خان نے تحصیل پنڈیالی پٹی باندہ کے واقعات پر جاری بیان میں کہا کہ پچھلے دنوں ایم پی اے لوئر مہمند محبوب شیر نے ڈی سی مہمند کے خلاف ناشائستہ اور غیر پارلیمانی زبان استعمال کرتے ہوئے عوام کی توجہ اپنی جانب مبذول کرایا مگر حقیقت میں ان کا غصہ حسب روایت جاگ ثابت ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ایم پی اے کی دھمکیاں اپنی مفاد کی حد تک محدود تھیں، ڈی سی کو دھمکیاں دینے والے کس بنیاد پر راضی ہوگئے؟ ملک سیف اللہ خان نے کہا کہ جن باتوں کو بنیاد بنا کر دھرنا ختم کیا وہ تو انتظامیہ پہلے سے مانتے تھے مہمند ڈیم کے اندر حالیہ اپریشن کے دوران متاثرہ خاندانوں کو پیکیج کے علاوہ سامان اور میٹریل کا معاوضہ دینے کا وعدہ تو انتظامیہ نے پہلے سے کیا تھا جن پر علاقے کے عوام راضی نہیں تھے۔ ملک سیف اللہ خان نے کہا کہ پہلے سے موجود لیبر کمیٹی کو فعال کر کے ڈیم میں لوکل لوگوں کو ترجیحی بنیادوں پر روزگار دینے پر ایم پی اے صاحب اس لیے راضی ہو گئے کیونکہ وہ کمیٹی کا ممبر ہے اور انہی فراڈ اور دھوکہ میں ملوث ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم پی اے صاحب نے مہمند ڈیم سے پنجابیوں کو نکالنے کی دھمکی دی تھی

EXPRESSION OF INTEREST (EOI)

The Commissioner Makuran Division/Project Director, City Development Project Turbat, invites Expressions of Interest (EOIs) from reputable builders, developers, firms and investors for the self-financed development of commercial facilities at Cultural Complex, Turbat, including shops, superstores, cafés, bookstores and other compatible commercial outlets. The initiative aims to establish a sustainable and self-reliant revenue stream to meet the recurring operational and maintenance expenses of the Cultural Complex, including its public library, and to support cultural activities. The selected party shall finance, construct and develop the facilities at its own cost, with no financial liability upon the Government/Project, under an appropriate revenue-sharing or other commercially viable model. Selection shall be made through a transparent competitive process, and the project shall be awarded to the technically qualified proposal offering the highest viable and sustainable revenue return to the Cultural Complex, while ensuring compatibility with its cultural and architectural character. Interested parties shall submit their technical and financial proposals to the Commissioner Makuran Division/Project Director, City Development Project Turbat, by 12th November 2026.

DAB/AB No.363/23-9-2026

Commissioner Makuran Division / Project Director, City Development Project Turbat

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت ایڈیشنل ڈسٹرکٹ وسیشن جج 1 حب ضلع حب

سول اپیل نمبر 10/26، حبیب اللہ بنام مسماۃ سلمہ وغیرہ، سول اپیل زیر دفعہ 96 ض ود

اشتہار بنام: جمل خان ولد ساحل خان سکنہ رندا سٹریٹ تحصیل وضلع حب

ہرگاہ عنوان بالا سول اپیل عدالت ہذا میں دائر کی گئی ہے جسکی آئندہ سماعت مورخہ 08/10/26 مقرر ہے۔ جس میں تم مسئول علیہ نمبر 2 پر نوٹسز عام طریقے سے نوٹسز کی تعمیل نہیں ہورہی یا تم مسئول علیہ نمبر 2 نوٹسز کی وصولی سے گریزاں ہو لہٰذا بذریعہ اشتہار تم مسئول علیہ نمبر 2 کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ پر صبح 9:00 بجے اصالتاً/وکالتاً حاضر عدالت ہذا ہو کر سول اپیل کی جوابدہی کرو بصورت دیگر تمہارے خلاف حسب ضابطہ یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی

اطلاع عام

میں نے انیس کالونی حب چوکی بلوچستان میں اراضی 90 گز خسرہ نمبر 839 انتقال نمبر 3799 جلد نمبر 571 بنام انیس خاور ولد محمد قومی شناختی کارڈ نمبر 51503-1881464-7 سے خریدنے کا سودا طے کیا ہے لہٰذا اگر اس بابت کسی شخص/اشخاص/ادارے/بینک وغیرہ کو کسی بھی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو وہ برائے کرم سات یوم کے اندر اندر برائے راست مجھ سے رابطہ کریں بعد از میعاد کسی بھی قسم کا کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا۔

المشتہر: ماجد امان ولد امان اللہ، 0333/2008836

NOTICE INVITING TENDER

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB The Executive Engineer Roads Communication Works PP&H Department District Lasbela invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2026 on Percentage Rates **Tender Fee 1500 PKR and Bid Security 2% for each work**

S. No	TSE Number	Name of Work's	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening	Estimated Cost
1	TSE-2627091198063	Construction of BT Link Road At Goth Moryani Mouza Narag Kangar Tehsil Bela PSDP 1425	07 October,2026 11:30 AM	12:30 PM	19,900,651
2	TSE-2627091198053	Construction of BT Road at Wadera Fateh Muhammad Goth sheh Tehsil Lakhra ID Code Z2026.3234 PSDP No 1424(2026-27)	07 October,2026 11:30 AM	12:30 PM	19,900,554
3	TSE-2627091197933	Construction of BT Road at Wadera Ali Kamal Dagarzai Goth Mouza Sham Tehsil Layari ID Code Z2026.3233 PSDP No 1423(2026-27	07 October,2026 11:30 AM	12:30 PM	28,855,932
4	TSE-2627091197883	CONSTRUCTION OF BT ROAD FROM LAKHRA ROAD TO NOORDAD CHANAL & MIR ZABAD CHANNAL LASBELA (LENGTH 3 KM) PSDP # 1485/Z2026.3908 (2026-27)	07 October,2026 11:30 AM	12:30 PM	49,751,668

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure (TSE-2627091198063, TSE-2627091198053, TSE-2627091197933, TSE-2627091197883) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Address:** OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER(ROADS) COMMUNICATION WORKS PP&H DISTRICT LASBELA Main RCD Road Uthal District Lasbela **Phone no:** 0853363462 **Fax no:** 0853363122

Email: xenroadlasbela@gmail.com

Executive Engineer Roads Communication Works PP&H Department District Lasbela.

DPRQ/PRQ No.1528/23-09-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2627091197843 **Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** The DEVELOPMENT OFFICER JHAL MAGSI invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2%

S.No.	Name of Work	E/Cost
1	PROVISION AND INSTALLATION OF SOLAR STREET LIGHTS AT UNIONCOUNCIL HATHYARI. **TSE.NO.** 2627091197843	4,941,792

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 3,459,254 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee,Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **07 October,2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **07 October, 2026** till **11:00 AM**. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at **12:00 PM**

Address: D O Local Government Jhall Magsi

Phone no: 3337501859

Email: khurseedahmed1972@gmail.com

DAB/AB No.362/23-9-2026

DEVELOPMENT OFFICER JHAL MAGSI

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اسلام آباد، نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر میں این ڈی ایم اے کی مون سون رابطہ کاری کانفرنس منعقد کی جارہی ہے

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer, Khirther Canal Division Usta Muhammad, invites through sealed tenders form (as per Schedule B) based on composite schedule of Rates 2026 Government of Balochistan from interested contractors/firms for the works listed below:-

S. No.	Name of work	Estimated Cost (Million)	Bid Security 3% (Million)	Tender Fee Deposited on Head of Account C-03434
01	Flood Protection Bund At Village M Nawaz Khan Sobdrani Jamali (M Aslam Sobdrani Jamali) Usta Muhammad at S.No.2867 (PSDP No.3974 Z2026.3974) 2026-2027 TSE-2627091197583	10.00	3%	Rs; 1500/-
02	De-Silting at Dumb Shakh and Mithri Shakh, District Usta Muhammad at S.No.2852 (PSDP No.4036 Z2026.4036) 2026-2027 **TSE-2627091197603**	10.00	3%	Rs; 1500/-
03	De-Silting at Gandakha Noorpur Shakh, District Usta Muhammad at S.No.2854 (PSDP No.4039 Z2026.4039) 2026-2027 **TSE-2627091197623**	15.00	3%	Rs; 1500/-
04	De-silting at Khanki To Garrang Shakh via Khanki Till Khan Pur District Usta Muhammad at S.No.2864 (PSDP No.4105 Z2026.4105) 2026-2027 TSE-2627091197653	15.00	3%	Rs; 1500/-
05	Construction of Flood Protection Bund At Javed Abad District Usta Muhammad at S.No.2865 (PSDP No.4114 Z2026.4114) 2026-2027 **TSE-2627091197673**	10.00	3%	Rs; 1500/-

Procurements shall be made under B-PPRA Rules 2014 amended up-to-date Eligibility of Bidders: **a.** An individual bidder having Valid PEC registration in the relevant Category or above with specialization codes in CE04 Irrigation Only. **b.** Has completed Three (3) Contract of similar nature as a Contractor (but not as Sub- Contractor) during last three (03) years with completion certificates. **c.** Has an average turnover of 70% of each Project Cost during last Two years or a fresh bank certificate/ statement showing finical capacity of the Bidder/Firm. **d.** Active registration certificates from Income Tax Authority FBR (NTN) (BRA) and (PEC) attached online verification receipt (ATPL) after published of NIT. **e.** The contractor/ Firm has not been blacklisted earlier by any government agency or private organization (Attach on Company letter head with dully signed and stamped). **f.** The amount of Bid Security shall be **3%** of the quoted amount in the form of call Deposit by any Scheduled Bank in Pakistan in favour of the Employer. **g.** List of available Technical/Management Staff & Detail of Machinery available for the assignment should be enclosed on Company letter head with singed and stamped. **h.** Each Bid should be separate envelops If more than 1, in one envelop will be consider 1 bid. **i.** Any firm not meeting the above mandatory requirements shall be declared Non-Responsive **2. Issuance of Bidding Documents:** The bidding documents can be obtained from B-PPRA authority website or the office of the under-signed upon payment of bidding document fee through Green Challan in the NBP under Head of account **C-03434.(Irrigation) 3. Deadline Submission of Bidding/ Tender documents:** The Bidding Documents dully filled attached application with copies of supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand or through TCS till **9th October -2026 at 12:00 PM** during working hours. **4. Tender opening:** The Tenders/ Bid opening process will be held at office of undersigned on Dated; **9th October -2026 at 01:00 PM** before Procurement Committee in the presence of contractors or their authorized representative/ agents. Envelope containing Technical bid will be opened on **9th October -2026 at 01:00 PM** (2nd Envelope containing Financial Bid of only Technically Qualified Bidder will opened after Evolution of Technical Bid, the Financial Bid of technically disqualified bidders will be un-opened. **5. Bids Validity**: Ninety (90) days **Address:** Office of the Executive Engineer Khirther Canal Division Usta Muhammad. Phone & Fax No. 0838-612227

Email: xenktr@gmail.com

Executive Engineer Khirther Canal Division Usta Muhammad.

DPRQ/PRQ No.1505/23-09-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

PAKISTAN LAND PORT AUTHORITY (PLPA) ISLAMABAD

INVITATION FOR e-BIDS

HIRING OF A INDIVUDAL CONSULTANT FOR SITE COORDINATION SERVICES

Tender No. 8/PLPA/09/2026

Pakistan Land Port Authority (PLPA) invites Electronic Bids from reputable and experienced individuals' for providing comprehensive the Consultancy services to provide with high-level strategic guidance, policy advice, and institutional oversight, so as to align authority's initiatives and institutional development with national development goals and international best practice in land border and trade-facilitation management.

The procurement shall be conducted through the **Single Stage-Two Envelope** Procedure under the applicable PPRA Rules.

Interested individuals may download the Bidding Documents from EPADS and the PPRA website. Electronic Bids must be submitted through EPADS by **12th October 2026** at **11:30 AM**.

PID(I) 2789/26

DEPUTY DIRECTOR (HR & PROCUREMENT)
Pakistan Land Port Authority (PLPA)
7th Floor, Kohsar Block, Pak Secretariat, Islamabad
dir_it@plpa.gov.pk , Telephone: 051-9205625

مرکزی مسلم لیگ کی پشین بازار دھماکے کی شدید مذمت

کراچی (این این آئی) پاکستان مرکزی مسلم لیگ سندھ و بلوچستان کے صدر فیصل ندیم کی پشین بازار میں دھماکے کی شدید مذمت۔ فیصل ندیم نے کہا کہ عورتوں اور بچوں پر دھماکے کرنے والے انسانیت سے عاری ہیں۔ دہشتگردوں کا کسی مذہب سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ بچوں اور عورتوں پر حملہ کرنے والے دہشت گرد ملکی سلامتی کیلیے خطرہ ہیں۔ پوری قوم دہشت گردی جیسے ناسور کے خلاف متحد ہیں۔ مرکزی مسلم لیگ دہشت گردی کی شدید مذمت کرتی ہے۔

عدالت نے عالیہ حمزہ کی 9 مئی کے 4 مقدمات میں حفاظتی ضمانت منظور کرلی

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد میں انسداد دہشت گردی عدالت (اے ٹی سی) نے 9 مئی کے 4 مقدمات کی سماعت کے دوران پاکستان تحریک انصاف کی رہنما عالیہ حمزہ کی چاروں مقدمات میں حفاظتی ضمانت منظور کرلی۔ انسداد دہشتگردی عدالت نے عالیہ حمزہ کو 26 اگست کو پیش ہونے کا حکم دے دیا۔

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
0853-310203

جب میچ کا بائیکاٹ نہیں کیا تو پھر ہاتھ ملانے میں کسی کو مسئلہ نہیں ہونا چاہیے، سابق بھارتی کپتان اپنی ٹیم پر ہی برس پڑے

بھارتی کھلاڑیوں کو اپنی کارکردگی کے ساتھ ساتھ میدان میں رویے سے بھی دنیا کو مثبت پیغام دینا چاہیے، اظہر الدین کا انٹرویو

نئی دہلی (این این آئی) سابق بھارتی کپتان محمد اظہر الدین نو ہینڈ شیک پالیسی پر برس پڑے اور کہا ہے کہ جب میچ کا بائیکاٹ نہیں کیا تو پھر ہاتھ ملانے میں بھی کسی کو مسئلہ نہیں ہونا چاہیے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایک انٹرویو میں محمد اظہر الدین نے بھارتی کپتان سوریا کمار یادوو پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ جب پوری قوم کے کہنے پر میچ کا بائیکاٹ نہیں کیا گیا تو پھر ہاتھ ملانے میں کیا مسئلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب جب ہم کرکٹ کھیل ہی رہے ہیں تو پوری شان و شوکت کے ساتھ کھیلنا چاہیے اور اس میں کسی سے ہاتھ ملانا یا گفتگو کرنے سے کوئی مسئلہ نہیں ہونا چاہیے کیونکہ جب میچ کھیلنے پر سب راضی ہیں تو پھر یہ کون سی بڑی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت ایک اچھی ٹیم ہے جو گزشتہ کئی سالوں سے مسلسل اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہی ہے اور ایشیا کپ میں بھی ٹیم مسلسل فتوحات کے بعد پراعتماد دکھائی دے رہی ہے۔ محمد اظہر الدین نے کہا کہ بھارتی کھلاڑیوں کو اپنی کارکردگی کے ساتھ ساتھ میدان میں رویے سے بھی دنیا کو مثبت پیغام دینا چاہیے، کرکٹ ہمیشہ دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات میں کشیدگی کم کرنے کا ذریعہ رہی ہے۔ سابق بھارتی کپتان نے کہا کہ میچ کھیلنے کے بعد کسی قسم کے احتجاج کا کوئی جواز نہیں، انہوں نے پاکستانی کپتان سلمان علی آغا کی جانب سے ہاتھ نہ ملانے پر پوسٹ میچ پریس کانفرنس کے بائیکاٹ پر بھی تنقید کی۔ انہوں نے بھارتی کرکٹ بورڈ پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ جب آپ نے فیصلہ کرلیا ہے کہ پاکستان کے خلاف دوطرفہ سیریز نہیں کھیلیں گے مگر آئی سی سی ایونٹس میں کھیلیں گے تو پھر اس طرح کا احتجاج سمجھ سے بالاتر ہے، اگر یہی کرنا ہے تو پھر کھیلنے کی ہی کوئی ضرورت ہی نہیں ہے۔ اس سے قبل، بھارتی اپوزیشن جماعت کانگریس کے سینئر رہنما اور سابق کپتان محمد اظہر الدین نے پاک بھارت میچ میں کھلاڑیوں کے ہاتھ نہ ملانے کو کھیل کی روح کے منافی قرار دیا تھا۔

ہاں جی! حسین طلعت کا انتخاب ٹھیک تھا نا؟' محمد عامر

یہ صرف ان لوگوں سے پوچھنا ہے جو کہہ رہے تھے کہ طلعت قومی ٹیم میں نہیں ہونا چاہیے، بیان

لاہور (سپورٹس نیوز) قومی ٹیم کے سابق فاسٹ بالر محمد عامر نے پاک سری لنکا میچ میں حسین طلعت کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ایکس کے ذریعے اپنے سابق بیان پر مہر تصدیق ثبت کردی۔ تفصیلات کے مطابق ایشیا کپ 2025 سپر فور مرحلے میں پاکستان اور سری لنکا کی ٹیمیں مدمقابل تھیں جس میں شاہینوں نے اپنی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ ایشیا کپ ٹی 20 ٹورنامنٹ کے سپر فور مرحلے میں پاکستان نے سری لنکا کو 5 وکٹوں سے شکست دیکر 2 اہم پوائنٹس حاصل کرلیے جس کے بعد اس کے فائنل میں پہنچنے کے امکانات کافی حد تک روشن ہوگئے۔ میچ کے دوران محمد نواز اور حسین طلعت نے اپنی ذمہ درانہ بیٹنگ کا مظاہرہ کیا جس کی بدولت قومی ٹیم کے حصے میں کامیابی آئی۔ اس حوالے سے قومی ٹیم کے سابق فاسٹ بالر محمد عامر نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر اپنے ایک پیغام میں کہا کہ ہاں جی! حسین طلعت کا انتخاب ٹھیک تھا نا؟' محمد عامر نے کہا کہ یہ صرف ان لوگوں سے پوچھنا ہے جو کہہ رہے تھے کہ اسے (حسین طلعت) قومی ٹیم میں نہیں ہونا چاہیے۔

☆☆☆☆☆

برطانوی ٹینس سٹار اینڈی مرے کا ریکٹ 73 ہزار ڈالر میں نیلام

اینڈی مرے کی طرف سے ریکٹ نیلامی میں سب سے زیادہ قیمت پر فروخت ہونے والا سامان ہے، رپورٹ

لندن (سپورٹس نیوز) انگلینڈ کے بین الاقوامی شہرت یافتہ ٹینس سٹار اینڈی مرے کے 2013 میں ومبلڈن اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے فائنل میں استعمال ہونے والے ریکٹ کو حال ہی میں ایک گولڈن نیلامی میں 73,200 ڈالر میں بیچا گیا ہے۔ سپورٹس ویب سائٹ کے مطابق اینڈی مرے کی طرف سے یہ ریکٹ نیلامی میں سب سے زیادہ قیمت پر فروخت ہونے والا سامان ہے۔ 2013 کے ومبلڈن اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں اینڈی مرے نے سربین ٹینس سٹار نوویک جوکووچ کو ہرا کر 76 سال بعد ومبلڈن اوپن ٹینس کا ٹائٹل جیتا تھا۔ پہلی عالمی جنگ عظیم کے بعد سے اینڈی مرے اور فریڈ پیری ہی وہ برطانوی مرد ٹینس کھلاڑی ہیں جنہوں نے ومبلڈن اوپن ٹینس ٹورنامنٹ جیتا تھا۔ نیلامی کے دوران ریکٹ کی صداقت کی تصدیق کے لیے ریزولوشن فوٹو میچنگ کی طرف سے ایک تصدیقی خط بھی شامل تھا جس میں واضح کیا گیا کہ یہ ریکٹ ومبلڈن اوپن ٹینس کے فائنل، دوسرے راؤنڈ اور سیمی فائنل کے میچز میں استعمال ہوا تھا۔ نیلامی میں 49 بولیاں لگیں، جس سے اس کی مقبولیت کا اندازہ ہوتا ہے۔ ریکٹ کی نیلامی کا عالمی ریکارڈ 2017 کے فرنچ اوپن فائنل میں ہسپانوی شہرہ ا?فاق ٹینس سٹار رافیل نڈال کے استعمال کردہ بابولات ریکٹ کا ہے جو 157,000 ڈالر سے زائد میں فروخت ہوا تھا۔

پاکستان نے سری لنکن بیٹر کو ناپسندیدہ ریکارڈ تھما دیا

داسن شناکا جب بیٹنگ کیلئے آئے تو صرف ایک ہی گیند کے مہمان ثابت ہوئے،

ابوظبی (این این آئی) پاکستان کے خلاف ایشیا کپ 2025 کے سُپر فور مرحلے کے میچ میں لنکا کے آل راؤنڈر داسن شناکا نے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ میں سب سے زیادہ صفر پر آؤٹ ہونے کا ناپسندیدہ ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ پاکستان کے خلاف ابوظبی میں ایشیا کپ سپر فور مرحلے کے میچ میں سری لنکن کھلاڑی داسن شناکا صفر پر آؤٹ ہوئے اور اس طرح انہوں نے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ میں سب سے زیادہ مرتبہ صفر پر آؤٹ ہونے کا شرمناک ریکارڈ بھی اپنے نام کرلیا۔ داسن شناکا جب بیٹنگ کے لیے آئے تو وہ صرف ایک ہی گیند کے مہمان ثابت ہوئے، انہیں حسین طلعت نے پہلی ہی گیند پر آؤٹ کر کے واپس پویلین بھیج دیا۔ یوں داسن شناکا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں 14 مرتبہ صفر پر آؤٹ ہونے والے پہلے کھلاڑی بن گئے۔ اس فہرست میں داسن شناکا کے بعد 13 مرتبہ صفر کے ساتھ روانڈا کے مارٹن اکائیزو، بنگلادیش کے سومیا سرکار اور آئرلینڈ کے اوپنر پال اسٹرلنگ کا نام شامل ہے۔ 13 مرتبہ صفر کے ساتھ روانڈا کے مارٹن اکائیزو، بنگلادیش کے سومیا سرکار اور آئرلینڈ کے اوپنر پال اسٹرلنگ کا نام شامل ہے۔

فٹبال کو سر سے مارنے سے دماغی صحت متاثر ہونے کا خدشہ

استعمال سے دماغ کی تہوں میں تبدیلیوں کے امکانات زیادہ اور دماغی صحت متاثر ہونے کا خدشہ ہوتا ہے، جدید تحقیق

واشنگٹن (این این آئی) محققین نے کہا ہے کہ فٹ بال کے کھلاڑی جو بال کو پاس کرنے یا روکنے کے لیے اپنے سر کا استعمال کرتے ہیں، ان کے دماغ کی تہوں میں تبدیلیوں کے امکانات زیادہ اور دماغی صحت متاثر ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ایک نئے مطالعے میں کہا گیا کہ فٹ بال کو 'ہیڈ' کرنا یعنی سر سے مارنا فٹ بال کھلاڑیوں کی دماغی صحت کو متاثر کر سکتا ہے۔ محققین نے جریدے نیورولوجی میں رپورٹ کیا کہ جو کھلاڑی فٹ بال کو پاس کرنے یا روکنے کے لیے اپنے سر کا استعمال کرتے ہیں ان کے دماغ کی تہوں میں تبدیلیوں کے امکانات زیادہ ہیں، یہ تہیں دماغ کے جھری دار بیرونی حصے میں ہوتی ہیں جسے سیریبرل کورٹیکس کہتے ہیں۔ محققین کے مطابق جن کھلاڑیوں میں دماغی تبدیلیاں زیادہ تھیں، انہوں نے علمی ٹیسٹوں میں بدتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ کولمبیا یونیورسٹی کے ریڈیالوجی کے پروفیسر ڈاکٹر مائیکل لپٹن کے مطابق جن کھلاڑیوں نے زیادہ بار گیند کو ہیڈ کیا ان کے دماغ کی تہوں کے ایک خاص حصے میں زیادہ رکاوٹیں و خلل پایا گیا اور یہی رکاوٹیں سوچنے اور یادداشت کے ٹیسٹوں میں کمزور کارکردگی سے منسلک ہیں، یہ مطالعہ کھیلوں سے متعلق سر پر لگنے والی چوٹوں کے اثرات اور کنکشنز کے کھلاڑیوں کی دماغی صحت پر پڑنے والے اثرات کے بارے میں خدشات میں مزید اضافہ کرتا ہے۔

آئی سی سی ویمنز کرکٹ ورلڈ کپ کیلئے قومی ٹیم سری لنکا چلی گئی

کپتان فاطمہ ثنا، ہیڈ کوچ محمد وسیم اور اوپننگ بیٹر سدرہ امین کا ورلڈ کپ میں اچھی کارکردگی میں عزم کا اظہار

جنوبی افریقہ کے خلاف سیریز کی شکست سمیت ماضی کی تمام چیزیں بھول کر ورلڈ کپ میں اچھا پرفارم کرنے کی کوشش کریں گے، گفتگو

کولمبو /لاہور (این این آئی) آئی سی سی ویمنز کرکٹ ورلڈ کپ کے لیے قومی ویمنز ٹیم سری لنکا چلی گئی، پاکستان ویمنز ٹیم ورلڈ کپ کا آغاز 2 اکتوبر کو بنگلہ دیش کے خلاف کرے گی، ورلڈ کپ مہم کے آغاز سے قبل قومی ویمنز ٹیم دو وارم اپ میچز بھی کھیلے گی۔ روانگی سے قبل لاہور میں پریس کانفرنس کے دوران قومی ویمنز ٹیم کی کپتان فاطمہ ثنا، ہیڈ کوچ محمد وسیم اور اوپننگ بیٹر سدرہ امین نے ورلڈ کپ میں اچھی کارکردگی میں عزم کا اظہار کیا۔ قومی ویمنز ٹیم کی کپتان فاطمہ ثناء نے کہا کہ ویمنز ورلڈ کپ کا بڑا چیلنج ہے لیکن قومی ٹیم اچھی کارکردگی کے لیے پر امید ہے اور ورلڈ کپ کے سب میچ ہی پریشر والے میچ ہوتے ہیں، تاہم کوشش ہوگی آغاز اچھا کریں تاکہ ورلڈ کپ میں اچھا مومینٹم پکڑیں۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی افریقہ کے خلاف سیریز کی شکست سمیت ماضی کی تمام چیزیں بھول کر ورلڈ کپ میں اچھا پرفارم کرنے کی کوشش کریں گے، البتہ حالیہ ہوم سیریز سے مثبت چیزیں لے کر آگے بڑھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کوشش ہوگی جو کنڈیشن ہوں ان کے مطابق کھیلیں، ورلڈ کپ کا پریشر لئے بغیر اچھا کھیلنے کی کوشش کریں گے، ورلڈ کپ میں ٹیم کو دیکھ کر تیاری کرنے کی کوشش کریں گے۔ قومی ویمنز ٹیم کے ہیڈ کوچ محمد وسیم نے کہا کہ پاکستان ٹیم ورلڈ کوالیفائر سے اچھا کھیلتی چلی آرہی ہے، کراچی سے کیمپ کا آغاز کیا اور لاہور میں بھی تیاریاں کیں، تاہم اس سیریز میں وہ رزلٹ نہیں آئے جو چاہتے تھے لیکن ٹیم میں کافی بہتری نظر آئی۔ انہوں نے کہا کہ پریشر ہمیشہ پرفارمنس کا ہوتا ہے، سب کو امید ہے کہ ٹیم اچھا پرفارم کرے گا، اچھی تیاری کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے کہ غلطیوں پر کام کریں، ابھی دو پریکٹس میچز بھی باقی ہیں ان میں بھی تیاری کا موقع ملے گا، ہماری کوشش تھی کہ ورلڈ کپ جانے سے قبل مختلف کمبینیشن آزمائے جائیں۔ ویمنز ٹیم کی اوپننگ بلے باز سدرہ امین نے کہا کہ ایشیا کی کنڈیشن پاکستانی کھلاڑیوں کو سوٹ کرتی ہیں، میں نے اپنی پاور ہٹنگ پر خاص کام کیا گیا ہے جو ورلڈ کپ میں کام آئیں گی۔ واضح رہے کہ پاکستان ویمنز ٹیم ورلڈ کپ کا آغاز 2 اکتوبر کو بنگلہ دیش کے خلاف کرے گی، ورلڈ کپ مہم کے آغاز سے قبل قومی ویمنز ٹیم دو وارم اپ میچز بھی کھیلے گی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

پاکستان ٹیم کس طرح کی میٹنگ کرتی ہے، مجھے سمجھاؤ؟ شعیب اختر پھٹ پڑے

آپ نے اپنے اسٹار پلیئر کو چھوڑ دیا ایک میچ ونر کو چھوڑ دیا، یہ کس طرح کی کوچنگ ہے، سابق باؤلر

راولپنڈی (سپورٹس نیوز) پاکستان کے سابق فاسٹ بولر شعیب اختر نے پاکستانی ٹیم مینجمنٹ سے سوال کیا ہے کہ آپ کس طرح کی ٹیم میٹنگ کرتے ہوئے؟ مجھے سمجھا دو۔ نجی چینل کے پروگرام میں پاکستان کے سابق کرکٹر شعیب اختر سے میزبان نے سوال کیا کہ بطور فاسٹ بولر آپ کو پتا ہوگا کہ نئے بال سے فاسٹ بولرز کو ایڈوانٹیج حاصل ہوتا ہے تاہم اگر آپ کا پلان کام نہیں کر رہا ہو تو پھر کیا کرنا چاہیے۔ شعیب اختر نے اس سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ اگر ایک فاسٹ بولر ٹھیک بولنگ نہیں کر رہا تو پھر آپ دوسرے فاسٹ بولر کا استعمال کریں یا پھر تیسرے فاسٹ بولر کو لے آئیں۔ دنیا کے تیز ترین بولر نے ٹیم میٹنگ پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ جب آپ ٹیم میٹنگ کرتے ہیں تو وہ کس طرح کی میٹنگ ہوتی ہے، مجھے سمجھائیں کہ اس طرح کی فضول میٹنگز کس طرح ہو سکتی ہیں۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ آپ نے اپنے اسٹار پلیئر کو چھوڑ دیا ایک میچ ونر کو چھوڑ دیا تو یہ کس طرح کی کوچنگ ہے اور کس طرح کا طریقہ کار ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں اب تک نہیں سمجھ سکا یہ کس طرح کی کال تھی اور یہ کہ حسن نواز کو دو میچوں کے بعد کیوں بینچ پر بیٹھایا گیا، اسے بالکل بھی بینچ پر نہیں بٹھانا چاہیے تھا۔ شعیب اختر نے کہا کہ آپ نہیں جانتے کہ آپ نے حارث کے حوالے سے غلط فیصلہ لیا، آپ نے فہیم سے متعلق غلط فیصلہ لیا، مجھے نہیں پتا کہ ان کے سوچنے کا زاویہ کیا تھا۔

☆☆☆☆☆



Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
0853-310203

مجھے شادی کیلئے خون سے خطوط لکھے گئے، 1 لڑکا گھر کے باہر بوتھ پر کھڑا رہتا تھا، امریتا راؤ

7 سال تک ڈیٹنگ کے بعد امریتا راؤ نے 15 مئی 2016 کو ممبئی میں ایک نجی تقریب میں انمول سود سے شادی کی

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ اداکارہ امریتا راو کو 2006 کی فلم ویواہ کی شاندار کامیابی کے بعد شادی کی بے شمار پیشکشیں ملیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق امریتا راو نے حال ہی میں رنویر الہ آبادیہ سے گفتگو میں بتایا ہے کہ وہ کس طرح فلمی دباؤ اور تنہائی کا شکار ہوئیں، حتیٰ کہ شادی سے پہلے وہ شدید جذباتی مشکلات سے گزر رہی تھیں جس کے بعد انہوں نے آر جے انمول سے شادی کی۔ فلم ویواہ کی زبردست کامیابی کے بعد امریتا راو ایک گھریلو خاتون بن کر رہ گئی تھیں، انہیں ان کی سادگی، معصومیت اور آن اسکرین خوبصورتی کے لیے سراہا گیا، تاہم ان کی زندگی ایسے دورا ہے سے بھری ہوئی تھی جس کے باعث انہوں نے خود کو جذباتی طور پر تنہا اور تخلیقی طور پر دبا ہوا محسوس کیا۔ رنویر الہ آبادیہ کے ساتھ گفتگو میں امریتا نے بتایا کہ فلم ویواہ کے بعد میرے لیے این آر آئی رشتے آنے لگے، لوگ فیملی فوٹوز کے ساتھ اپنی کار اور کتے کے پاس کھڑے ہو کر لکھتے کہ مجھ سے شادی کر لو اور یہ صرف ایک یا دو نہیں، بہت سارے تھے، میں ہنستی اور سوچتی کہ یہ کیسے لوگ ہیں، کچھ لوگوں نے خطوط بھی بھیجے، حتیٰ کہ ایک بار مجھے خون سے لکھا ہوا خط بھی ملا جو بہت خوفناک تھا، ایک لڑکا تو میرے گھر کے باہر ٹیلیفون بوتھ پر ہی کھڑا رہتا تھا اور پھر میری والدہ یا والد کو اس کا فون اٹھانا پڑتا، یہ سب کچھ بہت زیادہ ہو گیا تھا۔ امریتا راو نے بتایا کہ میں اپنے شوہر آر جے انمول سے اس وقت ملی جب میں اپنی زندگی کے ایک بہت اہم موڑ پر تھی، اس دوران میں اندرونی جنگ اور کیریئر کے ایک نازک مرحلے سے بھی گزر رہی تھی، کئی سپرہٹ فلموں کا حصہ ہونے اور ناظرین سے حقیقی تعریف حاصل کرنے کے باوجود میں تخلیقی طور پر جمود کا شکار ہو گئی تھی، میں جو فلمیں میں کرنا چاہتی تھی وہ مجھے مل نہیں رہی تھیں، بڑی آفرز آتیں مگر لوگ میری حوصلہ شکنی کرنے کے لیے طرح طرح کی باتیں کہتے تھے اور میں سوچتی کہ میرے پاس ہمیشہ اس طرح کی خامی والی آفرز ہی کیوں آتی ہیں؟ اس دوران میں نہ پارٹیز میں جانا چاہتی تھی، نہ ایوارڈ شوز میں اور نہ کہیں اور دکھائی دینا چاہتی تھی، بس کام کرتی اور گھر آتی تھی، میں بہت اکیلا پن محسوس کرتی تھی۔ 7 سال تک ڈیٹنگ کے بعد امریتا راؤ نے 15 مئی 2016 کو ممبئی میں ایک نجی تقریب میں انمول سود سے شادی کی، اس جوڑے نے یکم نومبر 2020 کو اپنے بیٹے ویر کا استقبال کیا۔ 2019 کی فلم ٹھاکرے سے مین اسٹریم سینما سے وقفے کے بعد امریتا راو کی فلم جولی ایل ایل بی 3 کے ساتھ قابلِ ذکر واپسی ہوئی ہے، جو اس فرنچائز کی تیسری قسط ہے۔ امریتا نے 2013 کی اس سلسلے کی پہلی فلم جولی ایل ایل بی کی طرح ارشد وارثی کی بیوی سندھیا کا کردار دوبارہ اس نئی فلم میں نبھایا ہے۔

دعا لیپا نے فلسطین مخالف موقف پر ایجنٹ کو فارغ کردیا

ایجنٹ ڈیوڈ لیوی میوزک انڈسٹری کی ان چند شخصیات میں شامل تھے

لندن (شوبز نیوز) معروف برطانوی پاپ گلوکارہ دعا لیپا نے فلسطین مخالف موقف پر اپنے دیرینہ ایجنٹ کو برطرف کر دیا۔ ایجنٹ نے حال ہی میں ایک خط پر دستخط کیے تھے جس میں آئرلینڈ کے پرو فلسطینی ریپ گروپ نی کیپ (Kneecap) کو گلاسٹن بری میوزک فیسٹیول سے ہٹانے کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ برطانوی اخبار میل آن سنڈے کے مطابق ایجنٹ ڈیوڈ لیوی میوزک انڈسٹری کی ان چند شخصیات میں شامل تھے جنہوں نے فیسٹیول کے بانی مائیکل ایوس کو یہ خط بھیجا تھا، تاہم یہ خط بعد میں لیک ہو گیا اور کئی فنکاروں نے اس کی مذمت کی، جس کے باوجود گروپ نی کیپ نے حسب پروگرام پرفارم کیا۔ اخبار نے ایک انڈسٹری ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ دعا لیپا نے اپنے ایجنٹ کو اس لیے فارغ کیا کیونکہ ان کا فلسطین سے متعلق موقف، ایجنٹ کی سوچ سے مطابقت نہیں رکھتا تھا۔ ذرائع کے مطابق وہ سمجھتی ہیں کہ ایجنٹ اسرائیل کی غزہ میں جنگ اور فلسطینیوں کے ساتھ روا رکھے گئے سلوک کے حامی ہیں اور یہ بات اس خط سے بالکل واضح ہو گئی تھی جس پر انہوں نے دستخط کیے۔

☆☆☆☆☆☆

ٹک ٹاکر سحر حیات اور سمیع رشید کی راہیں جدا، طلاق کی تصدیق کردی

ایرہ کے والد رہیں گے، قانون کے مطابق فیصلے ہوں گے، سحر حیات

ٹک ٹاکر اور سوشل میڈیا انفلوئنسر سحر حیات نے حال ہی میں انسٹاگرام پر سوال و جواب کے سیشن میں اپنی ذاتی زندگی سے متعلق اہم بیان دیا ہے۔ ایک مداح کی جانب سے انسٹاگرام پر سوال جواب کے سیشن کے دوران طلاق سے متعلق سوال پر سحر نے کہا کہ وہ اور ان کے سابق شوہر سمیع رشید اب ایک ساتھ نہیں ہیں، تاہم انہوں نے واضح کیا کہ ان کی بیٹی ایرہ کے والد وہی رہیں گے اور اس بارے میں کسی قسم کا شبہ نہیں ہونا چاہیے۔ سحر حیات نے مزید کہا کہ وہ اپنی بیٹی کو سکھائیں گی کہ والد اور والدہ دونوں کا احترام کرے۔ ٹک ٹاکر نے زور دیا کہ ایرہ کی اپنے والد سے ملاقات سے متعلق کسی کو نہیں روکا گیا، اور نہ ہی وہ کسی کو روکنے کا اختیار رکھتی ہیں۔ ٹک ٹاکر کے مطابق ایسے معاملات کا فیصلہ ذاتی خواہشات پر نہیں بلکہ پاکستان کے قانون کے مطابق ہونا چاہیے۔ انہوں نے مداحوں سے گزارش کی کہ اس ذاتی معاملے کو مزید زیر بحث نہ لایا جائے اور ان کی پرائیویسی کا خیال رکھا جائے کیونکہ سب کو ملکی قوانین کا علم ہے اور انہیں امید ہے کہ آئندہ اس موضوع پر بات نہیں کی جائے گی۔ یاد رہے کہ ٹک ٹاکر سحر حیات اور سمیع رشید نے دسمبر 2022 میں شادی کی تھی ان کی ایک بیٹی بھی ہے جو اب سحر کیساتھ رہتی ہے۔ کچھ ماہ قبل اس جوڑی کی طلاق کی افواہیں سامنے آئی تھیں جس کی سمیع رشید نے تردید کردی تھی تاہم اب سحر حیات نے طلاق کی باضابطہ تصدیق کردی ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

پنجابی کڑیاں کے ٹپوں نے دھوم مچادی، اداکارائیں بھی دیوانی ہوگئیں

اداکارہ مہر بانو، ماہا حسن، سرہا اصغر اور صباحت سرہندی نے پنجابی کڑیاں کے ٹپے پر ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر اپ لوڈ کی

لاہور (این این آئی) نجی ٹی وی چینل کے شو پنجابی کڑیاں نے مداحوں کے دل جیت لیے ہیں، اداکارہ مہر بانو، ماہا حسن، سرہا اصغر اور صباحت سرہندی نے پنجابی کڑیاں کے ٹپے پر ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر اپ لوڈ کی جو دیکھتے ہی دیکھتے وائرل ہوگئی۔ سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے اس ویڈیو کو بے حد پسند کیا جارہا ہے اور تبصرے بھی کیے جارہے ہیں۔ پنجابی کڑیاں اس سے قبل بھی اپنے منفرد ٹپوں کی وجہ سے وائرل ہو چکا ہے، شو کے مداحوں کا کہنا ہے کہ یہ مقامی کلچر اور مزاح کا حسین امتزاج پیش کرتا ہے جسے بھرپور پذیرائی مل رہی ہے۔ اداکارہ مہر بانو، ماہا حسن، سرہا اصغر اور صباحت سرہندی نے ڈرامے کی شوٹنگ کے دوران اکھٹے ہوکر مینوں ملیاسی تیرا لیٹر، ساڈے نال وعدے کرکے، ہن کہنا ایں یوڈیز روبیٹر ٹپے پر لپسنگ اور رقص کیا جو کہ صارفین کی جانب سے بے حد پسند کیا جارہا ہے، یہ ٹپہ پنجابی کڑیاں کی چھنکو منکو اور اسما عباس کی جانب سیگایا گیا ہے۔ یہ ٹپہ پنجابی کڑیاں کی چھنکو منکو اور اسما عباس کی جانب سیگایا گیا ہے۔

اطالوی اداکارہ کلاڈیا کارڈینیل 87 سال کی عمر میں چل بسیں

کلاڈیا کارڈینیل اپریل 1938 میں تیونس میں پیدا ہوئی تھیں جہاں انہوں نے 16 سال کی عمر میں ایک مقابلہ حسن بھی جیتا تھا

لندن (این این آئی) اطالوی اداکارہ کلاڈیا کارڈینیل 87 سال کی عمر میں چل بسیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ان کا کیریئر 60 سال سے زائد عرصے پر محیط تھا۔ انہوں نے کیریئر کے شروع سے ہی شہرت حاصل کرلی تھی۔ اداکارہ کی موت فرانس میں ہوئی جہاں ان کے بچے بھی موجود تھے۔ انہوں نے مقامی اور ہالی ووڈ کی بھی کئی فلموں میں کام کیا، انہیں 2002 میں برلن فلم فیسٹیول میں لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ بھی دیا گیا تھا۔ کلاڈیا کارڈینیل اپریل 1938 میں تیونس میں پیدا ہوئی تھیں جہاں انہوں نے 16 سال کی عمر میں ایک مقابلہ حسن بھی جیتا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اداکارہ کی کم عمری کی یہ کامیابی ان کے لیے وینس فلم فیسٹیول کا ٹکٹ ثابت ہوئی جہاں کئی ہدایت کاروں اور پروڈیوسرز نے فلم میں شامل ہونے کے لیے ان سے رابطہ کیا تھا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق کلاڈیا کارڈینیل کا ابتدائی کیریئر چیلنجز سے بھرپور تھا، انہیں کم عمری میں زیادتی کا نشانہ بنایا گیا تھا جس کے بعد انہوں نے لندن میں خفیہ طور پر ایک بیٹے کو جنم دیا تھا۔ بعدازاں اپنے بیٹے کو وہ طویل وقت تک لوگوں کے سامنے اپنے چھوٹے بھائی کے طور پر متعارف کراتی تھیں۔

☆☆☆☆☆☆☆

بچے کو انگریزی اور پنجابی دونوں برابر سکھانا، اکشے کی کترینہ اور وکی سے فرمائش

جوڑے نے 2021 میں راجستھان میں شادی کی تھی، مداح تب سے اس نئے باب کا بے صبری سے انتظار کر رہے تھے

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ سینئر اداکار اکشے کمار اور کترینہ کیف کے درمیان بہت قریبی رشتہ ہے اور جیسے ہی کترینہ نے اپنے امید سے ہونے کی خوشخبری سنائی، اکشے نے والدین بننے والے جوڑے کے لیے خوبصورت پیغام دیا۔ اکشے کمار نے سوشل میڈیا پر کترینہ کے اعلان پر تبصرہ کرتے ہوئے جوڑے کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور ساتھ ہی ایک مزاحیہ فرمائش بھی کر دی۔ اکشے نے کترینہ کی پوسٹ پر ردِعمل دیتے ہوئے لکھا، کترینہ اور وکی، میں تم دونوں کے لیے بہت خوش ہوں۔ میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ تم بہترین والدین بنو گے۔ بس بچے کو انگریزی اور پنجابی دونوں برابر سکھانا، ڈھیروں محبت اور دعائیں۔ کئی مہینوں کی قیاس آرائیوں کے بعد کترینہ اور وکی کوشل نے آخرکار انسٹاگرام پر اپنے پہلے بچے کی امید کا اعلان کر دیا۔ جوڑی نے ایک مشترکہ پوسٹ میں لکھا کہ ہماری زندگی کے سب سے خوبصورت باب کی شروعات کی جانب، دل خوشی اور شکرگزاری سے لبریز ہے۔ انہوں نے ایک پولرائیڈ تصویر بھی شیئر کی، جس میں کترینہ کو وکی محبت بھری نظروں سے دیکھ رہے ہیں۔ مشہور شخصیات جیسے سدھانت چترویدی، آیوشمان کھرانہ، ریا کپور، زویا اختر، کرینہ کپور، پرینیتی چوپڑا، نہا دھوپیا، سنی کوشل اور دیگر کئی اداکاروں نے جوڑے کو دلی مبارکباد دی۔ جب سے اس جوڑے نے 2021 میں راجستھان میں شادی کی تھی، مداح تب سے اس نئے باب کا بے صبری سے انتظار کر رہے تھے۔

33 سال کا انتظار ختم، شاہ رخ خان نے بالآخر پہلا نیشنل فلم ایوارڈ حاصل کرلیا

شاہ رخ خان نے فلم جوان میں ڈبل رول کیا تھا اور وہ فلم میں 7 مختلف روپ بدلتے نظر آئے تھے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے کنگ شاہ رخ خان کا انتظار ختم ہوا اور بالآخر انہوں نے اپنے 33 سالہ فلمی کیریئر میں پہلا نیشنل فلم ایوارڈ حاصل کرلیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق 71 ویں نیشنل فلم ایوارڈز کی تقریب نئی دہلی میں منعقد ہوئی جہاں بھارتی صدر دروپدی مرمو نے فاتحین کو ایوارڈ پیش کیے۔ شاہ رخ خان نے سن 2023 میں ریلیز ہونے والی فلم ''جوان'' کیلئے بہترین اداکار کا نیشنل فلم ایوارڈ حاصل کیا۔ یہ ان کے 33 سالہ فلمی کیریئر میں پہلا نیشنل فلم ایوارڈ ہے۔ اس کے علاوہ 2023 میں ہی ریلیز ہونے والی فلم ''12th فیل'' میں جاندار اداکاری کرنے والے وکرانت میسی کو بھی شاہ رخ کے ساتھ مشترکہ طور پر بہترین اداکار کا نیشنل ایوارڈ دیا گیا۔ اداکارہ رانی مکھرجی کو فلم 'Mrs Chatterjee vs Norway' میں شاندار اداکاری پر بہترین اداکارہ کا نیشنل ایوارڈ ملا۔ واضح رہے کہ شاہ رخ خان، جنہیں دنیا بھر میں ''کنگ آف بالی وڈ'' کے طور پر جانا جاتا ہے نے 1992 میں فلم ''دیوانا'' سے اپنے فلمی سفر کا آغاز کیا تھا۔ انہوں نے اپنے فلمی کیریئر میں ''دل والے دلہنیا لے جائیں گے''، ''چک دے! انڈیا''، ''کچھ کچھ ہوتا ہے''، جیسی کئی مشہور فلموں میں اپنی شاندار اداکاری سے مداحوں کے دلوں پر راج کیا۔ شاہ رخ خان نے 33 سالہ فلمی کیریئر میں کئی بڑے ایوارڈز بھی جیتے بلکہ انہیں دوسرے ملکوں کی جانب سے بھی کئی بین الاقوامی اعزازات سے نوازا گیا لیکن وہ ایک بار بھی بھارت کے نیشنل ایوارڈ کو جیتنے میں کامیاب نہیں ہوئے تھے۔ تاہم اب شاہ رخ خان کا یہ خواب بالآخر پورا ہو گیا ہے اور انہوں نے فلم جوان کیلئے نیشنل ایوارڈ جیتا۔ شاہ رخ خان نے فلم جوان میں ڈبل رول کیا تھا اور وہ فلم میں 7 مختلف روپ بدلتے نظر آئے تھے۔ واضح رہے کہ بھارت کے 71 ویں نیشنل فلم ایوارڈز کے فاتحین کا اعلان یکم اگست کو کیا گیا تھا۔

بقیہ نمبر 1

نے 21 ستمبر سے شعبان میں کلیئرنس آپریشن شروع کیا، کارروائی کے دوران فورسز نے دہشتگردوں کے متعدد ٹھکانوں کو موثر انداز میں نشانہ بنایا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد اب تک 13 بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشتگرد ہلاک ہوچکے ہیں، جبکہ کلیئر کیے گئے ٹھکانوں سے بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد بھی برآمد کیا گیا۔ دوسری جانب 22 اور 23 ستمبر کو ضلع کیچ اور ضلع کوئٹہ ویسٹ میں بھی سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر پیشگی کارروائیاں کیں۔ کارروائیوں کے دوران شدید فائرنگ کے تبادلے میں مزید 6 دہشتگرد ہلاک ہوئے جبکہ ان کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فائرنگ کے تبادلے میں 39 سالہ صوبیدار محمد جمیل بھی شہید ہوگئے، شہید صوبیدار محمد جمیل ضلع ڈیرہ غازی خان کے علاقے تونسہ شریف کے رہائشی تھے۔ آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ نیشنل ایکشن پلان پر وفاقی ایپکس کمیٹی کی منظوری سے عزمِ استحکام کے تحت جاری انسداد دہشتگردی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے غیر ملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشتگردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ نمبر 2

دوران بیرونی قرضوں اور مالی معاونت میں 23 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اقتصادی امور ڈویژن کی رپورٹ کے مطابق رواں مالی سال جولائی سے اگست کے دوران پاکستان نے ایک ارب 70 کروڑ ڈالر کی بیرونی مالی معاونت حاصل کی، جبکہ گزشتہ مالی سال کے اسی عرصے میں ایک ارب 37 کروڑ ڈالر کی بیرونی معاونت ملی تھی۔ رپورٹ کے مطابق پہلے 2 ماہ کے دوران حاصل کردہ بیرونی قرض 476 ارب روپے کے مساوی رہا، جبکہ گزشتہ مالی سال جولائی تا اگست کے دوران 391 ارب روپے کے مساوی بیرونی قرض حاصل کیا گیا تھا۔ اقتصادی امور ڈویژن کے مطابق جولائی تا اگست مختلف منصوبوں کیلئے 48 کروڑ 45 لاکھ ڈالر کا قرض حاصل کیا گیا، جبکہ نان پراجیکٹ مد میں ایک ارب 21 کروڑ ڈالر کی بیرونی مالی معاونت ملی۔ رپورٹ کے مطابق عالمی مالیاتی اداروں نے اس عرصے میں 59 کروڑ ڈالر سے زائد کا قرض فراہم کیا، جس میں اسلامی ترقیاتی بینک نے 19 کروڑ 12 لاکھ ڈالر، عالمی بینک نے 23 کروڑ 84 لاکھ ڈالر اور ایشیائی ترقیاتی بینک نے 9 کروڑ 57 لاکھ ڈالر فراہم کیے۔ اقتصادی امور ڈویژن کے مطابق مختلف ممالک کی جانب سے پاکستان کو 3 کروڑ 52 لاکھ ڈالر کی مالی معاونت فراہم کی گئی، جس میں جرمنی کے ایک کروڑ 28 لاکھ ڈالر اور سعودی عرب کے 89 لاکھ ڈالر شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق نیا پاکستان سرٹیفکیٹ کی مد میں 62 کروڑ 97 لاکھ ڈالر کا قرض حاصل کیا گیا، جبکہ غیر ملکی کمرشل بینکوں سے 30 کروڑ ڈالر قرض لیا گیا۔

بقیہ نمبر 3

مذاکرات کے دوسرے روز قطر کی ثالثی میں پیغامات کا ایک اور تبادلہ ہوا ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی کے مطابق امریکا اور ایران کے درمیان پیغامات کا تبادلہ تقریباً دو گھنٹے جاری رہا۔ اسماعیل بقائی نے کہا کہ ایران نے سفارت کاری کی بحالی کے لیے اپنی شرائط واضح طور پر امریکا تک پہنچا دی ہیں۔ ایرانی وزارت خارجہ کے مطابق ایران کی شرائط میں آبنائے ہرمز میں محفوظ بحری راستے کو تسلیم کرنا بھی شامل ہے، جبکہ امریکی جارحانہ کارروائیوں اور بحری ناکہ بندی کو فوری طور پر ختم کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ ایرانی حکام کے مطابق جنگ کا خاتمہ اور ایران کے منجمد اثاثوں کی رہائی بھی سفارت کاری کی بحالی کے لیے تہران کی اہم شرائط میں شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 4

موجودہ نظام اور طریقہ کار پر جامع نظرثانی کا فیصلہ کرلیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزیراعظم نے سول ایوارڈز کے طریقہ کار کا جائزہ لینے کے لیے 16 رکنی کمیٹی تشکیل دے دی جس کا کابینہ ڈویژن نے باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق نامور قانون دان اور سابق بیوروکریٹ ناصر محمود کھوسہ کو کمیٹی کا کنوینر مقرر کیا گیا ہے جب کہ چیئرمین واپڈا کمیٹی کے شریک کنوینر ہوں گے، سیکرٹری کابینہ ڈویژن کمیٹی کے سیکرٹری کے فرائض انجام دیں گے۔ کمیٹی میں سیکرٹری پارلیمانی امور، سیکرٹری تجارت اور چیئرمین ایف بی آر بھی شامل ہیں، اس کے علاوہ مشتاق احمد سکھیرا، چاروں صوبوں، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے چیف سیکرٹریز کو بھی کمیٹی کا رکن مقرر کیا گیا ہے۔ دوسری جانب وزارت دفاع کے نمائندے کے علاوہ سابق سفارت کار سائرس سجاد قاضی اور معروف فنکار جمال شاہ بھی کمیٹی کے ارکان میں شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 5

یتے ہوئے دشمن کی توپیں خاموش کرادیں، جبکہ مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی کے دوران 9 خوارج دہشت گرد مارے گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق بدھ کی صبح افغان طالبان رجیم کی جانب سے 8 ڈرونز پاکستان کی فضائی حدود میں داخل ہوئے، جنہیں افواج پاکستان کے ایئر ڈیفنس سسٹم نے مار گرایا۔ ذرائع کے مطابق 4 ڈرونز طورخم بارڈر سے ملحقہ علاقوں میں گرائے گئے۔ سیکیورٹی ذرائع نے کہا کہ یہ دراندازی افغان طالبان رجیم کی دہشت گردوں کی براہِ راست معاونت اور سرپرستی کا ثبوت ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ رات افواجِ پاکستان نے کرم سیکٹر میں افغان طالبان رجیم کے مورچوں اور ٹھکانوں کو بھی تباہ کیا تھا۔ قبل ازیں سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ناکامی کے بعد کرم سیکٹر میں افغان طالبان نے پاکستانی سرحدی چوکیوں پر بلااشتعال فائرنگ کی۔ پاکستان کی سیکیورٹی فورسز نے بھرپور جوابی کارروائی کرتے ہوئے دشمن کی توپیں خاموش کروادیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق افغان صوبے ننگرہار اور پکتیا میں افغان پوسٹوں سے فتنہ الخوارج نے دراندازی کی کوشش کی جنہیں بارڈر پر موجود بہادر جوانوں نے موثر اور منہ توڑ جواب دیا۔ افغان طالبان نے پاکستانی سرحدی چوکیوں کو بھاری ہتھیاروں، مارٹرز اور دیگر اسلحے سے بلااشتعال نشانہ بنایا، سیکیورٹی فورسز نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے افغان طالبان کی متعدد سرحدی پوسٹوں، مارٹر پوزیشنز کو نشانہ بنایا۔ پاکستانی فورسز نے سرحدی علاقوں پر مکمل کنٹرول برقرار رکھتے ہوئے دشمن کی جارحیت کا بھرپور جواب دیا۔ شدید جوابی کارروائی کے نتیجے میں افغان طالبان متعدد پوسٹیں چھوڑ کر فرار ہوگئے۔ دریں اثناء بلوچستان کے ضلع مستونگ کے علاقے کنک وادی میں سیکیورٹی فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے 9 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق دہشت گردوں نے کنک وادی میں سیکیورٹی چوکی پر حملے کی کوشش کی تھی۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے ابتدائی طور پر 2 دہشت گردوں کو ہلاک کیا جبکہ فرار ہونے والے دہشت گردوں کا تعاقب کر کے مزید 7 خوارج کو ہلاک کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے 3 موٹر سائیکلیں، اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ فائرنگ کے تبادلے میں سیکیورٹی فورسز کا ایک جوان زخمی ہوگیا، جسے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ دوسری جانب سیکیورٹی فورسز کی آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کر دی گئیں، سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے تربت میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 2 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ تربت کے علاقے جوسک میں سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر آپریشن کیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فرار ہونے والے دہشت گردوں کا تعاقب اور علاقے میں سرچ آپریشن جاری رہا۔ سیکیورٹی ذرائع نے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں غیر متزلزل عزم کے ساتھ جاری ہیں۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے مستونگ کے علاقے کنک وادی میں کامیاب آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کی ستائش کی ہے، انہوں نے 9 دہشت گردوں کو جہنم رسید کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے والے سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر فخر ہے، سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں قومی سلامتی کے تحفظ کے عزم کی عکاس ہیں، قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے خلاف آپریشنز پوری قوت سے جاری ہیں اور جاری رہیں گے۔ ادھر سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے علاقے دانا سر بائی پاس میں کارروائی کرتے ہوئے خواتین اور بچوں سمیت 103 غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کو حراست میں لے لیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق گرفتار افغان باشندوں کو قانونی کارروائی کیلئے پولیس کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق گرفتار افغانی انسانی اسمگلرز کے ذریعے براستہ پاکستان، ایران اور یورپ جانے کی کوشش کررہے تھے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ایک ہفتے میں زیر حراست غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کی تعداد 129 ہوگئی ہے۔

بقیہ نمبر 6

ہے۔ تمام اقوام اپنی منفرد ثقافتی شناخت کے ساتھ بلوچستان کی اجتماعی پہچان کو مزید مضبوط بناتی ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پشتون برادری نے بلوچستان کی سماجی، ادبی، سیاسی اور معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے، جسے قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ثقافتی ورثے کا تحفظ نئی نسل کو اپنی تاریخ، اقدار اور شناخت سے جوڑنے کا اہم ذریعہ ہے۔ ہماری ذمہ داری ہے کہ اپنی ثقافتوں، زبانوں اور روایات کو محفوظ بنائیں اور انہیں آنے والی نسلوں تک منتقل کریں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بسنے والی تمام اقوام کی ثقافتیں اور زبانیں صوبے کے مشترکہ ثقافتی ورثے کا حصہ ہیں۔ تمام ثقافتوں، زبانوں اور روایات کا احترام اور فروغ ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پشتون کلچر ڈے نہ صرف پشتون ثقافت اور روایات کو اجاگر کرنے کا موقع ہے بلکہ امن، بھائی چارے، باہمی احترام اور رواداری کے فروغ کا بھی پیغام ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتون برادری کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی تمام اقوام باہمی احترام، ہم آہنگی اور بھائی چارے کے ساتھ صوبے کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا کردار جاری رکھیں

بقیہ نمبر 7

قسم کے اجتماع یا اکٹھ کی اجازت نہیں ہے، پیس فل اسمبلی اور پبلک آرڈر ایکٹ 2024 کے تحت بھی شہر میں اجتماعات پر پابندی عائد ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق خلاف ورزی کی صورت میں قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے گی، ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے پر تین سال قید کی سزا ہے، شہریوں سے گزارش ہے کہ کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کا حصہ مت بنیں۔ ضلعی انتظامیہ نے مزید کہا کہ ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے سیکیورٹی اداروں سے تعاون کریں

بقیہ نمبر 8

نیلامی کی رقم پسماندہ علاقوں میں بچوں کی تعلیم پر خرچ ہوگی، ہر مالی سال توشہ خانہ میں موصول تمام تحائف کا تھرڈ پارٹی آڈٹ ہوگا۔ تمام تحائف کھلی عوامی نیلامی میں فروخت ہوں گے، ثقافتی، تاریخی اور سفارتی حساس تحائف نیلام نہیں ہوں گے، نیلامی سال میں 2 بار ترجیحا اور کم ازکم ایک بار ضرور ہوگی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سرکاری عہدیداران اور ان کےخاندان نیلامی میں حصہ نہیں لے سکیں گے، سیٹ کی صورت میں تحائف کو الگ الگ فروخت نہیں کیا جائے گا۔ نیلامی کی براہ راست میڈیا کوریج ہوگی، تحائف سے متعلق فیصلوں کیلئے سیکریٹری کابینہ کی سربراہی میں کمیٹی قائم ہوگی، کمیٹی میں خزانہ، خارجہ، قانون اور ثقافت ڈویژن کے ایڈیشنل سیکریٹریز شامل ہوں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کمیٹی فیصلہ کرے گی کون سے تحائف نیلام اور کون سے تاریخی حیثیت رکھتے ہیں، سفارتی آداب پر تحفہ لینا ناگزیر ہو تو توشہ خانہ میں جمع کرانا ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ملنے والا تحفہ 30 دن کے اندر جمع کرانا لازم ہوگا، بیرون ملک دورے کی صورت میں واپسی کے 30 دن میں تحفہ جمع کرانا ہوگا، الگ جہاز سے آنے والے تحفے کے لیے 60 دن کی مہلت ہوگی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق گریڈ 1 سے 4 کے ملازمین نقد انعام رکھ سکیں گے، مقررہ مدت میں تحفہ جمع نہ کرانے پر عدالت میں شکایت درج ہوگی، تحائف کی مارکیٹ ویلیو ایف بی آر اور نجی تخمینہ کار طے کریں گے۔ دونوں قیمتوں میں 25 فیصد سے زیادہ فرق پر تیسرے تخمینہ کار کی رائے حتمی ہوگی، اے آئی کو بھی حوالہ قیمت کے لیے استعمال کیا جاسکے گا، ہتھیاروں کی قیمت پی او ایف واہ طے کرے گی، تحائف کی حفاظت گریڈ 20 کے افسر کے سپرد ہوگی، توشہ خانہ اسٹور روم میں سی سی ٹی وی اور تالہ بندی لازمی قرار دے دی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تمام تحائف کا ریکارڈ اور تصویر ویب پورٹل پر شائع کی جائے گی، تحفہ دینے والی شخصیت اور ملک کا نام ظاہر نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 9

۔ پنجاب بھر میں دفعہ 144 نافذ کردی گئی جبکہ امن امان کے قیام کو یقینی بنانے کے لیے رینجرز طلب کرلی گئی ہے۔ موٹروے ایم ٹو پر اسلام آباد کے لیے مال بردار اور بڑی گاڑیوں کے داخلے پر پابندی لگادی گئی۔ ایم 14 اور پشاور موٹر وے بھی ٹریفک کے لیے بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پنجاب حکومت نے 27 ستمبر سے موبائل اور انٹرنیٹ سروس سست کرنے کی درخواست بھی کردی ہے۔

بقیہ نمبر 10

نے کیلئے 210 کنٹینرز درکار ہوں گے، جبکہ دو لاکھ سے زائد ریت کی بوریاں بھی منگوالی گئی ہیں۔ پولیس نے ایک لاکھ 10 ہزار آنسو گیس شیل کا انتظام کرلیا ہے، جبکہ آنسو گیس شیل فائر کرنے والی 1300 گنز پہلے سے موجود ہیں اور مزید 500 گنز کا آرڈر دیا گیا ہے۔ کنٹینرز لگانے اور ہٹانے کیلئے اسلام آباد پولیس کے پاس 22 کرینیں بھی دستیاب ہیں۔ پولیس کے مطابق ریڈ زون اور ایکسٹینڈڈ ریڈ زون میں پہلے ہی سیکیورٹی ہائی الرٹ ہے، جبکہ ریڈ زون جانے والے تین راستے سیل کردیئے گئے ہیں۔ لانگ مارچ کے پیش نظر دوسرے صوبوں سے پولیس کی نفری بھی اسلام آباد پہنچ چکی ہے

بقیہ نمبر 11

لیے بھی ایرانی پروازیں ریکارڈ کی گئی ہیں۔ بلومبرگ کے مطابق امریکی پابندیوں کے نفاذ کے چند گھنٹے بعد ایران سے تقریبا 6 پروازیں بنکاک، شنگھائی، کابل اور دیگر مقامات کے لیے روانہ ہوئیں۔ فلائٹ ٹریکنگ ڈیٹا کے مطابق ایرانی ایئرلائنز کی بین الاقوامی سرگرمیاں امریکی پابندیوں کے اعلان کے بعد بھی مکمل طور پر معطل نہیں ہوئیں۔

بقیہ نمبر 12

ملزمان کی گرفتاری اور ہنگامی صورتحال میں نیٹ لانچر موثر ثابت ہوگا، جدید نیٹ لانچر مشکل حالات میں ملزمان کو قابو کرنے میں معاونت فراہم کرے گا۔ اس کے علاوہ لانگ مارچ کے پیش نظر اسلام آباد کو کنٹینرز سے ڈھانپ دیا گیا۔ وفاقی دارالحکومت کے مختلف راستوں پر ایک ہزار سے زائد کنٹینر لگادیے گئے۔ شہر کے اندر بھی ایک ہزار کنٹینر پہنچا دیے گئے ہیں۔ پنجاب بھر میں دفعہ 144 نافذ کردی گئی۔ جب کہ امن امان کے قیام کو یقینی بنانے کے لیے رینجرز طلب کرلی گئی ہے۔ موٹروے ایم ٹو پر اسلام آباد کے لیے مال بردار اور بڑی گاڑیوں کے داخلے پر پابندی لگادی گئی۔ ایم 14 اور پشاور موٹروے بھی ٹریفک کے لیے بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 13

گے۔ سابق اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ گزشتہ روز وفاقی وزیر اطلاعات آئے اور دھمکیاں دے رہے تھے، آپ جس لہجے میں بات کرتے ہیں یاد رکھے وقت ایک جیسا نہیں رہتا

بقیہ نمبر 14

کے مطابق حکومت نے اپوزیشن سے مذاکرات آئینی و قانونی دائرے میں رکھنے کا فیصلہ کرلیا، وزیراعظم کی امریکا سے واپسی کے بعد محمود اچکزئی سے ملاقات متوقع ہے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق وزیراعظم، اپوزیشن لیڈر ملاقات میں صرف چیف الیکشن کمشنر اور دو ارکان کی تقرری پر بات ہوگی۔ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی رہائی کا معاملہ مذاکراتی ایجنڈے میں شامل نہیں ہوگا۔ حکومتی ذرائع کے مطابق عمران خان کی مستقل طور پر نجی اسپتال منتقلی پر بھی بات نہیں کی جائیگی، مذاکرات میں آئینی اور قانونی تقاضوں کو ملحوظ خاطر رکھا جائے گا، وفاق پر چڑھائی کے دباؤ میں عمران خان سے متعلق کسی معاملے پر بات چیت ممکن نہیں۔ واضح رہے کہ پاکستان تحریک انصاف اور حکومت کے درمیان جاری شدید سیاسی کشیدگی کے ماحول میں مذاکرات کی ایک بار پھر بات سامنے آگئی ہے۔ پی ٹی آئی کی جانب سے سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجا ناصر عباس نے حکومت کو کھلے الفاظ میں مذاکرات کی پیشکش کی ہے، جبکہ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے بھی وفاقی سطح پر متعلقہ حلقوں سے رابطوں کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ صورتحال کو مزید بگڑنے سے روکنے کے لیے کشیدگی کم کرنا ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 15

نے کہا کہ ہر دوسرے دن وفاق پر حملے کی تیاری شروع کردی جاتی ہے، پی ٹی آئی کو خیبرپختونخوا کا بھی 13 سال کا حساب دینا ہوگا۔ وزیردفاع نے سومنات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ سومنات پر 17 حملے ہوئے تھے، گنتی کرلیں کتنے ہوگئے، کتنے باقی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ بتاتی ہے سومنات پر بار بار حملے کیوں ہوتے تھے لیکن اسلام آباد سومنات نہیں، سوچ سمجھ کر آنا، کچھ لے کر نہیں بلکہ دے کر جاؤگے۔ یاد رہے کہ رہنما پاکستان تحریک انصاف جنید اکبر نے 27 ستمبر کے لانگ مارچ کے دوران اسلام آباد کو سومنات بنانے کی دھمکی دی تھی۔

بقیہ نمبر 16

زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت جامع پلانز پر کام کرنے کا فیصلہ کیا گیا اجلاس میں سیکورٹی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے مئوثر اقدامات کرنے آرسی ڈی ہائیوے وکوسٹل ہائیوے پر مسافر بسوں کے ذریعے ڈیزل و نان کسٹم پیڈ اشیاء کی غیر قانونی اسمگلنگ کی روک تھام چیک پوسٹوں کی کارکردگی ٹیکنیکل سرویلنس کے ذریعے شاہراہوں کو محفوظ بنانے کا فیصلہ کیا گیا کمشنر لسبیلہ ڈویژن کو اجلاس میں ایس پی حب مرزا بلال حسن ایف سی 147 ونگ کے میجر یحییٰ اور پاکستان کوسٹ گارڈ کے افسر ڈائریکٹر ایکسائز سہیل احمد سمیت دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے حکام نے انسداد منشیات وانسداد اسمگلنگ کے حوالے سے اپنی محکمانہ کارکردگی سے کمشنر کو بریفنگ دی کمشنر کے زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں ضلعی انتظامیہ کے ماتحت تمام اداروں کیمابین مئوثر کوآرڈینیشن میکنا زم کا فیصلہ کیا گیا کمشنر لسبیلہ نے سیکورٹی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے لوکل کمیونٹی کی معاونت سے سیکورٹی ایس او پیز پر عملدر آمد کرانے اور انسداد اسمگلنگ کے حوالے سے سیکورٹی آپریشنز کیٹیگرائز ڈ کرنے پر مشاورت کی گئی کمشنر لسبیلہ سائرہ عطاء نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسمگلنگ کی روک تھام اور اسنیپ چیکنگ کیلئے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی تربیت اور ریسورسز استعمال کرنے کی ضرورت ہے سیکیورٹی چیک پوسٹوں پر تعینات عملہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں نبھاتے وقت لوگوں کیساتھ ایسا رویہ اپنائیں کہ لوگ انہیں دشمن نہیں محافظ سمجھیں کمشنر نے کہا کہ سیکورٹی کو بہتر بنانے اداروں کی ذمہ داری ہوتی ہے تاہم چیک پوسٹوں پر تعینات عملے کو لوگوں کا اعتماد حاصل کرنے کیساتھ سیکورٹی تھریٹس کو بھی روکنا ہوگا اداروں اور عوام کے مابین اعتماد سازی کے لئے ایسا ماحول پیدا کرنے کی ضرورت ہے کہ لوگ چیک پوسٹوں پر تعینات عملے کو اپنا محافظ سمجھیں کمشنر نے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کو اپنے رویوں سے اسٹیٹ کا ایسا مثبت امیج ثابت کرنا ہے کہ لوگ انہیں اپنا مددگار سمجھیں کمشنر نے کہا کہ سیکورٹی چیکنگ کیلئے اداروں کو ایسا میکانزم بنانے کی ضرورت ہے کہ پبلک ٹرانسپورٹ کو باربار چیکنگ کرنے کی ضرورت نہ پڑے سیکورٹی اداروں کو ڈیجیٹلائزیشن کیجانب بڑھنا ہوگا کمشنر نے کہا کہ واٹرٹینکرز سے رشوت لیکر انہیں کراچی پار کروانیکی شکایات پر متعلقہ ذمہ داران سے بازپرسی کیجائیگی کمشنر کی زیر صدارت سیکورٹی میٹنگ میں فیصلہ کیا گیا کہ نیشنل ایکشن پلان کے سیکورٹی میکانزم کے تحت کام کرنے والے تمام اداروں کیمابین کمیونکیشن کوآرڈینیشن کو منظم اور وسیع بنانے پر غور وغوض کیا گیا کمشنر نے انسداد اسمگلنگ کے حوالے سے منعقدہ اجلاس میں گڈانی کسٹم کلکٹریٹ کے افسران کی غیر حاضری پر متعلقہ ذمہ داران کیخلاف مجاز اتھارٹی کو لیٹر لکھنے کے احکامات جاری کیں

بقیہ نمبر 17

تصادم ہوا جس کے نتیجے میں عمر فاروق نامی شخص زخمی ہوگیا جس سے علاج معالجے کے لیئے سول ہسپتال حب منتقل کردیا گیا جہاں ابتدائی طبی امداد دینے کے مذید علاج کے لیئے کراچی منتقل کردیا گیا جبکہ پولیس نے واقعہ کے حوالے سے مذید تحقیقات شروع کردی

بقیہ نمبر 18

دوران متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے منشیات، غیر قانونی اسلحہ اور مسروقہ و چھینی گئی گاڑیاں و موٹر سائیکلیں برآمد کی ہیں ایس پی حب نے مزید بتایا کہ RCD ہائی وے، صنعتی علاقوں، اہم شاہراہوں اور حساس مقامات پر پولیس گشت اور چیکنگ کو موثر بنایا گیا ہے، جبکہ داخلی و خارجی راستوں پر اسنیپ چیکنگ اور مشکوک گاڑیوں و افراد کی نگرانی کی جا رہی ہے۔ ضلع میں منشیات اور دیگر غیر قانونی اشیاء کی نقل و حمل کی روک تھام کے لیے ایف سی، کوسٹ گارڈز، ایکسائز، اے این ایف اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مؤثر کوآرڈینیشن کے تحت اقدامات کیے جا رہے ہیں انہوں نے مزید بتایا کہ پولیس کی جانب سے جدید ٹیکنالوجی، CCTV کیمروں، مشکوک افراد کی نگرانی اور انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں کو مزید مؤثر بنایا جارہا ہے، جبکہ عوام کے جان و مال کے تحفظ اور شاہراہوں کو محفوظ بنانے کے لیے پولیس نفری کو الرٹ رکھا گیا ہے

بقیہ نمبر 19

سلام آباد پہنچے گا، سٹال لگے ہوں گے، میلے کا سماں ہوگا۔

بقیہ نمبر 20

پر مکمل پابندی عائد کی گئی ہے جبکہ عوامی مقامات پر ہر قسم کے ہتھیار لے جانے اور ان کی نمائش پر بھی پابندی ہو گی۔ غیر قانونی اجتماعات میں لوگوں کو شرکت کیلئے اکسانے یا ترغیب دینے پر بھی پابندی عائد کی گئی ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے بتایا کہ دفعہ 144 کے تحت عائد پابندیوں کا اطلاق شادی کی تقریبات، نماز جنازہ، تدفین، مساجد اور دیگر عبادت گاہوں پر نہیں ہو گا۔ عدالتیں، حکومتی ادارے اور باضابطہ اجازت سے ہونے والی تقریبات بھی پابندی سے مستثنیٰ ہوں گی جبکہ ڈیوٹی پر تعینات قانون نافذ کرنے والے اداروں، انٹیلیجنس ایجنسیوں اور سیکورٹی اہلکاروں پر ان پابندیوں کا اطلاق نہیں ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں اور انٹیلیجنس ایجنسیوں کی جانب سے فوری نوعیت کے خطرات کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ انٹیلیجنس رپورٹس کے مطابق دہشت گرد تنظیمیں عوامی اجتماعات کو ٹارگٹ کرنے کی منصوبہ بندی کر رہی ہیں جس کے باعث اجتماعات، ریلیاں، جلسے، دھرنے، جلوس اور مظاہرے دہشت گرد حملوں کا ممکنہ آسان ہدف بن سکتے ہیں۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ممکنہ دہشت گردی کے خطرات سے نمٹنے کیلئے فوری حفاظتی اقدامات میں معاونت کی درخواست کی ہے۔ اسی تناظر میں سیکرٹری داخلہ نے ضابطہ فوجداری 1898 کی دفعہ (6) 144 کے تحت عوامی اجتماعات پر فوری پابندی عائد کی ہے۔ ترجمان نے واضح کیا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے دفعہ 144 کے فوری نفاذ کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے

بقیہ نمبر 21

کردیا گیا ہے اور بعض اراکین اسمبلی سے سیکورٹی واپس لے لی گئی ہے۔ خیبر پختونخوا اسمبلی کے ارکان اسمبلی نے سیکورٹی کے معاملے پر آئی جی پولیس اور محکمہ داخلہ کو مراسلے میں کہا ہے کہ ارکان اسمبلی استحقاق ایکٹ کے تحت کیٹیگری-B سیکورٹی کے حق دار ہیں۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ ارکان اسمبلی سے سیکورٹی واپس لینے پر تشویش ہے جبکہ ارکان اسمبلی سے سیکورٹی واپس لینا قانون کی خلاف ورزی ہے۔

بقیہ نمبر 22

پشتون ثقافت اپنی قدامت، روایات کی مضبوطی اور سماجی اقدار کے حوالے سے ایک منفرد مقام رکھتی ہے۔ پشتون معاشرے میں مہمان نوازی، سخاوت، بہادری، عزت واحترام، باہمی تعاون اور رواداری جیسی اقدار کو ہمیشہ اہمیت حاصل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ثقافت کسی بھی قوم کی شناخت کا بنیادی حوالہ ہوتی ہے۔ کسی قوم کی زبان، لباس، رہن سہن، موسیقی، ادب، لوک داستانیں، روایتی اقدار اور تاریخی ورثہ اس کے تہذیبی سفر کی عکاسی کرتے ہیں۔ اس لیے ثقافتی دن محض جشن منانے کا ذریعہ نہیں بلکہ اپنی تاریخ اور تہذیبی ورثے کو یاد کرنے، نئی نسل کو اس سے روشناس کرانے اور اپنی ثقافتی شناخت کے تحفظ کے عزم کی تجدید کا موقع بھی فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پشتون نوجوانوں کا اپنی زبان، ادب، تاریخ اور ثقافت سے جڑے رہنا انتہائی اہم ہے۔ جدید دور میں دنیا تیزی سے تبدیل ہو رہی ہے اور نئی نسل مختلف عالمی ثقافتوں سے متاثر ہو رہی ہے، ایسے میں اپنی بنیادی ثقافتی شناخت اور تاریخی شعور کو برقرار رکھنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید تعلیم اور ترقی کے ساتھ اپنی مادری زبان اور ثقافتی اقدار کا تحفظ بھی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی شناخت کسی ایک قوم یا ثقافت تک محدود نہیں بلکہ یہاں صدیوں سے آباد مختلف اقوام کی مشترکہ تاریخ، روایات اور ثقافتوں سے تشکیل پاتی ہے۔ بلوچ، پشتون، براہوی، ہزارہ اور دیگر برادریاں بلوچستان کے سماجی اور ثقافتی منظرنامے کا اہم حصہ ہیں۔ ان تمام اقوام کی زبانیں، روایات اور ثقافتی اقدار صوبے کے اجتماعی تہذیبی ورثے کو مالا مال کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مختلف ثقافتوں کے درمیان باہمی احترام، برداشت اور رواداری ایک پرامن معاشرے کی بنیاد ہے۔ ثقافتی تنوع کو تقسیم کے بجائے اتحاد اور بھائی چارے کا ذریعہ بنانا چاہیے۔ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ مختلف ثقافتوں اور روایات کے احترام کی روایت کو برقرار رکھا ہے اور یہی رویہ صوبے میں سماجی ہم آہنگی کو مزید مضبوط بنا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون کلچر ڈے کے موقع پر ہمیں یہ عہد کرنا چاہیے کہ اپنی ثقافتی روایات، زبانوں اور تاریخی ورثے کے تحفظ کے ساتھ ساتھ دوسری اقوام کی ثقافتوں کا بھی احترام کریں گے۔ ایک دوسرے کی ثقافت کو سمجھنے اور اس کا احترام کرنے سے معاشرے میں نفرت اور فاصلے کم ہوتے ہیں جبکہ بھائی چارے اور اتحاد کو فروغ ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ثقافتی دولت کو محفوظ بنانے کے لیے ادیبوں، دانشوروں، فنکاروں، طلبہ اور نوجوانوں کو مواقع فراہم کرنا ضروری ہے۔ تعلیمی اداروں، ثقافتی تنظیموں اور سول سوسائٹی کو چاہیے کہ وہ مختلف اقوام کی زبان، ادب، موسیقی، لوک فنون اور تاریخی روایات کے فروغ کے لیے مثبت کردار ادا کریں تاکہ یہ قیمتی ورثہ آنے والی نسلوں تک منتقل ہوسکے۔ میر رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ پشتون قوم نے ادب، سیاست، سماجی خدمت، تعلیم اور مختلف شعبہ ہائے زندگی میں اہم کردار ادا کیا ہے ان کی ثقافتی روایات نہ صرف پشتون معاشرے کی شناخت ہیں بلکہ بلوچستان کے وسیع تر ثقافتی ورثے کا بھی اہم حصہ ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ پشتون قوم اپنی شاندار ثقافتی روایات، زبان، ادب اور تہذیبی اقدار کو آگے بڑھانے کے ساتھ بلوچستان میں آباد تمام اقوام کے درمیان محبت، بھائی چارے، رواداری اور باہمی احترام کے فروغ کے لیے اپنا مثبت کردار جاری رکھے گی میر رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ صوبے کا حقیقی حسن اس کے ثقافتی تنوع، مختلف اقوام کے باہمی احترام اور مشترکہ روایات میں پوشیدہ ہے۔ بلوچستان میں بسنے والی تمام اقوام امن، ترقی، خوشحالی اور باہمی ہم آہنگی کی خواہاں ہیں اور یہی مشترکہ اقدار صوبے کے روشن مستقبل کی بنیاد بن سکتی ہیں۔

بقیہ نمبر 23

ناقابل قبول قرار دے دیا۔ آٹھ ممالک نے سمندری راستوں میں رکاوٹ کی مذمت میں مشترکہ بیان جاری کردیا، جنوبی کوریا، آسٹریلیا، فرانس، جرمنی، جاپان، نیوزی لینڈ، پولینڈ اور برطانیہ نے سمندری آمدورفت کے تحفظ پر اتفاق کیا۔ مشترکہ بیان میں کہا گیا کہ آبنائے ہرمز اور باب المندب میں سمندری آمدورفت میں خلل ناقابل قبول ہے۔ بیان کے مطابق طاقت، دھمکی یا غیرقانونی ٹیکس اور شرائط کے ذریعے سمندری راستوں میں رکاوٹ عالمی سلامتی اور خوشحالی کے لیے خطرہ ہے۔

بقیہ نمبر 24

کی ہدایات جاری کیں اور انکی جلد مکمل صحت یابی کی دعا کی۔

بقیہ نمبر 25

سندھ حکومت کے مطابق مصطفیٰ کمال نے گزشتہ روز بھی دعویٰ کیا تھا کہ انہوں نے بطور میئر کراچی شہر پر 350 ارب روپے خرچ کیے، اس لیے اس رقم کے استعمال کا فرانزک آڈٹ ہونا چاہیے۔

بقیہ نمبر 26

ڈیابیل پاسپورٹس کا اجرا ممکن ہوگا، مقررہ تاریخ سے قبل جاری موجودہ پاسپورٹس کی مدت کے اختتام پر تجدید نہیں کی جائے گی۔ جاری سرکلر میں فیصلے سے پاکستان بھر کے پاسپورٹ دفاتر حکام کو آگاہ کر دیا گیا جبکہ بیرونِ ملک پاکستانی مشنز سے متعلقہ عملے کو احکامات پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کی گئی ہے۔ متعلقہ دفاتر کو فیصلے سے متعلق درخواست گزاروں کو آگاہی فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی گئی ہے۔ ای پاسپورٹس سے مسافروں کو تیز امیگریشن کلیئرنس سمیت دیگر سہولیات ممکن ہوں گی۔

بقیہ نمبر 27

پختونخوا سے بھی ہمارے صوبائی اسمبلی کے اراکین کو اغوا کیا جارہا ہے

بقیہ نمبر 28

یب مسافر بس حادثے کا شکار ہوگئی، حادثے میں موٹر سائیکل سوار 2 افراد موقع پر ہی جان کی بازی ہار گئے جبکہ 4 مسافر بھی زخمی ہوئے۔ حکام نے بتایا کہ مسافر بس گدھا گاڑی کو بچانے کی کوشش کے دوران بے قابو ہوگئی اور سامنے آنے والی موٹر سائیکل کو کچلتے ہوئے درخت سے جاٹکرائی۔ عینی شاہدین کے مطابق حادثہ اتنا شدید تھا کہ جس سے اطراف میں خوف وہراس پھیل گیا۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور امدادی کارروائیاں کرتے ہوئے جاں بحق افراد کی لاشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا جہاں زخمیوں کا علاج ومعالجہ کیا جارہا ہے۔

بقیہ نمبر 29

ت اور صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان نے اپنے ایکس پیغام میں ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی کی قیادت کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، تمام سیاسی جماعتیں بات چیت کے ذریعے تمام مسائل کا حل نکالیں، موجودہ حالات میں ملک کسی احتجاج اور انتشار کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کو بھی بات چیت کی طرف آنا چاہیے، فتنہ و فساد کی سرگرمیوں سے ملک دشمن عناصر کو مدد ملے گی، ہر مسئلے کا آخر کار حل مذاکرات کی میز پر ہی نکلتا ہے، تحریک انصاف بھی احتجاج کی کال واپس لے اور بات چیت کی طرف آئے۔ انہوں نے کہا کہ ملک سے محبت کرنے والا کوئی شخص توڑ پھوڑ اور جلاؤ گھیراؤ کی بات نہیں کرسکتا، خطہ جنگ کی زد میں ہے، پاکستان انتہائی ذمہ دارانہ کردار ادا کرنے جا رہا ہے، اس وقت ملک کو اندرونی محاذ پر اتحاد اور مضبوطی کی ضرورت ہے، ملکی امن کے خلاف کسی بھی طرح کی سرگرمی کا سوچا بھی نہیں جاسکتا۔

بقیہ نمبر 30

صدر چوہدری نور افسر (مرحوم) گروپ سے منسوب پروگریسو لیبر یونین کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں پیپلز پارٹی کی حامی تنظیم تصور کیا جاتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ریفرنڈم 2026 کیلئے قومی صنعتی تعلقات کمیشن (این آئی آر سی) کی زیر نگرانی چاروں صوبوں میں اسٹیٹ بینک کے سولہ سینٹرز (پولنگ اسٹیشن) پر ووٹ ڈالے گئے جس میں آل پاکستان پروگریسو لیبر یونین نے نہایت سخت مقابلے کے بعد پانچ ووٹوں کی اکثریت سے میدان مار لیا اور اگلے دو سال کیلئے اسٹیٹ بینک آف پاکستان بینکنگ سروسز کارپوریشن میں سی بی اے منتخب ہوگئی جس کا گزشتہ روز این آئی آر سی اسلام آباد کی جانب سے انڈسٹریل ریلیشنز ایکٹ 2012 کی شق (e)(9)19 کے تحت باقاعدہ سی بی اے سرٹیفکیٹ جاری کردیا گیا ہے

بقیہ نمبر 31

ناجائز تعمیرات مسمار جبکہ تجاوزات میں استعمال ہونے والا سامان ضبط کرلیا گیا۔ آپریشن میں پیرا فورس، میونسپل کارپوریشن اور متعلقہ اداروں کی مشینری نے حصہ لیا، جبکہ بھاری مشینری کے ذریعے شاہراہوں اور عوامی گزرگاہوں پر قائم شیڈز، کھوکھے اور تھڑے مسمار کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فیصل سلیم نے کہا کہ شاہراہوں کو کشادہ اور ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کے لیے تجاوزات کے خلاف آپریشن بلاتعطل جاری رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ پیرافورس کو عوامی ریلیف کے لیے روزانہ کی بنیاد پر تجاوزات کے خلاف کارروائیاں کرنے کا ٹاسک دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 32

کی وجہ معلوم نہیں ہوسکی جبکہ واقعے میں کچھ پراسراریت پائی جاتی ہے۔ پولیس کے مطابق متوفیہ کے شوہر فرمان نے بیان دیا ہے کہ دوپہر ڈھائی سے 3 بجے کے درمیان اہلیہ نے فون کر کے طبیعت خراب ہونے سے آگاہ کیا، جس کے تقریباً آدھے گھنٹے بعد وہ گھر پہنچا تو اہلیہ جاں بحق ہوچکی تھی۔ پولیس کے مطابق نازیہ اپنی والدہ اور شوہر کے ہمراہ مذکورہ گھر میں رہائش پذیر تھی۔ واقعے کی اطلاع پر متوفیہ کی والدہ اور ماموں بھی اسپتال پہنچ گئے، جبکہ پولیس کی جانب سے مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 33

آثار قدیمہ کی سائٹ سے متعلق مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وفد نے بھنبھور کے تاریخی ورثے کے تحفظ اور آثار قدیمہ سے متعلق سرگرمیوں میں مسلسل تعاون پر ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر بھنبھور کے آثار کو محفوظ بنانے، سائٹ کی مناسب دیکھ بھال اور مستقبل میں تحقیق وتحفظ کے اقدامات پر بھی گفتگو ہوئی۔ ملاقات میں بھنبھور کو یونیسکو ورلڈ ہیریٹیج سائٹ کے طور پر پیش کرنے اور اس حوالے سے جاری ورکنگ سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔ ڈپٹی کمشنر سرمد علی بھاگت نے اٹالین آرکیالوجیکل مشن کی جانب سے بھنبھور کے تاریخی ورثے پر تحقیق اور تحفظ کے لیے کی جانے والی کوششوں کو سراہتے ہوئے متعلقہ امور میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تعاون جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی

بقیہ نمبر 34

کو باقی پاکستان سے کاٹنے اور تمام راستے بند کرنے کا کیا مطلب لیا جائے؟ صوبائی کابینہ کے اجلاس سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ تین چار دنوں سے سادہ کپڑوں میں ملبوس غنڈے ہمارے کارکنوں، تنظیمی عہدے داروں اور منتخب نمائندوں کو نشانہ بنارہے ہیں، مواصلات وتعمیرات کے وزیر شکیل خان پر قاتلانہ حملہ اور انہیں اغوا کرنے کی کوشش کی گئی مگر ناکام رہے، گزشتہ روز ہمارے وزیر آبپاشی ریاض خان کے گھر پر بھی سادہ کپڑوں میں ملبوس غنڈا گرد پہنچے، ڈی آئی خان اور دیگر اضلاع میں بھی ہمارے کارکنوں اور منتخب نمائندوں کے ساتھ یہی سلوک کیا جارہا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ مردان میں ایم این اے فضل خان کو اغوا کیا گیا، فخر جہان کے گھر پر بھی نامعلوم افراد نے دھاوا بولا، ہمارے منتخب نمائندے اور وزرا نشانے پر ہیں، اگر صوبائی کابینہ کے وزرا بھی ان غنڈا گردوں سے محفوظ نہیں تو باقی پاکستان کا کیا حال ہوگا؟ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے کہا کہ یہ لوگ عوامی طاقت سے ڈرے ہوئے ہیں، کوئی عقل رکھنے والا شخص اس طرح کے اقدامات نہیں کرتا، خیبرپختونخوا کے صوبائی کابینہ ارکان کے ساتھ ایسا سلوک ناقابل قبول ہے، کچھ دن پہلے رانا ثنا اللہ کی طرف سے خیبر پختونخوا والوں کو دہشت گرد قرار دینے کے بیانات سامنے آئے، وزیراعلیٰ پنجاب کا یہ کہنا کہ انہیں بھارت سے خطرہ نہیں بلکہ پاکستان کے باقی تین صوبوں سے خطرہ ہے، انتہائی تشویشناک بیان ہے۔ وزیراعلیٰ کے پی کے نے کہا کہ آج خیبر پختونخوا کو باقی پاکستان سے کاٹ دیا جائے گا، تمام راستے خیبر پختونخوا کے لیے بند کر دیے جائیں گے، باقی پاکستان کھلا ہوگا لیکن صرف خیبر پختونخوا سے نہ کوئی جا پائے گا نہ آ پائے گا، خیبر پختونخوا کو باقی پاکستان سے کاٹنے اور تمام راستے بند کرنے کا کیا مطلب لیا جائے؟ انہوں نے کہا کہ کیا کوئی سازش ہو رہی ہے؟ کیا مشرقی پاکستان جیسا سانحہ ریپیٹ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے؟ جو بھی سازش ہو رہی ہے اور اس کے پیچھے جو بھی لوگ ہیں انہیں واضح پیغام ہے، پاکستان ہمارا ہے، جو بھی پاکستان کو تقسیم کرنے یا خیبر پختونخوا کو پاکستان سے جدا کرنے کی سازش کرے گا اسے ہمارا واضح پیغام ہے، ہم پاکستانی تھے، ہم پاکستانی ہیں اور ان شاء اللہ پاکستانی رہیں گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سادہ کپڑوں میں ملبوس غنڈا گرد ہمارے بیوروکریسی، پولیس، ڈی سیز اور ڈی پی اوز کو ڈرا اور دھمکا رہے ہیں، بیوروکریسی، پولیس، ڈی سیز اور ڈی پی اوز کو میرا پیغام ہے، آپ نے ڈرنا نہیں ہے، اگر صوبائی حکومت آپ سے کوئی غلط کام نہیں کروا رہی تو کسی ادارے یا محکمے کے غلط احکامات نہ مانیں، یہ کسی کے باپ کا پاکستان نہیں، یہ ہم سب کا پاکستان ہے، احتجاج کرنا ہر بندے کا آئینی اور قانونی حق ہے، کہیں بھی ہماری شنوائی نہیں ہو رہی، ہمیں نہیں سنا جارہا، ایسی صورت میں آئین ہمیں پرامن احتجاج کی اجازت دیتا ہے اور ہم یہ احتجاج ہر صورت کریں گے۔ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے کہا کہ جب تک آئین میں پرامن احتجاج کا حق موجود ہے، ہم پرامن احتجاج کرتے رہیں گے، خیبر پختونخوا اور پورے پاکستان کے عوام کو پیغام ہے، گھبرانا نہیں، ڈرنا نہیں، جو جتنا بڑا ظالم ہوتا ہے وہ اتنا ہی بڑا ڈرپوک ہوتا ہے، اپنے حق اور حقیقی آزادی کے لیے کھڑا ہونا ہے، پرامن جدوجہد جاری رکھنی ہے، ان شاء اللہ بہت جلد ظلم کا دور ختم ہوگا

بقیہ نمبر 35

نے بتایا کہ پرائیویٹ حج اسکیم میں 50 ہزار نشستیں تاحال باقی ہیں اور پرائیویٹ عازمین حج واجبات کی ادائیگی پاک حج ایپ کے ذریعے مکمل کریں، کسی فرد یا کمپنی کو براہ راست ادائیگی کی ممانعت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ حج پورٹل کے ذریعے مجاز کمپنیوں کے اکاؤنٹس میں تقریباً 18 ارب روپے منتقل ہوچکے ہیں، 45 فیصد رقوم ڈیجیٹل ذرائع جبکہ 55 فیصد مینول بینک چالان کے ذریعے جمع ہوئی ہیں۔ ترجمان نے آگاہ کیا کہ حج پورٹل کے ذریعے پرائیویٹ حج اسکیم میں داخلے کی آخری تاریخ 20 نومبر مقرر ہے، حج پورٹل پر 25 مجاز کمپنیوں کے 2 ہزار سے زائد حج پیکیج دستیاب ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ پرائیویٹ عازمین حج کسی شکایت کی صورت میں حج پورٹل کی انکوائری آپشن پر رپورٹ کریں۔

بقیہ نمبر 36

سندھ نے کہا کہ وطن عزیز سے دہشت گردی کے ناسور کا خاتمہ کرنے کے لیے سیکیورٹی فورسز کے جوان اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں۔ مقامی آبادی کو محفوظ رکھنے کے لیے سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی انتہائی ناگزیر اور قابل ستائش ہے۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ آپریشن کے دوران بڑی تعداد میں اسلحہ اور بارود کی برآمدگی سے دہشت گردوں کا ایک بڑا نیٹ ورک تباہ ہوا ہے۔ انہوں نے سیکیورٹی فورسز کی کارروائی کو ملک میں امن وامان کے قیام کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا۔ وزیراعلیٰ سندھ نے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی سلامتی اور عوام کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 37

پختونخوا پولیس ایکٹ 2026 مزید تجاویز کے ساتھ کابینہ سے منظور کرلی گئی ہے۔ خیبر پختونخوا حکومت کے مجوزہ بل کے تحت وفاقی حکومت آئی جی پولیس کے لیے تین افسران کے نام صوبائی حکومت کو بھجوائے گی اور صوبائی حکومت ان میں سے ایک کا انتخاب کرے گی جبکہ موجودہ طریقہ کار میں صوبائی حکومت تین نام وفاق کو بھجوانے کی پابند تھی تاہم مجوزہ نظام اس ترتیب کو الٹ دے گا اور صوبائی حکومت کو انتخاب کا براہ راست اختیار حاصل ہوگا ہے۔ صوبائی کابینہ کے مطابق یہ سوال بھی اہم ہے کہ آیا پاکستان کے کسی دوسرے صوبے میں آئی جی کی تقرری کے لیے ایسا طریقہ کار موجود ہے یا خیبر پختونخوا میں ایک بالکل نیا ماڈل متعارف کرایا جارہا ہے جبکہ یہ طریقہ پاکستان بننے سے آج تک کسی بھی صوبے میں نہیں ہے۔ مجوزہ قانون میں ڈی ایس پی سطح پر 25 فیصد براہ راست بھرتی کی تجویز دی گئی ہے، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کو گریڈ 18 اور اس سے اوپر کے پولیس افسران کی تعیناتیوں میں براہ راست اختیار حاصل ہوگا۔ صوبائی حکومت نے مجوزہ قانون میں پولیس کی مجموعی نگرانی اور پالیسی سازی کا اختیار بڑی حد تک صوبائی حکومت کے پاس رکھنے کی تجویز کی منظوری دی ہے، وزیراعلیٰ پولیس پالیسی بورڈ کے سربراہ ہوں گے، جس کے نتیجے میں پولیس کی اعلیٰ پالیسی سازی براہ راست سیاسی انتظامیہ کے زیراثر آجائے گی، پولیس کا سالانہ صوبائی منصوبہ بھی وزیراعلیٰ کی سربراہی میں قائم پولیس پالیسی بورڈ کی منظوری سے مشروط ہوگا۔

بقیہ نمبر 38

ست محمد، محمد علی عرف بابو، گل شیر، ممتاز علی، دیدار علی، علی محمد اور مختیار شامل ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد جرائم اور غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھے گی مزید کارروائی مقامی پولیس کررہی ہے

بقیہ نمبر 39

قبول اخراجات نکال کر کیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق اصل آمدن مقررہ حد سے کم ہونے کی صورت میں کم آمدن کا ثبوت کمشنر کو دینا ہوگا، ایف بی آر نے اس حوالے سے انکم ٹیکس رولز میں نیا چیپٹر شامل کر دیا ہے، نئے قواعد پاکستان میں سوشل میڈیا سے آمدن حاصل کرنے والے رہائشی افراد پر لاگو ہوں گے، سوشل میڈیا سے حاصل ہونے والی مجموعی آمدن کا حساب ویوز اور حقیقی آمدن کی بنیاد پر ہوگا، سوشل میڈیا آمدن کا حساب فی ہزار ویوز کی آمدن کے ذریعے بھی کیا جائے گا، حقیقی طور پر ملنے والی آمدن نقدیا کسی اور شکل میں ہو تو اسے بھی حساب میں شامل کیا جائے گا۔ ایڈوانس ٹیکس ہر سہ ماہی میں ایڈوانس ٹیکس ادا کرنا ہوگا، ریٹرن میں ڈیکلریشن انکم ٹیکس ریٹرن میں الگ حصہ میں سوشل میڈیا کی آمدن ظاہر کرنی ہوگی، اگر آمدن کم بتائی تو کمشنر درست کرسکتا ہے، قانون کا اطلاق سوشل میڈیا پلیٹ فارم، سوشل میڈیا کانٹینٹ، ریمنریٹو کانٹینٹ پر ہوگا۔

بقیہ نمبر 40

نے اس طرح مسافروں سے سوالات کیے اور مسافروں کو آف لوڈ کردیا گیا۔ پی آئی اے سول ایوی ایشن اور پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی کے وہ افسران جو برطانوی امیگریشن ٹیم کے ہمراہ تھے انہوں نے واقعے کی رپورٹ اپنے اپنے اعلیٰ حکام کو ارسال کردی جبکہ امیگریشن حکام نے پاکستان سے برطانیہ جانے والی براہ راست پروازوں اور مسافروں کی امیگریشن سہولیات اور کارگو کا بھی تفصیلی جائزہ لیا۔ اس دوران ایئرپورٹ اتھارٹی، سی اے اے اور پی آئی اے حکام نے یو کے امیگریشن ٹیم کو اپنے اپنے ادارے کی جانب سے کیے گئے اقدامات سے آگاہ کیا۔ برطانوی امیگریشن ٹیم کراچی ایئرپورٹ کا بھی دورہ کرے گی پھر اس دورے کی مفصل رپورٹ اپنے ادارے کو دے گی اس رپورٹ میں جن جن خامیوں کی نشاندہی کی جائے گی ایئرلائنز سمیت دیگر ادارے انہیں دور کرنے کے پابند ہوں گے۔

بقیہ نمبر 41

مقامات پر کامیاب کارروائیاں، اسلحہ اور منشیات سمیت 02 ملزمان گرفتار کئے کارروائیاں کچھ اس طرح عمل میں لائی گئی دوران اسنیپ چیکنگ گرفتار ملزم محمد حنیف ملک کے قبضے سے بغیر لائسنس ٹی ٹی پستول بمہ میگزین گولیاں کو برآمد کرلیا گیا جبکہ ملزم عبدالصمد چھکرانی سے 2100 گرام منشیات چرس کو برآمد کیا گیا اور ملزمان کے خلاف مقدمات درج۔ اسی طرح ایس ایچ او تھانہ سی سیکشن کی حدود میں کامیاب کارروائی، اسلحہ پستول سمیت ملزم گرفتار۔ گرفتار ملزم عبدالخالق کے قبضے سے بغیر لائسنس ٹی ٹی پستول برآمد کرلیا گیا۔ ملزم کے خلاف سندھ آرمز ایکٹ تحت مقدمہ درج، ایس ایچ او تھانہ تماچانی کی دوران اسنیپ چیکنگ حدود میں کامیاب کارروائی، منشیات چرس سمیت ملزم گرفتار، گرفتار ملزم ریاض احمد لغاری کے قبضے سے 1190 گرام منشیات چرس کو برآمد کیا گیا۔ ملزم کے خلاف منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 42

ی کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ امریکہ کے عوام کو پاکستانی عوام کی جانب سے 250 یوم آزادی کی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ پاکستان کا دیرینہ دوست ہے جس نے سب سے پہلے پاکستان کو آزاد ملک تسلیم کیا۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ امریکی صدر ٹرمپ پاکستان کے وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کی صلاحیتوں کے معترف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنرل اسمبلی میں امریکی صدر ٹرمپ نے وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل سے دلی محبت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایران اور امریکہ کی جنگ میں امن کے لیے بھرپور کردار ادا کررہا ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ امید کرتے ہیں کہ پاکستان کے ثالثی کردار میں خطے میں امن قائم ہو۔ تقریب کے اختتام پر امریکی قونصل جنرل لاہور سٹیٹسن سینڈرز نے گورنر پنجاب کو امریکہ کی طرف سے یادگاری شیلڈ پیش کی۔ تقریب میں دونوں ممالک کے قومی ترانے بھی بجائے گئے۔ تقریب میں سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان، مختلف ممالک کے قونصلیٹ جنرلز، صوبائی وزرا، کاروباری شخصیات، سینئر صحافی سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 43

گوارا نہیں کرتے، کیا ایک شخص صوبے کے پانچ کروڑ عوام سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے؟ اب نہ ڈیل ہے نہ ڈھیل، ریاست اپنے عوام کے تحفظ اور امن کے لیے اقدامات کرے گی اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی،، بابر نواز نے اے این پی کی ثمر بلور اورن لیگی رہنما سعیدہ جمشید کے ہمراہ نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے مزید کہا کہ پی ٹی آئی کے بعض رہنماؤں کی جانب سے تربیلا ڈیم، وارسک ڈیم اور کرک گیس کی سپلائی بند کرنے اور ملک کو مفلوج کرنے جیسے بیانات دیئے جا رہے ہیں، جبکہ سہیل آفریدی کی جانب سے 27 ستمبر کو اسلام آباد پہنچنے اور اینٹ سے اینٹ بجانے کے بیانات بھی سامنے آئے ہیں۔ انہوں نے سوال کیا کہ ایسے بیانات کے بعد قانون کے مطابق کارروائی کرنا کیسے غلط قرار دیا جاسکتا ہے۔ بابر نواز نے کہا کہ یہ لوگ قوم کو گمراہ کرنے اور انتشار کی سیاست کرنے کی کوشش کررہے ہیں، جس سے ملک کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج بھی خیبر پختونخوا میں کوئی اچھا ہسپتال موجود نہیں، جبکہ سیکڑوں اسکول ایسے ہیں جہاں اساتذہ موجود نہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ سرکاری مشینری کے بغیر یہ عوام کو باہر نہیں نکال سکتے، انہوں نے خبردار کیا کہ اگر انتشار کی سیاست ترک نہ کی گئی تو یہ لوگ بند گلی میں داخل ہو جائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ کیا ایک شخص صوبے کے پانچ کروڑ عوام سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے؟ اگر پرامن احتجاج سیاسی جماعتوں کا حق ہے تو خیبر پختونخوا کے عوام کو بھی امن کے ساتھ زندگی گزارنے کا حق حاصل ہے، بابر نواز نے کہا کہ پہلے یہ لوگ پرامن احتجاج کی بات کرتے تھے، لیکن اب جس طرح کی باتیں کی جا رہی ہیں وہ سب کے سامنے ہیں۔ ماضی میں بھی سیاسی جماعتوں کے رہنما جیل جاتے رہے ہیں، لیکن کسی رہنما نے کارکنوں کو یہ ہدایات نہیں دیں کہ گرفتاری کی صورت میں قومی املاک کو تباہ کیا جائے۔ بابر نواز نے شفیع جان کی جانب سے خواتین کے بارے میں مبینہ نازیبا گفتگو کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ خیبر پختونخوا کی روایات نہیں ہیں، اس موقع پر اے این پی کی رہنما ثمر بلور نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں حکومت نام کی کوئی چیز نہیں، صوبے میں دہشت گردی، بدامنی، اغوا اور ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کے باعث عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ بنوں اور لکی مروت کے بچے تعلیم کے لیے گھروں سے باہر نہیں نکل سکتے جبکہ ڈاکٹرز اور نرسز اپنے مطالبات کے لیے احتجاج کریں تو ان پر لاٹھی چارج کیا جاتا ہے۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے صوبے کی دل آزاری کی ہے، سوال یہ ہے کہ یہ کیسی حکومت ہے اور کیسے لوگ ہم پر مسلط ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 26 نومبر کو اسلام آباد آنے والے کارکن آج تک جیلوں میں ہیں، حکمران اپنے بچوں کو بیرون ملک بھیج کر عوام کے بچوں کو نشانہ بنوا رہے ہیں۔ جو لوگ پہلے حکومت سے مذاکرات نہ کرنے کی بات کرتے تھے، آج وہی حکومت سے مذاکرات کے لیے بے تاب ہیں۔ ثمر بلور نے صوبائی حکومت پر کرپشن کے سنگین الزامات عائد کرتے ہوئے کہا کہ سہیل آفریدی نے صوبے میں کرپشن کا بازار گرم کر رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی کے بھائی کے پاس کوئی عہدہ نہیں لیکن اس کے باوجود وہ پورا صوبہ چلا رہے ہیں۔ صوبے میں انکا کوئی منصوبہ مکمل نہیں ہوا، جبکہ مبینہ طور پر اربوں روپے کے ٹھیکوں میں بے ضابطگیاں کی گئی ہیں۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ میاں غازی کمپنی کو بڑے ٹھیکے دیئے گئے ہیں اور اس معاملے میں وزرا اور بیوروکریٹس کے شامل ہونے کے الزامات بھی سامنے آئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبے میں جس شعبے کو دیکھیں، کرپشن کی کہانیاں سامنے آتی ہیں اور عوام کے پیسے کو بے دریغ لوٹا جا رہا ہے، پریس کانفرنس میں رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ صوبے میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے، عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے اور مبینہ مالی بے ضابطگیوں کی شفاف تحقیقات کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 44

کی ٹیم نے چھاپے مار کر نیٹ ورک سے وابستہ اہم ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق گرفتار ملزمان کے زیر استعمال موبائل فونز کو فرانزک تجزیے کے لیے بھجوادیا گیا ہے اور حاصل ہونے والے ڈیجیٹل و تکنیکی شواہد کی روشنی میں تفتیش آگے بڑھائی جا رہی ہے۔ ملزمان کے خلاف باقاعدہ قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے جبکہ نیٹ ورک کے دیگر سہولت کاروں اور ارکان کی گرفتاری کے لیے چھاپوں کا دائرہ مزید وسیع کردیا گیا ہے

بقیہ نمبر 45

ضلاع میں واپڈا کی لائن اور پولز کی تنصیب کے حوالہ سے پیش رفت سے گورنر کو آگاہ کیا گیا۔ واپڈا حکام نے بجلی ٹرانسفارمر، لائن اور دیگر سامان کی چوری اور اس حوالہ سے قانونی پیچیدگیوں سے بھی گورنر کو آگاہ کیا۔ ملاقات میں بند کورائی گرڈ اسٹیشن کے افتتاح کے حوالہ سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر کو ڈیرہ اسماعیل خان گرڈ ٹو کے حوالہ سے بھی ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔ ملاقات میں سرکل ٹریننگ سنٹر کے ڈیرہ اسماعیل خان میں قیام کو گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے انتہائی ضروری قرار دیا۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ واپڈا اہلکار عوام سے رویہ دوستانہ رکھیں ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک پہاڑ پور کے اضلاع کے غریب باسیوں کا احساس رکھا جائے اور اہلکار عوام کے ساتھ ہمدردانہ رویہ اختیار کریں۔

بقیہ نمبر 46

غیر ملکی زبانوں کے زیر اہتمام نیشنل بک فاؤنڈیشن، دوستی ویلفیئر آرگنائزیشن پشاور، سواستو لٹریری سوسائٹی اور رنڑا ادبی لکر کے اشتراک سے دو روزہ سوات بک فیئر اور مشاعرے کا انعقاد کیا گیا۔ بک فیئر 22 اور 23 ستمبر کو یونیورسٹی آف سوات میں منعقد ہوا۔ بک فیئر کا افتتاح یونیورسٹی کے رجسٹرار ڈاکٹر ارشد علی خان نے کیا، اس موقع پر شعبہ انگریزی و غیر ملکی زبانوں کے چیئرمین ڈاکٹر سید حنیف رسول بھی موجود تھے۔ بک فیئر میں یونیورسٹی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے طلبہ اور مقامی کتاب دوست افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور مختلف کتابوں میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ دوسرے روز وائس چانسلر یونیورسٹی آف سوات پروفیسر ڈاکٹر محمد قاسم نے بک اسٹالز کا دورہ کیا اور منتظمین کی کاوشوں کے ساتھ طلبہ کی مطالعے سے دلچسپی اور جوش کو سراہا۔ بعد ازاں وائس چانسلر نیو اکیڈمک بلاک کے تھیٹر ہال میں منعقدہ مشاعرے کے مہمان خصوصی تھے، جہاں ادبی شخصیات اور طلبہ نے اپنا کلام پیش کیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد قاسم نے شعبہ انگریزی و غیر ملکی زبانوں کی جانب سے طلبہ کیلئے علمی و ادبی سرگرمیوں کے انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی میں ایسی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی اور معاونت جاری رکھی جائے گی کیونکہ یہ طلبہ کی علمی، فکری اور تخلیقی نشوونما میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ بک فیئر اور مشاعرے کے چیف آرگنائزر ڈاکٹر سید حنیف رسول نے شرکا اور تمام شراکت دار اداروں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے بالخصوص نیشنل بک فاؤنڈیشن پاکستان اور دوستی ویلفیئر آرگنائزیشن پشاور کے تعاون کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ شعبہ ان سرگرمیوں کے ذریعے نوجوان نسل کو مقامی ادب، ثقافت اور فن کی اہمیت سے روشناس کرانے اور ان میں مطالعے کا شوق اجاگر کرنے کیلئے کوشاں ہے۔

بقیہ نمبر 47

ہے کہ پسرور میں درجنوں وارداتوں میں پولیس نے خطرناک ملزم شفاقت علی عرف شاکا کو گرفتار کیا تو اس ساتھی اس کو پولیس کی حراست سے چھڑوانے کے لیے پہنچ گئے تاہم پولیس اور شفاقت کے ساتھیوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلہ کے دوران شفاقت اپنے ہی ساتھیوں کی گولیوں کی زد میں آ کر ہلاک ہوگیا۔ پتا چلا ہے کہ شفاقت علی عرف شاکا کا تعلق پسرور کے علاقہ اوسائیکے ڈوگراں سے تھا اور وہ سیالکوٹ، نارووال، ظفروال اور گردونواح میں چوری، ڈکیتی، منشیات فروشی اور ناجائز اسلحہ سمیت مختلف جرائم کے 37 مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھا۔ واقعہ کے بعد پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر مزید تحقیقات شروع کردی ہیں جبکہ شفاقت کے ساتھیوں کی تلاش بھی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 48

آئی اے کے مطابق عدالت سے ضمانت قبل از گرفتاری خارج ہونے پر ملزم کو گرفتار کیا گیا، ملزم پر جعلی عمرہ ویزا اور جعلی تصدیق و دستخط کرنے کا الزام ہے۔ ترجمان کے مطابق جعلی دستاویزات کے باعث شکایت کنندہ کا خاندان سعودی عرب پہنچنے پر گرفتار ہوا، ایف آئی اے اے ایچ ٹی سی نے ملزم مبشر خان کو مقدمہ نمبر 141/2026 میں گرفتار کیا۔

بقیہ نمبر 49

سے گرفتار کرلیا گیا۔ ترجمان نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کے مطابق 17 سالہ ملزم نے مبینہ طور پر کرائم ڈراما بریکنگ بیڈ سے متاثر ہو کر گھر میں ایک لیبارٹری قائم کی، جہاں وہ اے آئی سے پوچھ کر زہر تیار کرنے کی کوشش کرتا رہا۔ ملزم نے آسٹریلیا اور اسلام آباد سے کیمیائی مواد منگوا کر زہر تیار کیا اور والد کو پہلی بار زہر دینے کی ناکام کوشش پر اے آئی سے دوبارہ رہنمائی مانگی۔ این سی سی آئی اے نے ملزم کو بیرون ملک سے ملنے والی انٹیلی جنس اطلاع پر گرفتار کرلیا، ملزم کی گرفتاری کیلئے کارروائی ڈائریکٹر این سی سی آئی اے پنجاب حسام بن اقبال کی ہدایت پر کی گئی۔

بقیہ نمبر 50

کو مبینہ طور پر 10 ہزار روپے رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا۔ اینٹی کرپشن حکام کے مطابق مدعی محمد اسماعیل سے برتھ سرٹیفکیٹ کے اجرا کے عوض مجموعی طور پر 20 ہزار روپے رشوت طلب کی گئی تھی۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج مظفرگڑھ کی اجازت سے ریڈنگ مجسٹریٹ اظہر ہمایوں کی نگرانی میں کارروائی کی گئی، جس کے دوران ملزم کو مبینہ طور پر نشان زدہ نوٹوں سمیت گرفتار کیا گیا۔ حکام کے مطابق ملزم کے خلاف تھانہ اینٹی کرپشن مظفرگڑھ میں مقدمہ نمبر 68/2026 درج کر لیا گیا ہے جبکہ مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 51

عث شپنگ کمپنیز نے گڈز ٹرانسپورٹ کو کنٹینرز کی ترسیل بند کردی اور کنٹینرز گراؤنڈ کردیئے گئے ہیں۔ گڈز ٹرانسپورٹرز کے اقدام کے بعد مختلف شہری علاقوں میں اشیائے خوردونوش اور دیگر سامان کی ترسیل میں تعطل آنے سے تاجروں اور عوام کی مشکلات بڑھنے کے خدشات پیدا ہوگئے ہیں۔

بقیہ نمبر 52

تلانہ حملہ ہوا اور انہیں اغوا کرنے کی کوشش کی گئی، کل صوبائی وزیر آب پاشی ریاض خان کے گھر پر بھی کچھ لوگ آئے تھے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ مردان میں ایم این اے فضل خان کو اغوا کیا گیا، فخر جہان کے گھر پر بھی نامعلوم افراد نے دھاوا بولا، اگر صوبائی وزرا بھی محفوظ نہیں تو باقی پاکستان کا کیا حال ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی کابینہ کے ارکان کے ساتھ ایسا سلوک ناقابل قبول ہے۔

بقیہ نمبر 53

ور پرامن بھی ہو۔ اپنے بیان میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ایک حکومتی ٹولہ ہمارے لانگ مارچ کے حوالے سے پروپیگنڈا کر رہا ہے، وہ کہہ رہے ہیں کہ ہم اداروں پر حملہ آور ہوں گے۔

بقیہ نمبر 54

نان بٹ کے ساتھی وحید کو بھی گرفتار کرلیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق ملزم وحید نے مقتولہ کے بھائی انوش کو اغوا کے بعد اپنے گھر میں رکھا تھا۔ پولیس نے ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلی جنس ذرائع کو بروئے کار لاتے ہوئے ملزم کو گرفتار کیا۔

Daily BOLAN Hub Balochistan

جمعرات 24 ستمبر 2026

روزنامہ بولان حب بلوچستان

بولان

سیکورٹی اداروں کو ڈیجیٹلائزیشن کی جانب بڑھنا ہوگا، سائرہ عطاء

سائرہ عطاء کی زیر صدارت ضلع حب اور لسبیلہ میں امن وامان وانسداد اسمگلنگ کے حوالے سے اہم اجلاس

مسافر بسوں کے ذریعے ڈیزل ونان کسٹم پیڈ اشیاء کی غیر قانونی اسمگلنگ کی روک تھام چیک پوسٹوں کی کارکردگی وٹیکنیکل سرویلنس کے ذریعے شاہراوں کو محفوظ بنانے کا فیصلہ کیا گیا

حب (نمائندہ بولان/خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کی زیر صدارت ضلع حب اور لسبیلہ میں امن وامان وانسداد اسمگلنگ کے حوالے سے اہم اجلاس لیڈا کانفرنس روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع حب لسبیلہ کے انتظامی افسران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سراج کریم بلوچ اسسٹنٹ کمشنر حب مہیم بلوچ ایس پی حب مرزا ابلال حسن اور ایف سی 147 ونگ کے میجر یحییٰ، محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ اے این ایف کے افسران شریک ہوئے کمشنر لسبیلہ ڈویژن کی زیرنگرانی منعقدہ میٹنگ میں لا اینڈ آرڈر کی صورتحال وسندھ بلوچستان سرحدی پٹی پر انڈین چھالیہ ونان کسٹم اشیاء کی اسمگلنگ روٹس کیخلاف (بقیہ نمبر 16 صفحہ 7پر)

حب۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا انسداد اسمگلنگ کے حوالے سے سیکورٹی اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

مین آرسی ڈی روڈ گڈانی موڑ موسیٰ ہوٹل کے قریب کوچ اور ٹریلر میں تصادم ہوا

ابتدائی طبی امداد دینے کے مذید علاج کے لیئے کراچی منتقل کر دیا گیا جبکہ پولیس نے واقعہ کے حوالے سے مذید تحقیقات شروع کردی

حب (نمائندہ بولان) مین آرسی ڈی روڈ پر ٹریفک حادثہ ایک شخص زخمی اس حوالے سے گڈانی پولیس کے مطابق مین آرسی ڈی روڈ گڈانی موڑ موسیٰ ہوٹل کے قریب کوچ اور ٹریلر میں (بقیہ 17 صفحہ 7پر)

ایس پی حب مرزا ابلال حسن کی کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کو بریفنگ

جرائم پیشہ عناصر، منشیات فروشوں اور اسمگلنگ میں ملوث عناصر کے خلاف مسلسل کارروائیاں جاری ہیں

حب (نمائندہ بولان) ایس پی حب مرزا ابلال حسن کی کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کو بریفنگ، ضلع حب پولیس کی جانب سے امن وامان کے قیام، جرائم پیشہ عناصر، منشیات فروشوں اور اسمگلنگ میں ملوث عناصر کے خلاف مسلسل کارروائیاں جاری ہیں پولیس نے مختلف کارروائیوں کے (بقیہ 18 صفحہ 7پر)

اسلام آباد ضرور آئیں گے، پرامن ماحول برقرار رکھا جائے گا، بیرسٹر گوہر

لانگ مارچ اسلام آباد پہنچے گا، سٹال لگے ہوں گے، میلے کا سماں ہوگا

مفاہمت کا راستہ کبھی بند نہیں کیا، 27 ستمبر کو لانگ مارچ ضرور ہوگا، اور مکمل طور پر پرامن ہوگا، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ہم اسلام آباد کی طرف ضرور آئیں گے۔ اپنے بیان میں پی ٹی آئی چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا کہ مفاہمت کا راستہ کبھی بند نہیں کیا، 27 ستمبر کو لانگ مارچ ضرور ہوگا، اور مکمل طور پر پرامن ہوگا۔ انہوں نے واضح کہا کہ ہم اسلام آباد کی طرف آئیں گے، اور پرامن ماحول کو برقرار رکھا جائے گا، لانگ مارچ ا (بقیہ 19 صفحہ 7پر)

پنجاب: 144 دفعہ نافذ، فوج و رینجرز کی تعیناتی کیلئے وفاق کو خط لکھ دیا، پشاور موٹر وے ایم ون بند

عوامی مقامات، شاہراہوں اور کھلی جگہوں پر 5 یا زائد افراد کے اجتماع، جلوس یا اکٹھ پر مکمل پابندی؛ ہتھیار لے جانے اور نمائش پر بھی پابندی عائد

غیر قانونی اجتماعات میں شرکت کیلئے اکسانے یا ترغیب دینے پر پابندی عائد تاہم شادی، نماز جنازہ، تدفین، مساجد و دیگر عبادت گاہیں پابندی سے مستثنیٰ

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب نے صوبہ بھر میں عوامی امن، سکون اور جان و مال کو لاحق سنگین خطرات کے پیش نظر 5 اکتوبر تک دفعہ 144 نافذ کر دی۔ محکمہ داخلہ پنجاب کے نوٹیفکیشن کے مطابق عوامی مقامات، شاہراہوں اور کھلی جگہوں پر 5 یا زائد افراد کے اجتماع، جلوس یا اکٹھ (بقیہ 20 صفحہ 7پر)

کمشنر کوئٹہ ذیشان لاشاری اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

میر رحمت صالح بلوچ: بلوچستان کی تمام ثقافتوں و زبانوں کا احترام ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے

بلوچستان صدیوں سے مختلف اقوام، زبانوں، ثقافتوں، تہذیبوں اور روایات کا مسکن رہا ہے

صوبے میں آباد تمام اقوام نے اپنی اپنی ثقافتی روایات اور تہذیبی اقدار کے ذریعے بلوچستان کے اجتماعی تشخص کو مزید خوبصورت اور مضبوط بنایا ہے

کوئٹہ (بولان بیورو) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما وبلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتون قوم کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان صدیوں سے مختلف اقوام، زبانوں، ثقافتوں، تہذیبوں اور روایات کا مسکن رہا ہے۔ صوبے میں آباد تمام اقوام نے اپنی اپنی ثقافتی روایات اور تہذیبی اقدار کے ذریعے بلوچستان کے اجتماعی تشخص کو مزید خوبصورت اور مضبوط بنایا ہے۔ اپنے بیان میں میر رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ پشتون کلچر ڈے پشتون قوم کی شاندار تاریخ، ثقافتی ورثے، زبان، ادب، فنون، روایتی اقدار اور سماجی روایات کو اجاگر کرنے کا ایک اہم دن ہے۔ (بقیہ 22 صفحہ 7پر)

8 ممالک کی آبنائے ہرمز میں سمندری راستوں کی رکاوٹ کی مذمت، ناقابل قبول قرار

سیئول (این این آئی) جنوبی کوریا، برطانیہ، فرانس اور دیگر ممالک نے آبنائے ہرمز میں سمندری راستوں کی رکاوٹ کو (بقیہ 23 صفحہ 7پر)

گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی کا لیڈی ریڈنگ ہسپتال پشاور کا دورہ

ہسپتال میں زیر علاج کوہاٹ پولیس لائن حملہ کے زخمیوں کی عیادت کی

پشاور (این این آئی) گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی نے لیڈی ریڈنگ ہسپتال پشاور کا دورہ کیا۔ انہوں نے ہسپتال میں زیر علاج کوہاٹ پولیس لائن حملہ کے زخمیوں کی عیادت کی۔ گورنر کو ہسپتال انتظامیہ کی جانب سے زخمیوں کے علاج کے حوالہ سے بریفنگ دی گئی۔ گورنر نے کہا کہ کوہاٹ پولیس لائن حملہ کے موقع پر سیکورٹی فورسز نے مثالی کردار ادا کیا۔ انہوں نے زخمیوں کو ہرممکن طبی امداد کی فراہمی (بقیہ 24 صفحہ 7پر)

خیبرپختونخوا، متعدد اراکین اسمبلی کی سیکیورٹی واپس، آئی جی اور محکمہ داخلہ کو اراکان خط

اراکان اسمبلی سے سیکیورٹی واپس لینے پر تشویش ہے اور اراکان اسمبلی سے سیکیورٹی واپس لینا قانون کی خلاف ورزی ہے، مراسلہ

پشاور (این این آئی) خیبرپختونخوا اسمبلی کے متعدد ارکان سے سیکیورٹی واپس لے لی گئی ہے جبکہ اراکان اسمبلی نے اس معاملے پر انسپکٹر جنرل پولیس اور محکمہ داخلہ کو باقاعدہ مراسلہ بھی بھیج دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا میں اراکان اسمبلی سے پولیس کی سیکیورٹی واپس لینے کا عمل شروع (بقیہ 21 صفحہ 7پر)

حب۔ ایس پی حب مرزا ابلال حسن کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کو امن وامان کے قیام، جرائم پیشہ عناصر اور منشیات فروشوں کے خلاف کی جانیوالی کارروائیوں سے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں

مصطفیٰ کمال، خالد مقبول عوام کو جوابدہ ہیں، سعدیہ جاوید

ایم کیوایم رہنماؤں کو باتیں بری لگتی ہیں تو مستعفی ہوجائیں

کراچی میں ریفرنڈم کے نام پر عوام نے انہیں مسترد کردیا، ترجمان سندھ حکومت

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت کی ترجمان سعدیہ جاوید نے ایم کیوایم پاکستان کے رہنماؤں کے بیانات پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ مصطفیٰ کمال اور خالد مقبول صدیقی عوام کو جوابدہ ہیں، پہلے ایم کیوایم کے رہنما بتائیں کہ ان کی تعداد کتنی ہے۔ سعدیہ جاوید نے کہا کہ اگر ایم کیوایم کے رہنماؤں کو باتیں بری لگتی ہیں تو وہ مستعفی ہوجائیں، ریفرنڈم کے نام پر کراچی کے عوام نے انہیں مسترد کردیا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ مصطفیٰ کمال کے بطور میئر کراچی دور کا فرانزک آڈٹ کرایا جائے۔ ترجمان (بقیہ 25 صفحہ 7پر)

رکن قومی اسمبلی شاہد خٹک نے اپوزیشن جماعتوں کو اسمبلیوں سے مستعفی ہوجانے کی تجویز دے دی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رکن قومی اسمبلی شاہد خٹک نے اپوزیشن جماعتوں کو اسمبلیوں سے مستعفی ہوجانے کی تجویز دے دی۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے شاہد خٹک نے کہا کہ اراکین پارلیمنٹ کو اٹھا کر بے توقیری کی جارہی ہے اور خیبر (بقیہ نمبر 27 صفحہ 7پر)

15 اکتوبر سے نئے مشین ریڈ ایبل پاسپورٹس جاری نہ کرنے کا فیصلہ

مشین ریڈ ایبل پاسپورٹس کی جگہ صرف ای پاسپورٹس جاری کئے جائیں گے

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹوریٹ جنرل امیگریشن اینڈ پاسپورٹس نے 15 اکتوبر سے نئے مشین ریڈ ایبل پاسپورٹس جاری نہ کرنے کا فیصلہ کرلیا، مشین ریڈ ایبل پاسپورٹس کی جگہ صرف ای پاسپورٹس جاری کئے جائیں گے۔ تفصیلات کے مطابق 15 اکتوبر 2026 سے قبل نئے مشین ر (بقیہ 26 صفحہ 7پر)

اوکاڑہ میں مسافر بس اور موٹر سائیکل میں تصادم سے 2 افراد جاں بحق، 4 زخمی

اوکاڑہ (این این آئی) پنجاب کے شہر اوکاڑہ میں مسافر بس نے موٹر سائیکل سواروں کو کچل دیا، دو افراد جاں بحق، 4 افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق بھومن شاہ کے قر (بقیہ 28 صفحہ 7پر)

نصیرآباد، کمشنر صلاح الدین نورزئی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پرامن احتجاج ہمارا حق ہے، یہ کسی کے باپ کا نہیں ہم سب کا پاکستان ہے، وزیراعلیٰ کے پی

سادہ لباس افراد ہمیں دھمکا رہے ہیں، بیوروکریسی، پولیس، ڈی سیز اور ڈی پی اوز کسی ادارے یا محکمے کے غلط احکامات نہ مانیں

خیبرپختونخوا کو باقی پاکستان سے کاٹنے اور تمام راستے بند کرنے کا کیا مطلب لیا جائے؟ سہیل آفریدی کا صوبائی کابینہ سے خطاب

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ سادہ لباس افراد ہماری بیوروکریسی، پولیس، ڈی سیز اور ڈی پی اوز کو ڈرا اور دھمکا رہے ہیں، ہماری سنوائی نہیں ہورہی جس پر پرامن احتجاج کرنا ہمارا آئینی وقانونی حق ہے یہ کسی کے باپ کا نہیں ہم سب کا پاکستان ہے، خیبر پختونخوا (بقیہ 34 صفحہ 7پر)

ہر مسئلے کا حل بات چیت اور ڈائیلاگ میں ہی ہے، عبدالعلیم

تمام سیاسی جماعتیں بات چیت کے ذریعے تمام مسائل کا حل نکالیں، موجودہ حالات میں ملک کسی احتجاج اور انتشار کا متحمل نہیں ہوسکتا، وفاقی وزیر

ملک سے محبت کرنے والا کوئی شخص توڑ پھوڑ اور جلا گھیرا کی بات نہیں کرسکتا، خطہ جنگ کی زد میں ہے، پاکستان انتہائی ذمہ دارانہ کردار ادا کرنے جا رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات و صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کے ذمہ دارانہ اور حب الوطنی کے طرز عمل کو سراہتے ہیں، ہر مسئلے کا حل بات چیت اور ڈائیلاگ میں ہی ہے۔ جماعت اسلامی کے لانگ مارچ موخر کرنے پر وفاقی وزیر مواصلا (بقیہ نمبر 29 صفحہ 7پر)

اسٹیٹ بینک: آل پاکستان پروگریسو لیبر یونین نے میدان مار لیا

رواں ماہ ملک کے تیسرے بڑے ریفرنڈم میں پیپلز پارٹی کی حامی تنظیم کی مسلسل تیسری کامیابی

پیپلز لیبر بیورو کی جانب سے فاتح یونین کے صدر افضل خٹک اور ان کی ٹیم کو مبارک باد

اسلام آباد (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں اجتماعی سوداکاری ایجنٹ (سی بی اے) کے تعین کیلئے ہونیوالے ملک گیر ریفرنڈم 2026 میں آل پاکستان پروگریسو لیبر یونین (انتخابی نشان مشعل) نے جنرل سیکرٹری افضل خٹک کی قیادت میں سخت مقابلے کے بعد تیسری بار میدان مار لیا اس سے قبل 2019 اور 2021 کے ریفرنڈم میں بھی پروگریسو لیبر یونین فتح یاب رہی تھی، اپنے بانی (بقیہ 30 صفحہ 7پر)

ایک حکومتی ٹولہ ہمارے لانگ مارچ کے حوالے سے پروپیگنڈا کررہا ہے، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ چاہتے ہیں کہ ہمارا مارچ بھی ہو ا (بقیہ 53 صفحہ 7پر)

صوبائی وزیر شکیل خان پر قاتلانہ حملہ، اغوا کرنے کی کوشش کی گئی، سہیل آفریدی

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کارکنوں، عہدے داروں اور کابینہ ارکان کو نشانہ بنایا جارہا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا کہ صوبائی وزیر شکیل خان پر قا (بقیہ نمبر 52 صفحہ 7پر)

کراچی، پاپوش نگر میں گھر سے 19 سالہ خاتون کی لاش برآمد، واقعے میں پراسراریت

چند ماہ قبل شادی ہوئی تھی، شوہر کے مطابق طبیعت خراب ہونے کی اطلاع پر گھر پہنچا تو اہلیہ جاں بحق ہوچکی تھی، پولیس

کراچی (این این آئی) پاپوش نگر چاندنی چوک کچی آبادی میں گھر سے 19 سالہ خاتون کی لاش برآمد ہوئی، پولیس نے واقعے میں پراسراریت کا شبہ ظاہر کرتے ہوئے تحقیقات شروع کردی۔ پولیس کے مطابق متوفیہ کی شناخت 19 سالہ نازیہ زوجہ فرمان کے نام سے ہوئی ہے، جس کی چند ماہ قبل ہی شادی ہوئی تھی۔ لاش کو عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا جہاں پوسٹ مارٹم کرایا جارہا ہے، رپورٹ آنے کے بعد موت کی وجہ واضح ہوسکے گی۔ ایس ایچ او پاپوش نگر شوکت کے مطابق فوری طور پر خاتون کی ہلاکت (بقیہ 32 صفحہ 7پر)

اٹالین آثارِ قدیمہ کے ماہرین کی ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ سے ملاقات

بھنبھور کی تحفظ و بحالی اور یونیسکو ورلڈ ہیریٹیج سائٹ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) اٹالین آثارِ قدیمہ کے ماہرین کی ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ سے ملاقات، بھنبھور کی تحفظ و بحالی اور یونیسکو ورلڈ ہیریٹیج سائٹ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال۔ اٹالین آرکیالوجیکل مشن اِن پاکستان کے سربراہ پروفیسر ڈاکٹر لوکا ماریا اولیویاری اور ڈاکٹر الیساندرو تِلیا پر مشتمل اٹالین وفد نے ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ سرمد علی بھاگت سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران اٹالین وفد نے بھنبھور کے تاریخی آثارِ قدیمہ کے مقام پر جاری ایکسکیویشن) کھدائی (کے کام، قدیم ورثے کے تحفظ و بحالی اور (بقیہ 33 صفحہ 7پر)

وزارت مذہبی امور کے نوٹس کے بعد پرائیویٹ حج بکنگ میں تیزی

پرائیویٹ حج اسکیم میں 50 ہزار نشستیں تاحال باقی ہیں، ترجمان وفاقی وزارت مذہبی امور

45 فیصد رقوم ڈیجیٹل ذرائع جبکہ 55 فیصد مینول بینک چالان کے ذریعے جمع ہوئی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزارت مذہبی امور کے مانیٹرنگ سیکشن کی جانب نوٹس لیے جانے کے بعد پرائیویٹ حج بکنگ میں تیزی آگئی ہے۔ وفاقی وزارت مذہبی امور کے ترجمان نے بتایا کہ مانیٹرنگ سیکشن کے نوٹس لینے کے بعد پرائیویٹ حج بکنگ میں تیزی آگئی ہے اور پاک حج ایپ کے ذریعے موصول درخواستوں کی تعداد 21 ہزار 547 ہوچکی ہے۔ ترجمان (بقیہ 35 صفحہ 7پر)

راولپنڈی، صبا قتل کیس میں اہم پیشرفت، مرکزی ملزم عدنان بٹ کا ساتھی وحید گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) رتہ امرال پولیس نے مقتولہ صبا اور اس کے بھائی انوش کے اغوا کے مقدمے میں مرکزی ملزم عد (بقیہ 54 صفحہ 7پر)

ڈیرہ غازی خان، سینٹرل جیل میں سزائے موت کے قیدی کا ماہر نفسیات لیڈی ڈاکٹر پر حملہ

ڈیرہ غازی خان (این این آئی) ڈیرہ غازی خان سنٹرل جیل میں سزائے موت کے قیدی نے ماہر نفسیات خاتون ڈاکٹر پر حملہ کر دیا جس سے لیڈی ڈاکٹر معمولی زخمی ہوگئیں، سپرنٹنڈنٹ جیل کو معطل کر دیا گیا۔

شعبان آپریشن میں 13 دہشت گرد ہلاک، مراد علی شاہ کا سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین

دہشت گردی کے خاتمے کیلئے فورسز جانوں کا نذرانہ پیش کررہی ہیں، بروقت کارروائی سے بڑا نیٹ ورک تباہ ہوا، وزیراعلیٰ سندھ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کوئٹہ کے علاقے شعبان میں کامیاب سیکورٹی آپریشن پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے آپریشن کے دوران 13 دہشت گردوں کی ہلاکت پر فورسز کی بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا ہے۔ ایک بیان میں وزیراعلیٰ (بقیہ 36 صفحہ 7پر)

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کے ہمراہ قبائلی وفد کا گروپ فوٹو

گڈز ٹرانسپورٹرز نے کراچی سے اسلام آباد اشیائے خورونوش سمیت دیگر سامان کی ترسیل بند کردی

لاہور (این این آئی) اسلام آباد اور پنجاب میں کنٹینرز کی پکڑ دھکڑ کے بعد گڈز ٹرانسپورٹرز ایسوسی ایشن کی سپریم کونسل نے کراچی سے اسلام آباد اشیائے خورونوش سمیت دیگر سامان کی ترسیل بند کردی ہے۔ ترجمان گڈز ٹرانسپورٹرز ایسوسی ایشن سپریم کونسل نے کہا کہ کراچی سے اسلام آباد کے لیے اشیائے خورونوش سمیت دیگر سامان کی سپلائی معطل کردی ہے۔ دوسری جانب اسلام آباد اور پنجاب میں کنٹینرز کی پکڑ دھکڑ کے با (بقیہ 51 صفحہ 7پر)

خیبرپختونخوا مجوزہ پولیس ایکٹ 2026 کے اہم نکات سامنے آ گئے

وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کو گریڈ 18 اور اس سے اوپر کے پولیس افسران کی تعیناتیوں میں براہ راست اختیار حاصل ہوگا، تجویز

خیبرپختونخوا حکومت کے مجوزہ بل کے تحت وفاقی حکومت آئی جی پولیس کے لیے تین افسران کے نام صوبائی حکومت کو بھجوائے گی

پشاور (این این آئی) خیبرپختونخوا کی حکومت نے انسپکٹر جنرل (آئی جی) پولیس کی تعیناتی کا طریقہ کار تبدیل کرنے کا فیصلہ کرلیا اور صوبائی کابینہ کے اجلاس میں خیبرپختونخوا پولیس ایکٹ 2026 میں نئی تجاویز شامل کرنے کی منظوری دے دی گئی ہے۔ خیبرپختونخوا کے زیراطلاعات شفیع جان نے بتایا کہ وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی کی سربراہی میں صوبائی کابینہ کا 59 واں اجلاس ہوا، جس میں خیبرپختونخوا پولیس ایکٹ سے متعلق ذیلی کمیٹی کی رپورٹ کابینہ کو پیش کی گئی، ذیلی کمیٹی کی رپورٹ خیبرپختونخوا پولیس حکام کی مشاورت سے تیار کی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ذیلی کمیٹی کی مرتب کردہ رپورٹ کی روشنی میں خیبر (بقیہ 37 صفحہ 7پر)

ضلعی انتظامیہ نے تجاوزات مافیا کے خلاف گھیرا مزید تنگ

چوک کمہار نوالہ، ایم اے جناح روڈ اور ننگانہ چوک پر گرینڈ تجاوزات آپریشن کیا

ملتان (نمائندہ بولان) ضلعی انتظامیہ نے تجاوزات مافیا کے خلاف گھیرا مزید تنگ کرتے ہوئے چوک کمہار نوالہ، ایم اے جناح روڈ اور ننگانہ چوک پر گرینڈ تجاوزات آپریشن کیا۔ ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فیصل سلیم کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی مکرم سلطان کی سربراہی میں کارروائی کے دوران (بقیہ 31 صفحہ 7پر)

نصیرآباد، ڈپٹی کمشنر وریندر لعل اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اوستہ محمد پولیس کی کارروائی جوئے کے اڈے پر چھاپہ، 7 ملزمان گرفتار داؤ پر لگی رقم برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد جرائم اور غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھے گی

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستہ محمد پولیس کی کارروائی کی بڑی کارروائی جوئے کے اڈے پر چھاپہ، 7 ملزمان گرفتار داؤ پر لگی رقم برآمد تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستہ محمد، حافظ معاذ الرحمٰن کی ہدایات پر ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد محمد داد کھوسہ کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ سٹی اوستہ محمد، ندیم احمد بہرانی نے انچارج سی آئی اے اسٹاف کرم حسین ببر، انچارج 15 مددگار شاہنواز کھوسہ اور انچارج اینٹی نارکوٹکس سیل محمد اسلم رند کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے جوئے کے اڈے پر چھاپہ مار کر 7 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے 19,500 روپے نقدی اور 52 تاش کے پتے برآمد کرلیے گئے۔ گرفتار ملزمان میں دو (بقیہ 38 صفحہ 7پر)

بہاولپور، اے آئی سے طریقہ پوچھ کر باپ کو زہر دینے والا نوجوان گرفتار

بہاولپور (این این آئی) آرٹیفیشل انٹیلی جنس سے زہر دینے کا طریقہ پوچھ کر باپ کو زہر دینے والے طالب علم کو بہاولپور (بقیہ نمبر 49 صفحہ 7پر)

جعلی عمرہ ویزا اور دستاویزات کیس، پی آئی اے ملازم گرفتار

ملتان (این این آئی) ایف آئی اے ملتان کی کارروائی، پی آئی اے ملازم مبشر خان کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان ایف (بقیہ 48 صفحہ 7پر)

سوشل میڈیا سے آمدن کمانے والوں کیلئے ٹیکس کا نیا طریقہ کار جاری

اصل آمدن مقررہ حد سے کم ہونے کی صورت میں کم آمدن کا ثبوت کمشنر کو دینا ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر نے سوشل میڈیا سے آمدن کمانے والوں کیلئے ٹیکس کا خصوصی طریقہ متعارف کرا دیا ہے، ٹیکس کیلئے سوشل میڈیا آمدن میں سے اخراجات کی زیادہ سے زیادہ 30 فیصد تک کٹوتی ہو گی، یعنی کم ازکم قابل ٹیکس آمدن کا حساب مجموعی آمدن میں سے قابل (بقیہ 39 صفحہ 7پر)

برطانوی ٹیم کی اسلام آباد اور لاہور ایئرپورٹس آمد، ویزا کے باوجود کئی مسافر آف لوڈ کرادیے

سوالات کے تسلی بخش جوابات نہ ملنے پر مسافروں کو آف لوڈ کیا گیا، یہ اپنی نوعیت کا پہلا واقعہ ہے

لاہور (این این آئی) برطانوی امیگریشن ٹیم اپنے دورہ پاکستان میں اسلام آباد اور لاہور ایئرپورٹس پہنچی، برطانیہ جانے والے مسافروں سے سوالات کیے اور مطمئن نہ ہونے پر کئی مسافروں کو آف لوڈ کرادیا۔ سول ایوی ایشن ذرائع کے مطابق برطانیہ کی امیگریشن ٹیم کے ہمراہ برطانوی سفارت خانے کے کچھ اعلیٰ افسران بھی تھے جنہوں نے پی آئی اے کی پرواز پی کے 757 کے مسافروں کی دوران چیک ان تمام مراحل کا جائزہ لیا۔ اس دوران ٹیم نے مسافر علی عمران سمیت دیگر مسافروں سے ازخود سوالات کیے اور جن مسافر کے جوابات سے مطمئن نہ ہوئے انہیں آف لوڈ کردیا گیا۔ یہ پہلا واقعہ ہے کہ کسی غیر ملکی ٹیم (بقیہ 40 صفحہ 7پر)

مظفرگڑھ، برتھ سرٹیفکیٹ کے اجرا کے لیے رشوت لینے والا یونین کونسل سیکرٹری گرفتار

مظفرگڑھ (این این آئی) اینٹی کرپشن مظفرگڑھ نے کارروائی کرتے ہوئے یونین کونسل شریف چھجڑا کے سیکرٹری غلام سرور (بقیہ نمبر 50 صفحہ 7پر)

جرائم پیشہ عناصر اور منشیات فروش قانون کی گرفت میں

04 ملزمان گرفتار، 02 عدد ٹی ٹی پستول اور 3290 گرام منشیات چرس برآمد

روہڑی (رپورٹ اسلم سومرو) ترجمان سکھر پولیس کے جاری بیان کے مطابق ایس ایس پی سکھر احمد چوہدری PSP,QPM کی ہدایت پہ سکھر پولیس کا جرائم پیشہ افراد سمیت سماجی برائیوں میں ملوث کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے گزشتہ روز ایس ایچ او تھانہ ایئرپورٹ کی حدود کے مختلف (بقیہ 41 صفحہ 7پر)

سیالکوٹ، پولیس حراست میں خطرناک ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک

سیالکوٹ (این این آئی) پولیس حراست میں خطرناک ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گیا۔ بتایا گیا (بقیہ 47 صفحہ 7پر)

میر علی حسن زہری کی ہدایت پر گل حسن محمد حسنی کا دورہ چرچ، بڑے چرچ کے لیے ایک لاکھ روپے جبکہ دیگر چرچز کے لیے 50 50 ہزار روپے دینے کا اعلان

آج خیبرپختونخوا کرپشن کا گڑھ بن چکا ہے، بابر نواز

صوبے کے ہسپتالوں کو مبینہ طور پر لیبارٹری بنا دیا گیا ہے جبکہ صوبے کے ہسپتالوں کو شوکت خانم کے ساتھ منسلک کردیا گیا ہے

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی بابر نواز نے کہا ہے کہ آج خیبر پختونخوا کرپشن کا گڑھ بن چکا ہے، صوبے کے ہسپتالوں کو مبینہ طور پر لیبارٹری بنا دیا گیا ہے جبکہ صوبے کے ہسپتالوں کو شوکت خانم کے ساتھ منسلک کردیا گیا ہے، صوبے میں جس شعبے کو دیکھیں، کرپشن کی کہانیاں سامنے آتی ہیں اور عوام کے پیسے کو بے دریغ لوٹا جارہا ہے، پاک فوج کے نوجوان ملکی سلامتی کی جنگ لڑ رہے ہیں، مگر پی ٹی آئی کی سیاسی رہنما ان کے پاس جانا اور ان کے جنازوں میں شرکت کرنا بھی (بقیہ 43 صفحہ 7پر)

امریکی صدر ٹرمپ پاکستان کے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی صلاحیتوں کے معترف ہیں، گورنر پنجاب

پاکستان ایران اور امریکہ کی جنگ میں امن کے لیے بھرپور کردار ادا کررہا ہے، سردار سلیم حیدر خان کا خطاب

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے مقامی ہوٹل لاہور میں امریکی قونصل جنرل لاہور سٹیفن سینڈرز کی جانب سے منعقدہ امریکہ کی 250 ویں یوم آزاد (بقیہ نمبر 42 صفحہ 7پر)

یونیورسٹی آف سوات میں دوروزہ بک فیئر اور مشاعرے کا انعقاد

سوات (این این آئی) یونیورسٹی آف سوات کے شعبہ انگریزی و (بقیہ 46 صفحہ 7پر)

رکن قومی اسمبلی بابر نواز نے اے این پی کی ثمر بلور اور ن لیگی رہنما سعیدہ جمشید کے ہمراہ نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کررہے ہیں

ایم ڈی کیٹ میں نمبرز بڑھوانے کا جھانسہ دینے والے گروہ کے مرکزی ملزمان گرفتار

گرفتار ملزمان کے زیراستعمال موبائل فونز کو فرانزک تجزیے کے لیے بھجوا دیا گیا، ایف آئی اے

پشاور (این این آئی) فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی کمپوزٹ سرکل نے مختلف مقامات پر آپریشن کے دوران ایم ڈی کیٹ امتحان میں نمبرز بڑھوانے کا جھانسہ دے کر طلبہ اور والدین سے کروڑوں روپے بٹورنے والے منظم گروہ کے مرکزی ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ڈائریکٹر ایف آئی اے خیبر پختونخوا محمد اعجاز خان کی خصوصی ہدایت پر کارروائی کرتے ہوئے ایف آئی اے (بقیہ نمبر 44 صفحہ 7پر)

میر علی حسن زہری کی ہدایت پر گل حسن محمد حسنی کا دورہ چرچ

چرچ کی انتظامیہ نے گل حسن محمد حسنی کا والہانہ استقبال کیا اور انہیں چرچ کی سروسز اور مسائل سے روشناس کرایا گیا

میر علی حسن زہری کی ہدایت پر اس بڑے چرچ کے لیے ایک لاکھ روپے جبکہ دیگر چرچز کے لیے پچاس پچاس ہزار روپے دینے کا اعلان کرتا ہوں، گل حسن محمد حسنی

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر سابق صوبائی وزیر میر علی حسن زہری کی ہدایت پر میونسپل کارپوریشن حب کے چیئرمین گل حسن محمد حسنی نے حب کے بڑے چرچ کا دورہ کیا اور چرچ کے مسائل معلوم کیے اس موقع پر چرچ کی انتظامیہ نے گل حسن محمد حسنی کا والہانہ استقبال کیا اور انہیں چرچ کی سروسز اور مسائل سے روشناس کرایا گیا میونسپل کارپوریشن حب کے چیئرمین چیئرمین گل حسن محمد حسنی نے چرچ انتظامیہ کے افراد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں آج یہاں میر علی حسن زہری کی ہدایت پر آیا ہوں اور میر صاحب کی ہدایت پر اس بڑے چرچ کے لیے ایک لاکھ روپے جبکہ دیگر چرچز کے لیے پچاس پچاس ہزار روپے دینے کا اعلان کرتا ہوں جس پر چرچ انتظامیہ نے میر علی حسن زہری اور گل حسن محمد حسنی کا دلی شکریہ ادا کیا

پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر میر علی حسن زہری کی ہدایت پر میونسپل کارپوریشن حب کے چیئرمین گل حسن محمد حسنی چرچ کا دورہ کرنے کے بعد ایک لاکھ روپے امداد دے رہے ہیں اس موقع پر اقلیتی کونسلر مول چند لاسی سرفراز سومرو، علی خان قلندرانی ودیگر موجود ہیں

گورنر خیبرپختونخوا کا پیسکو حکام سے بجلی مسائل پر تبادلہ خیال

ملاقات میں صوبہ کے جنوبی اضلاع میں واپڈا کی لائن اور پولز کی تنصیب کے حوالہ سے پیش رفت سے گورنر کو آگاہ کیا

ملاقات میں سرکل ٹریننگ سنٹر کے ڈیرہ اسماعیل خان میں قیام کو گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی نے انتہائی ضروری قرار دیا

پشاور (این این آئی) گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی سے پیسکو چیف اختر حمید خان اور ہیڈ آف گرڈ اسٹیشن حبیب الرحمان خان نے ملاقات کی۔ گورنر ہاؤس پشاور میں ہونے والی ملاقات میں صوبہ میں پیسکو اور گرڈ اسٹیشنز سے متعلقہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں صوبہ کے جنوبی ا (بقیہ 45 صفحہ 7پر)

نصیرآباد، کمشنر صلاح الدین نورزئی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں